مور میجک
آف دی
منیمم ڈوز
مترجمین
ڈاکٹر جاوید اختر بٹ
چوہدری محمد یوسف
DR DOROTHY SHEPHERD
ORE MAGIC of
THE MINIMUM
DOSE
Further case histories by a
orld famous homoeopathic doctor
شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
ناشران و تاجران کتب


ہو میو پیتھک ڈاکٹر ظفر اقبال

Scanned by CamScanner

فہرست

(I)

ہومیو پیتھی کے فوائد

ہومیو پیتھی ایسی حیران کن چیز ہے کہ شاید ہی آپ کو کبھی مصیبت میں اکیلا چھوڑے- آپ متمدن دنیا کی آسائشوں، ہسپتال اور ڈاکٹر کی رسائی اور پہنچ سے کتنا ہی دور ہوں یہ طریقہ علاج آپ کے لئے صحت اور آرام کا ذریعہ ہوگا- اگرچہ ایلوپیتھی میں سرجری کا بہت بڑا سٹاف، جراثیم کش ادویات اور جراثیم سے پاک سازوسامان میسر ہیں- اس کے باوجود ہومیو علاج کو ایلوپیتھی پر برتری حاصل ہے- بات واضح کرنے کے لئے میں ایک ذاتی تجربہ بیان کرنا چاہتی ہوں۔

میں سوئزرلینڈ کے پہاڑوں پر شفاف فضا میں موسم گرما کی تعطیلات گذار رہی تھی- ایک روز دن بھر کی پُرلطف تفریح کے بعد نیند کے مزے لے رہی تھی، رات کے درمیانی حصے میں دائیں پاؤں میں ناقابل برداشت درد نے مجھے جگا دیا۔ بقیہ رات نہایت بے چینی اور تکلیف میں گزری۔ اگلی صبح پاؤں کا معائنہ کرنے پر معلوم ہوا کہ پاؤں کی ایک انگلی میں سڑاند پیدا ہوگئی تھی- یہ سڑاند پورے پاؤں میں پھیل گیا تھا۔ پاؤں اور ٹخنہ بری طرح متورم ہوگیا- سوزش زدہ حصہ باقی جسم پر بہت نمایاں تھا- متاثرہ حصہ بہت حساس تھا- بوٹ پہننا ممکن نہ رہا، یہاں تک کہ پٹی کرنے کے بعد بڑے سائز کا بوٹ بھی نہیں پہنا جا سکتا تھا- چلنا تو دور کی بات پاؤں کا زمین پر رکھنا بھی بے حد مشکل تھا- اس پر مزید پریشانی کی یہ بات تھی کہ سوزش تیزی سے پھیل رہی تھی اور علاج کی کوئی سہولت میسر نہ تھی- اس موقعہ پر صرف ہومیو دوائی ہی کام آ سکتی تھی- پہاڑی راستوں پر دو گھنٹے کی پیدل مسافت اور سولہ میل کے کوچ اور تین گھنٹے ٹرین پر سفر کے بعد کسی قریب ترین سرجن یا ہسپتال پہنچا جا سکتا تھا- پاؤں کی سڑاند دماغ کو بھی متاثر کر رہی تھی- اس طرح کی تکلیف میں ہسپتال والوں کی غفلت سے میں نے مریضوں کو دو تین دن کے اندر اندر مرتے ہوئے کئی بار دیکھا تھا- ذہن ماؤف ہو رہا تھا-

تاہم مجھے یہ یاد آیا کہ زخم دھونے والی ہومیو ادویات، کھیتوں اور جنگلوں میں پیدا ہونے والی خودرو جڑی بوٹیوں سے تیار کی جاتی ہیں- خدائے برتر نے ان میں ہمارے لئے شفا رکھی ہے- ان سے فائدہ اٹھانا نہ اٹھانا ہمارے اختیار کی بات ہے-

میں چل پھر نہ سکتی تھی لہذا ایک مہربان دوست ایک پہاڑی جڑی بوٹی ہائپر کم کی کچھ

مقدار اکٹھی کرنے نکلا- وہاں ہومیو دوا کے طور پر عام استعمال ہونے والی ہائپیریکم پائی نہیں جاتی تھی بلکہ اس کی ایک اور قسم ہائپیریکم انڈرائینم مل گئی- پرانے وقتوں میں بڑی عمر کی تجربہ کار عورتیں تازہ اور گلے سڑے زخموں میں اسے استعمال کرتی تھیں- درپیش صورت حال میں اس کے استعمال کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا- چنانچہ اس بوٹی کے چند پودے شاخوں پتوں اور جڑوں سمیت پانی میں ڈال کر کچھ دیر تک ابالے گئے اور یوں اس ایک سنہری رنگ کا خوشبودار محلول تیار ہو گیا- اس گرم لوشن میں رومال گیلا کر کے سوزش زدہ پاؤں پر رکھا گیا- فوری طور پر آرام آنے لگا- پاؤں پر بندھی پٹی خشک ہوتی تو اسے لوشن سے تر کر دیا جاتا شام تک تکلیف میں خاصہ افاقہ ہو چکا تھا- سوزش کافی کم ہو گئی تھی- پاؤں کی جلن اور درد تقریباً ختم ہو چکی تھی- اور اگلی صبح تک اس لوشن کو شروع کیے ہوئے چوبیس گھنٹے ہو چکے تھے- اب پاؤں زمین پر رکھنا اور لنگڑا کر سیڑھیاں اترنا ممکن ہو گیا- میں نے کئی دنوں تک لوشن سے پٹی کو تر رکھنے کا عمل جاری رکھا- پانچ دنوں کے بعد میں چلنے پھرنے کے لائق ہو گئی-

بیرونی علاج کے طور پر ہائپیریکم لوشن کے استعمال کے ساتھ ساتھ اندرونی علاج کے لئے ہیپر سلف 1m اور ہائپیریکم 1m ادل بدل کر لی گئی- وجہ یہ تھی کہ متاثرہ جگہ کی جلد بہت زیادہ خستہ ہو چکی تھی اور اسے ہاتھ لگانے سے بہت تکلیف ہوتی تھی- سڑاند کے آغاز میں یہ دوائیں نہایت مفید ہیں- یہ پھوڑوں کی تشکیل کو روکتی ہیں- ہائپیریکم کا انتخاب اس لئے بھی تھا کہ تکلیف کا آغاز ناخن کے قریب تھا اور ایسا شاید پہاڑوں پر چلنے میں ناخنوں پر دباؤ آنے سے ہوا تھا-

میں ہومیوپیتھک علم پر ممنون و مسرور تھی- اس سے مجھے شدید تکلیف میں آرام ملا- بے چینی سے نجات کے علاوہ بھاری اخراجات سے بچت ہوئی- تکلیف کے ساتھ اتنے کٹھن سفر کا تصور ہی خوف ناک تھا اور ہاں اگر میں کسی طرح سفر کی صعوبتیں اٹھا کر ہسپتال تک پہنچ ہی جاتی تو ڈاکٹر نشتر اور ویکسین کو ترجیح دیتے- ان کا دوائیہ عمل واضح نہیں- یہ ویکسین کس طرح تیار ہوتی ہے- پیپ کا ٹیکہ کسی جانور کو لگایا جاتا ہے- عام طور پر گھوڑے کو لگایا جاتا ہے- پھر اس جانور سے ویکسین حاصل کی جاتی ہے- یہ عمل جانور، خواہ گھوڑا، خرگوش، خنزیر ہو بہرحال مریض اور جانور دونوں کے لئے تکلیف دہ ہے- اس طرح جانوروں سے حاصل کردہ ویکسین زیر جلد خلیوں میں دوران خون میں داخل کر دی جاتی ہے- امید یہ کی جاتی ہے کہ اس سے مریض کو فائدہ ہو گا- مگر ویکسین کے پیدا کردہ مسائل بہت گہرے ہیں- اس کے برعکس عام نباتات سے لوشن اور ہومیو ادویات کے مفید اثرات سال ہا سال کے کلینیکل تجربات سے ثابت ہیں-

میں اونچی طاقت کی دواؤں کے بیگ کے بغیر کہیں بھی سفر نہیں کرتی - یہ دوائیں میرے لئے کئی بار خدا کا انعام ثابت ہوئی ہیں - اگست ۱۹۳۸ میں فرانس سے سوئزرلینڈ کو سفر کر رہی تھی - ان دنوں وبا پھیلی ہوئی تھی - دوران سفر ایک ہم سفر اچانک درد شقیقہ میں مبتلا ہوا - درد بہت شدید، بے ہوشی کے دورے اور قے - یہ شدید علامات تھیں مگر بد قسمتی سے میرا ادویات کا تھیلا ریلوے کے رجسٹر شدہ سامان میں بند تھا - گاڑی کئی گھنٹے لیٹ ہو گئی تھی - بیچاری مریضہ شدت تکلیف سے گر پڑتی - گاڑی پہاڑی علاقے سے گزر رہی تھی - آخر کار سفر پورا ہوا - مریضہ بے ہوشی کی حالت میں تھی - خوش قسمتی سے دوران سفر سامان ضائع نہ ہوا تھا - اپیکاک 1m کی خوراک مریضہ ہوش میں آ گئی - اس نے گرم یخنی کا پیالہ لیا اور سکون کی نیند سو گئی - اگلی صبح اسے ایک مزید خوراک دی گئی اور علاج مکمل ہو گیا -

ہومیو علاج سے قبل اسے اس طرح کا حملہ ہوا تھا تو ۴۸ گھنٹے تک شدید حالت رہتی - آپ دیکھیں کہ اپیکاک کی ایک ہی خوراک نے اس کی صحت کو فوری طور پر بحال کر دیا -

ایک اور موقع پر میں سوئزرلینڈ ہی میں تھی - میرا ایک دوست شکمی انفلوئنزا میں مبتلا ہوا - یہ بیماری وادی میں پھیلی ہوئی تھی - ہمارے ہوٹل میں بھی پہنچ چکی تھی - بیمار ہوتے ہی اسہال شروع ہو جاتے - رات کے وقت مرض میں شدت' اور ۱۲ بجے رات کے وقت شدت، بے انتہا بے چینی، نڈھال اور شدید پیاس - آرسینک مطلوبہ دوائی تھی - مریض کی خراب حالت کے پیش نظر ہر آدھ گھنٹے بعد ایک خوراک - تاہم آرسینک نے گہرا اثر نہ کیا - مریض کا مزید جائزہ لیا گیا تو کئی اور علامات پیدا ہو گئی تھیں - بعض اوقات حاد بیماریوں میں علامتیں تیزی سے تبدیل ہو جاتی ہیں کیونکہ بیماری پروان چڑھ رہی ہوتی ہے - آرسینک نے قے اور متلی روک دی لیکن معدے کی انتڑیوں کی سوزش پر اس نے کوئی اثر نہ کیا - ہیضہ جاری رہا - پاخانے سیاہی مائل بھورے پتلے اور پانی کی طرح کئے ان میں بعض اوقات خون ملا ہوتا' سڑے ہوئے انڈوں جیسی بدبو اور پاخانہ اس طرح خارج ہوا جیسے ٹونٹی کھول دی گئی ہو - صبح کے وقت یہ کیفیت شدید ہوتی - بعض اوقات مریض کا پاخانہ بلا ارادہ ہی نکل جاتا - پاخانہ کے لئے دباؤ اتنا شدید ہوتا کہ اسے بھاگ کر جانا پڑتا جیسے کہ سلفر کے مریض میں ہوتا ہے - شدید اپھارہ اور پیٹ سے خارج ہونے والی ہوا نہایت بدبودار - دراصل مریض کی نمایاں ترین علامت بدبو ہی تھی - سانس انتہائی بدبودار گندے تالاب جیسی - زبان پر موٹی بھورے رنگ کی تہہ - آرسینک دینے کے چوبیس گھنٹے بعد ہی ان علامات نے میرے ذہن میں سورائینم کا انتخاب طے کر دیا - چنانچہ سورائینم 9m دے دی - میرے پاس اس دوا کی یہی ایک طاقت موجود تھی - مریض انتہائی خطرناک صورت حال سے دوچار تھا' میں ہسپتال یا

میڈیکل سٹوروں سے میلوں دور ایک بالکل ہی اجنبی علاقے میں تھی۔ پاخانے کی مسلسل حاجت، درد اور انتڑیوں میں جلن کو روکنے کے لئے نشاستہ کا اینما معاون ہو سکتا تھا۔ لیکن وہاں میرے پاس اینما کی سورنج نہ تھی اور نہ ہی نشاستہ دستیاب تھا۔ مریض کے لئے مفید صرف ایک ہی چیز مہیا تھی وہ چاولوں کا پانی تھا۔ بدقسمتی سے مریض نے چاولوں کا پانی قے کر دیا۔ اس علاقے میں کوئی شخص ارا روٹ اور مکئی کے آٹے سے شناسا ہی نہ تھا۔ کرین بیریز پہاڑوں کی ڈھلوانوں پر پیدا ہوتی ہے مگر موسم کے لحاظ سے وہ ابھی ناپختہ ہونے کی وجہ سے ناقابل استعمال تھیں۔ کرین بیریز یا بل بیریز خشک یا تازہ حالت میں موسم میں اکٹھی کر لی جاتی ہیں۔ اگر خشک حالت میں ہو تو اسے پانی میں حل کر لیا جاتا ہے اور اس میں تھوڑی سی چینی ڈال کر اس وقت تک پکایا جاتا ہے جب تک وہ نرم نہ ہو جائے۔ پھر اسے چھان کر رس یا توس کے ساتھ کھایا جاتا ہے۔

کوئی معاون چیز میسر نہیں تھی۔ صرف ہومیو پیتھک کی دوا پر ہی انحصار کرنا پڑ رہا تھا۔ سورائینم 9m ہر چار گھنٹے بعد ایک خوراک۔ کیا اس اونچی طاقت کی دوا نے کوئی اثر دکھایا؟ کیا یہ انتہائی قلیل مقداریں کچھ کر سکتی ہیں؟

یقیناً انہوں نے اثر دکھایا' پوچھا جائے تو مریض بھی اس کی تصدیق کرے گا۔ دوا نے تیزی سے اثر کیا۔ افاقہ اتفاقانہ تھا۔ سورائینم سے پہلے تک وہ جسمانی لحاظ سے بڑی تیزی سے کمزور ہوتی جا رہی تھی۔ اس کا تمام تر انحصار صرف گھونٹ گھونٹ پانی پر رہ گیا تھا۔ ہومیو پیتھک دوا کی چند خوراکوں کے علاوہ اس نے کوئی علاج نہ کیا تھا۔ پیچش کے حملے کے تین دن بعد وہ ہوٹل کے کھانے کے کمرے میں تھی۔ اس نے خوب سیر ہو کر کھانا کھایا۔ جس سے اس کی خوف زدہ کرنے والی کمزوری اور ضعف دور ہو گیا۔

وہ پتلی اور پچکی ہوئی اور بہت حد تک سائے کی طرح دکھائی دیتی تھی وہ زنانہ صحت کی شخصیت کا محض سایہ تھی۔ لیکن وہ زندہ تھی اور اپنی خوراک ہضم کرنے کے قابل تھی۔ یہ عجوبہ ہے کہ سورائینم لینے کے بعد کتنی تیزی کے ساتھ اس کے جسم اور سانس کی انتہائی ناگوار بدبو غائب ہو گئی۔

انگلینڈ واپسی کے بعد اس کی بدترین شکایت، خون کی کمی، کمزوری اور ناطاقتی تھی۔ یہ کیفیت، اسہال اور قے کے شدید حملے کے بعد پیدا ہوئی تھی۔ اس کا علاج کیا گیا اور تھوڑے ہی وقت میں یہ کیفیات ختم ہو گئیں۔ اس کے لئے پلساٹیلا کی چند خوراکیں دی گئیں۔ اس سے کھانے کی خواہش اور کھانے کا لطف بحال ہو گیا' رخسار بھر گئے زرد رنگت اور کمزوری دور ہو گئی۔

پلساٹیلا کیوں دی گئی؟ مریضہ شدید گرمی محسوس کرتی اور اس کے پاؤں جلتے یہاں تک کہ ان کو ٹھنڈا کرنے کے لئے بستر سے باہر رکھنے پڑتے۔ مریضہ ذہنی

دباؤ کا شکار تھی، رونے والا مزاج، چکنائی سے گریزاں، بھاری غذا کے بعد متلی کی شکایت کے ساتھ ساتھ وہ دوسروں کو زچ کرنا پسند کرتی تھی پلسا ٹیلا-30 اور بعد میں اس کی 1m طاقت نے مریض کو صحت مند اور توانا بنا دیا اور وہ پھر سے معاشرہ کا ایک کارآمد رکن بن گیا۔

ہومیو پیتھی شفا دیتی ہے اور وہ بھی تیزی سے۔ ہیضے کا یہ شدید ترین حملہ تھا۔ اتنا شدید حملہ میں نے کسی بالغ میں نہیں دیکھا تھا۔ تین دن کے علاج میں مریضہ ٹھیک ہو گئی۔ جب کہ ہوٹل میں مقیم اسی طرح کے دوسرے مریض ہفتہ سے زائد بستر میں رہے۔

دیکھیں اگر مریضوں کا حادکیسوں میں ہومیو علاج کیا جانے لگے تو ہسپتال سے مریضوں کی واپسی کتنی تیزی سے ہو گی۔ مجھے یقین ہے کہ ہمیں اتنے زیادہ ہسپتالوں کی ضرورت نہیں رہے گی۔ انتظار کرنے والوں کی لمبی لمبی فہرستیں نہیں ہوں گی۔ ٹیکس ادا کرنے والوں کی رقم بچے گی اور صنعت کو فائدہ ہو گا کیونکہ بیماریاں کم ہوں گی اور لوگ زیادہ کام کریں گے۔

(11)

ہومیو پیتھک ادویات کا جانوروں پر اثر

[illegible]

کرنے میں کوئی تعجب نہیں کہ اس کی صحت پر [illegible]

وہ صحت [illegible] جلد کی سوزش میں مبتلا تھا۔ جس [illegible] ان تمام باتوں سے بڑی

اس بات کا مطالعہ بڑا دلچسپ تھا کہ صحت پر کی جانے والی [illegible] وہ کتنا اچھا اور فوری اثر قبول

کرتا [illegible] اپنے [illegible] حملوں کا شکار ہوا [illegible] کوئی ثابت نہیں تھی [illegible] اور قریب

قریب [illegible] چھاتی [illegible] کو [illegible] دیتا [illegible] پیٹ سے

دل [illegible] پسند تھا جیسے [illegible] تسکین تھی [illegible] انداز میں کرتا

جیسے وہ یہ سوچ رہا ہے [illegible] شروع کرتے ہی کھانا بند کر دیتا [illegible] کی تمام علامات [illegible]

تھیں [illegible] مختلف طاقتوں میں چٹائی جاتی۔ یہ [illegible] چار پانچ دن کام کرتی۔ جس

کے بعد [illegible] کی ضرورت ہوتی [illegible] یہ علاج کئی ماہ جاری رکھنا پڑتا۔ کبھی کبھی

[illegible] خوراک [illegible] تھی کہ وہ [illegible] کا خواہاں تھا اور [illegible] تھپکیوں کو پسند کرتا۔ یہ

کیفیت اس کے بالکل [illegible] تھی۔ اس سے پہلے وہ ہمیشہ بے نیاز، لاتعلق اور اکیلا رہنے کو پسند کرتا

تھا۔ یہ کتنا سبق آموز تھا کہ [illegible] درست کر کے چند دنوں میں اس کی [illegible]

دی۔

میں نے اس کے صحت یاب ہونے کی امید تو رکھی لیکن یہ دوا صرف تسکین آور دوا کے طور پر کام کرتی۔ میرے لئے یہ بات مایوسی کا باعث تھی کہ دوا نے مرض کو چھوا تک نہیں تھا۔ وہ بہت بوڑھا تھا۔ اس کی عمر تیرہ سال سے بھی زیادہ تھی۔ اس میں صحت یاب ہونے کی قوت نہ تھی یا یوں کہہ لیجئے کہ اس میں بیماری کے ساتھ لڑنے کی قوت ختم ہو چکی تھی۔ اس طرح وہ لاغر سے لاغر ہوتا گیا۔ آخرکار ہم نے فیصلہ کیا کہ اس سے جلد [illegible] اس پر مہربانی ہے۔ لیکن یہ بات بڑی واضح تھی کہ علاج کے تمام عرصہ میں ہومیو پیتھی نے اس کی تکلیف کو آسان بنا دیا تھا۔ اس کی زندگی [illegible] اور اسے آخری لمحے تک خوش رکھا۔

ہومیو پیتھی ہمیشہ ایسا ہی کرتی ہے حتی کہ انسانوں کے علاج میں بھی اس کا [illegible]

[illegible] مریض کی زندگی کا [illegible] خاتمے کے قریب ہو [illegible] زیادہ [illegible]

ہوں جب قوت حیات تھک چکی ہو جسمانی نظام زندگی کی شمع تک بجھ چکی ہو۔ ان میں سے
صورت میں بھی ہومیوپیتھک ادویات مدد کرتی ہیں اور مریض بغیر تکلیف آہستہ آہستہ قرار پاتا ہے۔ اس مرحلے
میں مارفیا اور دوسری درد کش ادویہ کی ضرورت نہیں ہوتی، جو شعور اور ذہن کو ماؤف کر دیتی
ہیں۔ جب کہ ہومیو ادویہ انسانی جسم و روح کو زندہ و بیدار اور متحرک رکھتی ہیں۔ یہاں تک کہ موت کا لمحہ
آ پہنچتا ہے۔ قدرت کے انداز میں چند دنوں کی عمر زیادہ ہو جاتی ہے۔ گویا ہومیوپیتھی زندگی کے
آخری لمحے تک مریض کی طاقت و قوت، توانائی، ہوش کے ساتھ درد اور تکلیف سے بچا کر زندہ رکھتی
ہے۔ جب کہ ایلوپیتھی میں مریض سکون آور ادویات کے غلبہ سے ماؤف ذہن کے ساتھ مکمل
بے ہوشی کے عالم میں ہوش و خرد سے محروم ہو کر انتہائی درد اور کرب کی حالت میں موت سے دوچار
ہوتا ہے۔ موت کے لمحے سے پہلے کی زندگی ایلوپیتھی علاج کے اثرات سے احساس سے محروم کر کے
مریض کو اپنے اور متعلقین و احباب کے لیے زبردست آزمائش بنانے کے علاوہ کچھ نہیں کرتی۔

اس سب کچھ کے باوجود میں نے اپنے اطمینان کی حد تک یہ بات ثابت کی ہے کہ
ہومیوپیتھی نے شرح اموات کو کم کیا ہے۔ اس بات پر میں دوسروں کو مطمئن کرنے کے لیے ہی ان
تحریروں کا سہارا لے رہی ہوں۔

اس سلسلہ میں ایک نمایاں مثال کا ذکر مفید ہے۔ کئی سال پہلے کی بات ہے میں ایک
غریب بیوہ عورت کے ہاں ملنے گئی۔ وہ لندن میں رہائش رکھنے کے باوجود حیوانات کی مخلوق کی
بہت زیادہ شوقین تھی۔ اس نے گھر کے پچھواڑے میں مرغیوں کی خاصی تعداد رکھی ہوئی تھی۔ بدقسمتی
سے میرے قیام کے دوران موسم زیادہ سرد اور مرطوب ہو گیا۔ یہ اپریل کا آغاز تھا۔ یہ موسم انڈوں
سے نکلے ہوئے تازہ چوزوں کے لیے بہت سخت تھا۔ ان بچوں کو گرم کمرے میں لایا گیا۔ انہیں ایک
دیوان خانے کی بڑی میز پر چھوڑ دیا گیا۔ اس کے باوجود وہ پھلنے بڑھنے کے بجائے یکے بعد دیگرے
مرتے گئے۔ وہ میز کے ارد گرد ڈگمگاتے ہوئے موت کے منہ میں جا پہنچے۔

میں چوزوں اور ان کی بیماری کے بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی لیکن اضطراب اور
مرطوب ٹھنڈے موسم کو دیکھتے ہوئے، رسٹاکس کا خیال آیا۔ پس میں نے چوزوں میں سے دو دو
رسٹاکس 30 کی گولیاں دے۔ رسٹاکس کی مزید خوراک ان کے پانی میں بھی ملا دی۔ یہ دو چوزے
ہی زندہ بچے۔ اس کو اتفاق کہا جائے گا۔

ایک اور موقعہ پر میرا دوست بہت پریشان تھا۔ پریشانی کی وجہ اس کی زرد بلبل تھی۔ اس
کے پر بار بار جھڑ جاتے تھے۔ وہ بہت زرد تھکی مرجھائی ہوئی دکھائی دیتی۔ کچھ نہ کھاتی، اچانک اپنے
گھونسلے سے گر جاتی اور اپنے پاؤں اوپر کی جانب کر کے بے حس پڑی رہتی۔ معالج حیوانات نے

دل کا مرض بتایا مگر اسے اپنی تشخیص پر سے یقین نہ تھا۔ میں نے بھی پرندہ نہ دیکھا تھا۔ ان علامات پر میں نے ایک خوراک سلفر-6 اور کاربو ویج-3x اور نکس وامیکا-3x ملا کر چند ایک گولیاں بھیج دیں۔ سلفر اسے پہلے مزاجی دوا کے طور پر دینا تھی جب کہ نکس وامیکا اور کاربو ویج کی آمیزش کو چڑیا کے ہاں کے لئے پینے والے پانی میں شامل کرنا تھا۔ یہ پانی تو روز بدلتے رہنے کی ہدایت کی گئی۔ بلبل کی طبیعت فوراً بحال ہو گئی۔

بے ہوشی کے دورے رک گئے۔ خوب صورت پر نکل آئے اور اب وہ نئے سوز کے ساتھ گانے کا آغاز کر رہی تھی۔

ایک سال بعد پر جھڑنے کے اگلے موسم میں یہ علامات عود کر آئیں لیکن ان میں اتنی شدت نہ تھی۔ سلفر کی ایک خوراک اور نکس وامیکا اور کاربو ویج کی چند خوراکوں نے تکلیف کو رفع کر دیا۔

معالج حیوانات کچھ نہ کر سکا لیکن ہومیو پیتھک دوا کی چند خوراکوں نے شفا کا مقصود پورا کر دیا۔

ایک فرضی کہاوت بہت مشہور ہے کہ بلبلیں پر جھڑنے کے موسم میں موت کا شکار ہوتی ہیں۔ مگر یہ بلبل ہومیو دواؤں سے درست ہو گئی۔ آخر دواؤں کی افادیت تسلیم کیوں نہ کی جائے۔

بھیڑ کے بچے کی ایک چھوٹی سی کہانی بھی بڑی خوبصورت ہے۔ اس کی روایت آئر لینڈ کے ایک زراعتی کالج کے ناظم اعلیٰ نے کی ہے۔ ان کی اجازت سے یہاں درج ہے۔ بھیڑ نے اپنے نوزائدہ بچے کو دودھ پلانے سے انکار کر دیا۔ وہ اپنے بچے کو سونگھ کر پیچھے ہٹتی تھی۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بھیڑیں اپنے بچوں کو تسلیم نہیں کرتیں اور آخر کار بچے جلد ہی موت کے منہ میں پہنچ جاتا ہے۔ البتہ اسے بچانے کے لئے بوتل سے دودھ پلانا پڑتا ہے۔ مگر یہ کام مشکل ہے اور ہمیشہ کامیاب بھی نہیں ہوتا۔ اس علامت کو دیکھ کر میرے ایک دوست کو سیپیا کا خیال آیا۔ اپنے ہی نوزائدہ بچے سے نفرت و ناپسندیدگی کی علامت سیپیا کی پروونگ میں پائی جاتی ہے۔ وہ فوراً دوائی کا تھیلا لایا۔ بھیڑ کو تھوڑی سی سیپیا دی گئی۔ اگلے ہی دن سرکش ماں اپنے چھوٹے بچے کے لیے ناپسندیدگی بھول کر اسے دودھ پلانے لگی اور بھیڑ کا بچہ پھلا پھولا اور بڑھ کر اپنی ماں کے دودھ سے جوان ہوا۔ میں جانتا ہوں کہ اگر ایک دفعہ بھیڑ اپنے بچے کو دودھ پلانے سے انکار کر دیتی ہے تو پھر ذہن کو تبدیل نہیں کرے گی۔ یہاں بھی ہومیو پیتھک دوا نے قاعدے کے مطابق کام دکھایا۔

آج کل سؤروں اور مویشیوں میں منہ اور پاؤں کی بیماری کا بہت چرچا ہے۔ اس بیماری کو پھیلنے سے روکنے کے لئے مفید ترین مویشیوں کو ہلاک کر کے دفن کر دیا جاتا ہے۔ اس طرح مالکوں کو مویشیوں کے تلف ہونے کے معاوضے کے طور پر لاکھوں پونڈ خرچ کئے گئے۔ اسی طرح

دودھ اور گھی کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ جانوروں کے علاج میں ہومیو طریقہ اختیار کرنے سے یہ سب کچھ بچایا جا سکتا تھا۔ اس کے علاوہ صحت بھی جلد بحال ہو سکتی تھی۔ ایک مرض کے لیے ہومیو دوا کافی ہیں مگر دو کا ذکر زیادہ اہم ہے۔

انٹی موینم کروڈم میں زبان پر چھالے سفید موٹی تہ دفی ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں سے خون بہتا ہے۔ پاؤں کی ایڑھیاں اور پنجے پھٹ جاتے ہیں اور ان پر سرخ رنگ کی سوزش ہو جاتی ہے۔ مرکیورس میں بھی زبان پر چھالے اور ناسور بن جاتے ہیں۔ رال کی زیادتی، پاؤں سے افراط اور بدبودار پسینہ، پنجوں پر زخم اور انگلیوں کے درمیان خارش ہوتی ہے۔ ان دو دواؤں میں منہ اور پاؤں کی علامات پائی جاتی ہیں جانور تیزی سے صحت یاب ہوں گے اور مرض کے پھیلنے کا خطرہ بھی نہیں ہوگا۔ میں یہ بھی سوچتی ہوں کہ مصنوعی کھادوں کا استعمال جانوروں میں بیماریوں کا سبب ہے۔ افسوس یہ ہے کہ حیوانات کے ہومیو معالج بہت کم ہیں۔ حیوانات کے عام معالج بہت کم جانتے ہیں وہ تو مویشیوں کو قبل از وقت موت فراہم کرنے کے سوا کچھ نہیں کرتے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ معاشرہ ایسے کم علم لوگوں پر علاج کی ذمہ داری ڈالتا ہے۔ یہ لوگ علم سے بے بہرہ اور متعصب ہیں۔ منہ اور پاؤں سے نکلنے والے مواد سے تیار کردہ نوسوڈ تکالیف میں بھی تیزی سے شفا دیتا ہے۔ نوسوڈ تیس اور دو سو طاقت میں استعمال کرانا ہوگا۔ ڈاکٹر ڈارنگٹن ایک معروف زرعی سائنس دان ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ منہ اور پاؤں کی بیماری سے متعلق وزارت زراعت کی پالیسی بیکار ہے۔ اس سے ہر سال بڑی مقدار میں گوشت اور جانور ضائع ہوتے ہیں۔ یہ بیماری جانوروں کے جس غول میں نظر آئے اس پورے گلے کو تباہ کر دیا جاتا ہے۔ اس بڑے نقصان کے باوجود مرض کی کوئی روک تھام بھی نہیں ہوتی۔ اس طرح تیس ہزاروں کی دولت ضائع ہو رہی ہے۔ خوراک کی عالمگیر قلت کے زمانے میں خوراک غیر ضروری طور پر ضائع ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اب تک کی دریافت کو کام میں لا کر حکومت خوراک کے سلسلہ میں ملکی ضروریات کو آسانی سے پورا کرنے کا اہتمام کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ زرعی تحقیقاتی کونسل گدھا گاڑی کو اندھے گاڑی بان کی طرح ہانک رہی ہے۔

ہومیو پیتھی اپنے دریافت کیے جانے کی منتظر ہے۔ اس کی کتابیں دستیاب ہیں، علم موجود ہے۔ اس کی دریافت میں نام نہاد سائنس دانوں کا تعصب رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ وہ نہ تو ہومیو علم حاصل کرتے ہیں اور نہ اس کا تجربہ کرتے ہیں اس طرح نوع انسانی اس سے فائدہ حاصل کرنے سے محروم رہ جاتی ہے۔

(III)

سانس کی بیماریاں

دمہ سانس کی نالیوں کے عضلات کے سکڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اس کا بخار سے تعلق ہوتا ہے۔ بخار اور دمہ ادل بدل کر حملہ کرتے ہیں۔ ایک ہی مریض سردیوں میں دمہ اور گرمیوں میں بخار میں مبتلا ہو سکتا ہے۔ یہ بیماریاں ایسے خاندانوں میں ہوتی ہیں جو اعصابی لحاظ سے کمزوری کا شکار ہوتے ہیں۔ اس مرض کی ایک خصوصیت بڑی عجیب و غریب ہے۔ یہ رہائش بدلنے سے ہوتا ہے۔ ایک مریض سڑک کے ایک کنارے یا شہر کے ایک محلے میں رہتے ہوئے مرض میں مبتلا نہیں ہوتا مگر جونہی وہ سڑک کی دوسری جانب یا شہر کے کسی دیگر محلے میں منتقل ہوتا ہے تو وہ بیمار ہو جاتا ہے۔ بعض جانور بھی اس کا سبب ہوتے ہیں۔ گھوڑا، بلی، کتا یا بعض پھولوں کی خوشبو بھی لوگوں میں مرض کا سبب ہو سکتی ہے۔ غذا بھی اس بارے میں بہت اہم رول ادا کرتی ہے۔ پیٹ بھر رکھنے سے بھی یہ شکایت ہو سکتی ہے۔

ناک کی سوزش بھی اس مرض کے ساتھ متعلق ہوتی ہے۔

دمہ کے علاج کے لئے بہت سے علاج مروج ہیں لیکن ہوتا یہ ہے کہ جتنے زیادہ علاج کئے جائیں مریض اتنا ہی مشکل میں پھنس جاتا ہے۔ بیماری پیچیدہ ہوتی جاتی ہے۔ دمہ کا مریض عطائیوں کا بہترین شکار ہے لیکن علاج کے پرانے ماہر اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔ علاج کے کئی طریقے ان سے منسوب ہیں۔ اگر آج ان کو معلوم ہو کہ ان کے نام پر علاج میں کیا کچھ کیا جاتا ہے تو وہ قبر میں بھی بے چین ہو جائیں۔ پریس میں دمہ کے علاج کے بارے میں اشتہارات کی بھرمار رہتی ہے۔ اس بارے میں مریضوں کی رائے کو بھی عام پھیلایا جاتا ہے۔ سال ہا سال تک مریض علاج کے ان چکروں میں بغیر کسی شفا کے تختہ مشق بنا رہتا ہے۔ ایک مریض فولاد کے ایک خاص مرکب پر زندگی گزار دیتا ہے۔ وہ اسے بڑے جوش و ولولہ سے استعمال کرتا ہے۔ جونہی سانس کی ذرا سی تنگی محسوس ہوتی ہے تو وہ مخصوص گولیاں فوراً شروع کر دیتا ہے۔ ایک مریض کو شدید حملہ ہوا اسے کارروائی 30 دن تک۔ دوالی کی خوراکیں دینے سے دورے کا دورانیہ کم ہو کر دو تین دن تک آ گیا مگر وہ مریض پھر فولاد کے مرکبات پر آ گیا۔ اس نے بیمار رہنے کو ترجیح دی تاکہ وہ جلد شفا کے لئے دلچسپی کا مرکز بنا رہے۔ سگریٹ پیتے رہنا اس کے لئے آسان اور بے ضرر ہومیو گولیاں لینے سے زیادہ مشکل تھا۔ کیونکہ اس طرح وہ توجہ کا مرکز بنا رہتا۔ یہ کھانسی کا ڈرامہ نہیں

تھا بلکہ زیادہ تر طور پر دمہ کی راہ پر چلنے والی بات تھی۔ دیہات کی رہائش چھوڑ جانے سے کئی سال بعد بھی اس کے بارے میں معلوم نہیں ہوتا رہا کہ دوائی معمول پر چل رہی ہے

1

چند روز قبل میں دمہ کے ایک مریض کو دیکھنے گئی۔ مریض کے بستر کے ساتھ 3X6 فٹ سائز کا ایک میز پڑا تھا۔ میز دواؤں کی شیشیوں، ڈبیوں اور بوتلوں سے بھرا ہوا تھا۔ تھوڑی دوائیں اس نے خود خریدی تھیں باقی اس کے دوستوں نے تجویز کی تھیں۔ ان میں زیادہ تر کھانسی کے شربت ہیں۔ کئی سانس کے آلات ہیں۔ کئی قسموں کے بام، ناک سے سونگھنے کے مینتھول مکسچرز اور مرہم ہیں۔ مختلف رنگوں میں آیوڈین کی پٹیاں، دمہ سے بچانے والی سگریٹ ہیں۔ یہ سب کچھ فرانس، سکاٹ لینڈ اور جرمنی سے آیا ہوا تھا۔ اور تمام دوائیں اب بھی موجود تھیں۔ دمہ کے ایک مریض نے مجھے بتایا کہ اس نے کافی عرصہ فرانس میں گزارا اور اس کے قیام کے دوران ڈاکٹروں نے اس کے پورے جسم پر پیراولٹ کا مرہم فائدہ مند ... خاتون مریضہ کے ہاں دواؤں کا اتنا ہجوم دیکھ کر میں خوف زدہ ہو گئی۔ میں نے اسے مشورہ دیا کہ وہ ان تمام دواؤں کو کوڑے میں پھینک دے۔ تمہیں ان کی کوئی ضرورت نہیں۔

چند ہفتوں میں خاتون کی نیند درست ہو گئی۔ اس سے پہلے ... گولیوں کی ضرورت نہ پڑی۔ سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ ختم ہو گیا ... اور آئیریلیا کی مختلف طاقتوں نے سانس درست کر دی۔ مجھے معلوم نہیں کہ ... دمہ تھا یا نہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ دواؤں کا پیدا کردہ تھا۔ میں نے تمام دوائیں چھڑوا دیں۔

آئیریلیا کیوں دی گئی؟ یہ دوا جینے کی تکلیف کے لئے نہیں لیکن اپنی مخصوص علامات کی موجودگی کی صورت میں دمہ اور نالیوں کی سوزش کو شفا دیتی ہے۔ آئیریلیا کا مریض عام طور پر دبلا پتلا، اپنی مرضی کا، پریشان، بے چین، جسمانی ... محسوس کرتا ہے۔ اعصاب میں جھرجھری، بے ڈھنگا پن، گرنے والا، مسلسل چیزیں گرانے اور توڑنے والا، سردی بہت محسوس کرتا ہے۔ کمزوری کا رجحان، کھانسی کا دورہ چھینکوں کے ساتھ ختم ہوتا۔ رات بہت بے کل، اعصابی طور پر بہت پریشان اور غیر مستحکم۔ راتوں کو سانس میں دقت، گھٹن، جھٹکے، تھکن، صبح کے وقت کمزوری کا احساس، شام کے وقت مریض خوش و خرم اور کام پر آمادہ اور مستعد رہتا ہے۔ ایک مریض کو آئیریلیا اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ مہینوں لگ سکتے ہیں مگر آئیریلیا مریض کا پورا مزاج بدل کر رکھ دیتی ہے۔

کئی سال پہلے ۱۹۱۴-۱۸ کی جنگ کے دوران دمہ کے ایک اور مریض کا قصہ بہت

دلچسپ ہے۔

2

وہ پتلی، دبلی، لمبی، چپٹی جلد، زرد رو، بوڑھوں کی طرح بیمار، بیٹھنے کی تجوں میں دو جوڑی
رہتی ہے۔ اٹھارہ سال سے سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ۔ اسے دو تین بار پیپ کی انجکشن
دی گئی جس سے وہ چیچک کے حملہ سے بچ گئی مگر سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ میں مبتلا ہو گئی۔
وہ کئی سال تک ہسپتال میں ان ڈور اور آؤٹ ڈور مریض کے طور پر علاج کرواتی رہی۔ مگر ذرا
بہتری نہ ہوئی۔

مریضہ کی کیس ہسٹری دلچسپ تھی۔ پیپ انجکشن سے تھوڑا عرصہ بعد دمہ ہوا۔ اس کا چہرہ زرد،
بیمار، چپٹا اور روشن۔ جسم میں جا بجا تل موجود تھے۔ اس کے ہاتھ ٹھنڈے رہتے۔ بہت کم معلوم ہوتی۔
اسے سردی بہت لگتی۔ وہ بے خوابی میں مبتلا تھی۔ اس طور پر چپ چاپ پڑے رہنے کے بعد تھوجا 30 دی گئی۔ کافی
عرصہ اسے یہ دوائی اسی طاقت میں دی گئی اور بعد میں اس کی طاقت 1m, اور 10 m دی گئی۔ اس
کی سینے اور دمہ کی علامات معجزانہ طور پر درست ہو گئیں۔ اس کو زیر مشاہدہ رکھا گیا۔ پانچ سال کے
دوران اسے ایک بار دمہ کا حملہ ہوا۔ اس کے لئے اسے پلسٹیلا دی گئی۔ اسے غصہ اور چڑچڑا،
حسد کی، بیٹھنے پر شدت، وہ کھڑکیاں کھلی رکھنا چاہتی، کھلی فضا کی زبردست خواہش، وہ رونے والی
اور آنسوؤں سے پُر ہمدردی کی خواہش مند، پاؤں ٹھنڈے ہو جانے پر علامات شروع ہوتیں۔ =
علامات پلساٹیلا کی مکمل تصویر تھیں۔ پلسٹیلا نے تیزی سے آرام دیا۔

اس کے بعد وہ علاقہ چھوڑ گئی۔ اسے کسی نے ہومیو پیتھ معالج سے رابطہ رکھنے کا مشورہ
دیا۔ تو اعتراف کیا کہ اس نے علاج سے پہلے اور بعد کبھی اتنا اچھا محسوس نہیں کیا تھا۔ وہ علاج سے
بالکل مختلف شخصیت بن گئی تھی۔ اس کے باوجود وہ فلسطینیوں کے ہاں مختلف قسم کے ٹیکوں کے چکر
میں آ گئی اور تین دن بعد دمہ کے ہاتھوں موت کا شکار ہوئی۔

3

چند سال پہلے مسز اے بی کو دمہ کے علاج کے لئے ڈسپنسری آنے کا مشورہ دیا گیا۔ اسے
کوئی امید نہیں تھی کہ اس کے لئے کچھ کیا جا سکتا ہے۔ وہ کئی مہینوں سے جنرل ہسپتال میں داخل تھی۔
اسے دمہ اور اس کی تکلیف تھی۔ اسے کسی طرح آرام نہیں تھا۔ ہسپتال کے ڈاکٹر اسے لاعلاج قرار
دے چکے تھے۔

وہ مضبوط جسم والی خاتون تھی۔ پھیری لگا کر مختلف اشیا فروخت کرتی۔ اس کا رنگ کالی
مراثی، وہ ہانپتی کانپتی ہوئی مشکل ہی سے رینگ سکتی تھی۔ اس کے رخسار اور ہونٹ نیلگوں تھے

وہ جو کی شراب کی بہت شوقین تھی۔ اس کیس میں شفا کا یقین نہیں دلایا جا سکتا تھا۔ اس کی فوری بے
قراری کیلئے آرسینک-6 دی گئی۔ اس دوا کی تجویز اس وجہ سے بھی تھی کہ اسے نصف رات کے بعد
تکلیف میں شدت ہوتی۔ بارہ بجے سے دو بجے تک۔ وہ بے چین، اندیشوں سے پر، کمزور اور
گرم مشروب کی شوقین، گرم پانی گھونٹ گھونٹ پیتی اس سے سانس کی تکلیف کم ہو جاتی۔

ڈاکٹر جابر کا کہنا ہے کہ دمہ کے تمام حاد کیسوں کا علاج آرسینک یا ایپیکاک سے شروع
کرنا چاہیے۔ ان دونوں دواؤں سے علامات کا لحاظ رکھنا چاہیے

ایک ہفتہ کے بعد وہ ہماری پڑیوں کی تعریف میں رطب اللسان تھی۔ اس نے تیزی سے
افاقہ محسوس کیا۔ دمہ کافی بہتر تھا۔ اسے آرسینک-6 کی مزید خوراکیں دی گئیں۔ اس کے بعد
پندرہ دن تک وہ نظر نہ آئی۔ اس نے پڑیوں کو سنبھال رکھا تھا اور اتفاقیہ طور پر حملے کے خطرے کے
تحت لیتی رہی۔ بارہ مہینے میں کوئی حملہ نہ ہوا۔

حاد امراض کے علاج کا یہ صحیح طریقہ ہے۔ تکلیف کی شدت میں دوا دیں، افاقہ پر دوا
چھوڑ دیں، علامات دوبارہ ظاہر ہوں تو دوا کا اعادہ کریں۔ اس بار اس کو نیا اور شدید حملہ ہوا چونکہ
اس کے پاس دوا کا سٹاک ختم ہو گیا تھا اس وجہ سے اسے کلینک آنا پڑا۔ اس کا نیلا، آکسیجن کی
شدید کمی کا مظہر کسی بے وقوف نے اسے کیلیریا-30 دے دی۔ کیونکہ دمہ کی وجہ سے وہ نیند سے
بیدار ہو جاتی۔ اگلے ہفتے وہ واپس آئی، بہت پریشان، ٹوٹی ہوئی۔

"یہ وہ پڑیاں نہیں تھیں، ان سے تو کوئی افاقہ نہیں ہوا۔"

وہ پرانی پڑیاں طلب کر رہی تھی۔ چنانچہ اسے آرسینک-6 کی بارہ پڑیاں دے دی گئیں۔ اس بار پھر
معجزہ ہوا۔ کبھی کبھار وہ ان پڑیوں کو منگوا لیتی۔ دراصل وہ ان کا سٹاک رکھنا چاہتی تھی۔ دمے اور
دل کی تکلیف تیزی سے ختم ہو گئی۔ کئی سال تک دمے کی تکلیف نہ ہوئی۔ اس کیس میں آرسینک
نے حاد اور مزمن دونوں پہلوؤں سے مرض کو درست کیا۔ دمے کے حملے اس خوبی سے رک گئے
کہ وہ کئی سال تک ان سے بچی رہی۔ اس کے خاوند کو بھی آرام ملا۔ ورنہ رات جاگنے سے وہ
بھی بے آرام رہتا۔ چھیری والی یہ خاتون اب بھی جو کی شراب کی دلدادہ ہے۔ کبھی کبھی اب بھی پی
لیتی ہے۔ دمہ بہر حال ختم ہو گیا۔

دمہ کے تمام کیسوں میں علاج اتنا آسان نہیں جتنا اس کیس میں ہوا۔ بعض کیسوں میں
کئی سال لگ جاتے ہیں۔ مہینوں زیر مشاہدہ رکھنا اور بعض اوقات مسلسل علاج کرنا پڑتا ہے۔
مروجہ علاج کی طرح یہ علاج پیچیدگیوں اور دل کو نقصان نہیں دیگا۔ ہومیو علاج سے عام صحت بھی
برباد نہیں ہوتی جیسا کہ مروجہ علاج میں ہوتا ہے۔

مسز اینج کا دمہ آرسینک سے اتنی آسانی سے ٹھیک [illegible] سے [illegible]
کے مزاج کا نتیجہ تھا۔ لہذا سورائنم دینے سے فوری شفا دی۔ آرسینک [illegible] دوا ہے [illegible]
دمے کے زیادہ تر کیس پیچیدہ ہوتے ہیں۔ پیچیدگی کی وجہ سے [illegible]
ادویات کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ دوائیں بعض اوقات کئی سال میں مرض کا خاتمہ کرتی ہیں۔ مریض
کو صحت کی راہ پر لانے کے لئے زیادہ محتاط تجویز کی ضرورت ہوتی ہے۔

4

نیٹرم سلف کا مرطوب موسم میں دمہ ہوا ہے۔ ایک دن صبح کے وقت میں نے دمے کا ایک
مریض دیکھا۔ یہ کافی شدید کیس تھا۔ تیماردار اس کی حالت سے بہت پریشان تھے۔ تفصیلات
جاننے کا موقع نہیں تھا۔ یہ بات اہم تھی کہ وہ جونہی نرم حالت میں بھیگ جاتا تو بیماری کا دمہ ہو
جاتا۔ اس علامت پر اسے نیٹرم سلف-30 دی گئی۔ اس دوائی سے اس کی تکلیف فوری طور پر ختم ہو
گئی۔ اسے دو تین مہینے افاقہ رہا۔ اس کے بعد جب بھی موسم مرطوب ہوتا یا وہ بارش میں بھیگ
جاتا تو اسے دمہ کی شدید شکایت ہو جاتی۔ اسے تقریباً تین چار ماہ بعد دوائی کی ضرورت پڑتی۔
اس کے بعد دو سال تک افاقہ رہا۔ اس کے بعد پھر تکلیف ہوئی۔ اسے نیٹرم سلف-1m دی گئی۔
تین مہینے تک افاقہ رہا۔ اس دوران موسم مرطوب بھی رہا مگر وہ تکلیف سے بچا رہا۔ اس کے بعد کی
صورت حال یہ رہی کہ اسے معمولی شکایت بھی ہوتی تو وہ زیادہ پرواہ نہ کرتا۔ تکلیف شدت اختیار
کرتی تو نیٹرم سلف کی ایک آدھ خوراک سے طبیعت بحال ہو جاتی۔ بدقسمتی یہ تھی کہ وہ غربت کی
ایسی حد پر تھا کہ اس کے لئے مزید علاج کرنا بہت مشکل تھا۔

نیٹرم سلف کا مرض آرسینکم کے بعد آتا ہے۔ نیٹرم سلف کے مریض میں تکلیف صبح چار
پانچ بجے سے پہلے نہیں ہوتی اور تکلیف شروع ہونے کے بعد قبل دوپہر تک جاری رہتی ہے۔ اس
میں پتلی اور تر بلغم جو سبز اور زرد رنگ کی ہوتی ہے اور بافراط خارج ہوتی ہے۔ سینے میں گھٹن اور
دباؤ محسوس ہوتا ہے۔ سینے کو دبانے اور تھامنے سے افاقہ ہوتا ہے۔ آرسینک جب تکلیف کو افاقہ
دے دیتی ہے تو نیٹرم سلف کا دائرہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ دوائی تھوجا کے ناکام ہونے کے بعد اچھا
اثر کرتی ہے۔ اس کی ایک اور معاون دوائی میڈورینم ہے۔ یہ سائکوٹک دوائیں ہیں۔

تیز رفتاری کے اس زمانے میں پیٹرول سے چلتی مشینی آواز اور بھونپو کے گراموفون اور لاؤڈ سپیکر کا
شور شرابا دباؤ کا باعث ہے اور ان سے کمزور اعصابی نظام شدید طور پر متاثر ہوتا ہے۔ جس کا سب
سے زیادہ اثر سانس کے نظام پر ہوتا ہے۔ ماحول اور اس کے نقصان دہ اثرات کو جرمن تصاویر میں
بہت خوبی سے نمایاں کیا گیا ہے۔ واقعات کا تسلسل صورت حال کو واضح کرنے کے لئے کافی ہے

نیچے ایک کیس درج کیا جاتا ہے۔

5

ایک صحت مند شخص جنگ کے زمانے میں گیس کی زد میں آجاتا ہے۔ اس کا چار سالہ معصوم بچہ جنگ کے دوران بہت خوفناک تجربات سے گزرا۔ دہ دوست بھی پوری حالت میں وہ کم سنی میں ہی دمہ میں مبتلا ہوا۔ عام طور پر بہت مضبوط شخصیت کے لوگ ہر طرح کی انتہاؤں کو چھوتے ہیں۔ ان کو مصائب اور خوشیوں کی معراج نصیب ہوتی ہے۔ وہ تکالیف میں انتہائی حساس ہوتے ہیں۔ یہ بچہ میڈورنا کا ایک مثالی کیس ہے۔ یہ مزاج اس کے پورے کیس میں حاوی ہے۔ ہر سردی کے ساتھ دمہ کا شدید حملہ، یہ حملہ پہلی بار دانت نکلنے کے زمانے میں ہوا۔ بچے کی کبھی ناز برداری نہیں ہوئی۔ وہ انتہائی سخت کوش اور محنتی، روزانہ ٹھنڈے پانی میں نہاتا، انتہائی دھوپ میں بھی ہیٹ نہیں پہنتا، سردی یا گرمی کی پرواہ نہیں کرتا۔ اس کے باوجود جسمانی طور پر بیمار۔ ہر سردی میں سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ میں مبتلا ہو جاتا۔ یہ حالت بگڑ کر اکثر اوقات سخت نمونیہ تک پہنچ جاتی۔ اسے ہیپر سلف 6 دی گئی۔ اسے یہ دوا کافی طویل عرصہ تک دی جاتی رہی۔ وجہ یہ تھی کہ اسے ہمیشہ سردی لگنے سے دمہ ہوا۔ جونہی مشرق سے سرد تیز ہوا چلی، مریض قابو آ گیا۔ دوائی سے حملہ نہ رکا بلکہ ہلکا ہوا۔ فرق یہ ہوا کہ دو تین ہفتے کے بجائے وہ چار دن میں سلسلہ ختم ہو جاتا۔ آخر کار سال با سال تک ہر سرد طوفان سے اس کا مبتلائے مرض ہونا ایک معمول بن گیا۔ اس سے کئی روز کے لئے بستر میں مقید ہو جاتا۔ سات سال کی عمر میں وہ ساحل سمندر پر لے جایا گیا۔ گرمی کا موسم تھا۔ وہ فوراً ہی ٹھیک ہو گیا۔ دو مہینے تک اسے کوئی تکلیف نہ ہوئی۔

ساحل سمندر پر افاقہ کی علامت پر میڈورینم 30 دی گئی۔ اب اسے آٹھ ماہ تک افاقہ رہا۔ تمام سردی وہ سکول جاتا رہا۔ کبھی کبھار میڈورینم کا کورس لے لیتا۔ بچوں کا دمہ دو اڑھائی سال کا وقت علاج کے لئے لے لیتا ہے۔ اس کے بغیر دمہ کا رجحان مستقل طور پر ختم نہیں ہوتا۔ بچوں اور بڑوں کو اور ان کے عزیزوں کو خوف وہراس سے بچانے اور عضلات سینہ کے تکلیف دہ دوروں سے بچانے کے لئے ہومیو علاج کی یہ اثر انگیزی قابل قدر ہے۔

انگریزی نژاد فرانسیسی لڑکے کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے۔ میں نے اسے پہلی بار ۱۹۳۰ء میں دیکھا۔ اس وقت اس کی عمر نو سال تھی۔ اس کا قد چھوٹا تھا، کندھے جھکے ہوئے، مختصر سی چھاتی، سکڑی ہوئی پسلیاں، گردن میں سانس سے متاثرہ عضلات بڑھے ہوئے، ہونٹ نیلے، کھوکھلا سانس۔ یہ حملے کئی سال سے جاری تھے۔ اسے فزیوتھراپی کے وارڈ میں داخل کیا گیا۔ ہفتے میں دو دفعہ اس کی فزیوتھراپی کی جاتی۔ سانس کی ورزشیں اس کی چھاتی کے پھیلاؤ اور پھیپھڑوں کو آکسیجن

سے صاف کرنے کے لئے کر دی گئیں۔ اس کی عام صحت بہتر کرنے کے لئے دھوپ اور روشنی کا اہتمام کرایا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف شعاعوں اور روشنیوں سے علاج کیا گیا۔ اس کی جسمانی حالت آہستہ آہستہ بہتر ہوئی مگر دمہ کو کوئی فرق نہ ہوا اس پہلو سے وہی تعطل کی کیفیت تھی

اس مرحلہ پر مستحق مریضوں کی امداد کی تنظیم کی ایک وزیٹر نے مریض کو دیکھا۔ خوب گھر کا جائزہ لینے کے بعد اسے ایک کھلی فضا میں موجود ہیلتھ ہوم میں پندرہ روز کے لئے بھیجنے کا مشورہ دیا۔ اس سے پہلے تک اس بچے کو گھر میں ہر قسم کی حرکت سے بچانے کے لئے پوری احتیاط سے کام لیا جاتا تھا۔ کھلی فضا میں منتقلی کے بعد اس کی تکالیف نے نئی صورت اختیار کر لی۔ جب میں نے اسے دوبارہ دیکھا تو وہ قریب المرگ تھا۔ اس طرح پندرہ دن میں علاج کی جو محنت کی گئی تھی وہ برباد ہو گئی۔ ہمیں نئے سرے سے کام شروع کرنا پڑا۔ معمولی ورزشیں شروع کرائی گئیں۔ ان کو آہستہ آہستہ بڑھایا جاتا۔ شعاعوں اور روشنیوں سے مدد لی گئی۔ چند مہینے بعد اسے پہلی بار ہومیوپیتھی دوا کا ایک ڈوز دیا گیا۔ مشاہدہ سے پتہ چلا کہ وہ ہمیشہ سردی محسوس کرتا ہے۔ اکثر نزلہ زکام ہو جاتا، بہت جلد تھک جاتا اور نڈھال ہو جاتا۔ یہ کیفیت خاص طور پر چار بجے سے آٹھ بجے محسوس ہوتی۔ وہ بہت دبلا پتلا اور شرمیلا قسم کا لڑکا تھا۔ اسے جونہی نزلہ زکام شروع ہوتا تو یہ سینے کو پکڑ لیتا۔ ایک ہفتے بعد دائیں پھیپھڑے سے بائیں پھیپھڑے کی طرف تکلیف منتقل ہو جاتی۔ یہ تمام علامات لائیکوپوڈیم کی تھیں اسے (لائیکوپوڈیم 30) تجویز کی گئی اور کافی عرصہ دوا دی جاتی رہی۔ اس دوا نے فوری اثر دکھایا۔ دمہ انتہائی کم ہو گیا

پندرہ روزہ وزٹ کی رپورٹ یہ تھی کہ کھانسی کم، سانس پھولنے کی شکایت درست ہو گئی۔ سانس کی آواز صاف۔ دو مہینے تک وہ دمہ سے آزاد رہا۔ لیکن اس کے بعد ستمبر ۱۹۳۲ء میں اسے زکام ہو گیا جو چار ہفتے تک جاری رہا۔ مگر دمہ سے وہ پھر بھی محفوظ رہا۔ ۲۰ اکتوبر کو اسے دوا کی ایک اور خوراک دی گئی۔ ۲۴ نومبر کو دوسری خوراک۔ اب یہ تھی کہ سردی کے خلاف مزاحمت کمزور تھی۔ ۲ فروری ۱۹۳۳ء کو دمہ اور کھانسی نہیں تھی۔ زکام ایک مہینے سے ٹھیک تھا۔ اسے روشنیوں اور گرمی ورزش کی ضرورت نہ ہوئی۔ ۹ فروری ۱۹۳۳ء کو اسے دوا کی مزید خوراک دی گئی۔ ۵ نومبر ۱۹۳۴ء تک اسے زیر مشاہدہ رکھا گیا۔ اسے کبھی کبھار زکام کی شکایت ہوئی مگر سانس کا کوئی مسئلہ نہ
۱ نومبر ۱۹۳۴ء میں دوا کی ایک خوراک دی گئی۔

اب وہ پندرہ سال کی عمر کو پہنچ چکا تھا۔ یہ سکول چھوڑنے کی عمر تھی۔ ۱۹۳۶ء کی رپورٹ سے پتہ چلا کہ [illegible] اب وہ صاف ستھرا آیا کرتا۔ اس کی صحت بہت عمدہ ہے۔
وہ پانچ فٹ [illegible] کا نوجوان ہے [illegible] اس کی [illegible] ہوئی چھاتی ہے

پہچان میں نہیں آتا۔ پہلے سے بہت مختلف ہے۔ وہ پتلا دبلا، بیمار صورت، ہانپتا ہوا آیا تھا۔ کیا یہ ہومیو
علاج نعمت نہیں؟ دمہ میں ہلکی ورزش علاج میں معاون ہے۔ حقیقی پیش رفت مقصود دوا کی ہی
ہوئی۔ یہ لڑکا پندرہ روز بعد باقاعدہ آتا رہا۔ ۱۹۳۱ء تک سانس پھولنے، دمہ اور نالیوں کی
سوزش کی مسلسل شکایت رہی۔ پھر اسے لائکوپوڈیم کی پہلی خوراک دی گئی۔ یہ دوا اس کی علامات
سے مطابقت رکھتی تھی۔ دمے کا حملہ فوری طور پر رک گیا اور دوبارہ لوٹ دینے میں بے قاعدہ ہو گیا۔
ورزش اور روشنی نے اس کی جسمانی طور پر بہتری میں معاونت کی لیکن دمے سے بہت نمایاں بہتری
ہوئی۔ اس سے جسم اور وزن بڑھنا شروع ہو گیا۔ چند ہفتے قبل اس کے گھر سے پتہ پر اس کی کیفیت
معلوم کرنے کے لئے رابطہ کیا گیا تو پتہ چلا کہ اسے دمہ کی شکایت نہیں ہوئی۔ سوال یہ ہے کہ اگر
اس لڑکے کا ہومیو علاج نہ کیا جاتا تو کیا فرق پڑتا۔ اس طرح کے کتنے ہیں جو اپنے آپ پر بوجھ
ہیں۔ وہ بیمار صورت، اپنا آپ اٹھا نہیں سکتے، ہانپتے، کانپتے، لرزتے، گرتے، پڑتے، وقت کو دھکا
دے رہے ہیں۔ وہ لوگ جن کے ذرائع محدود ہیں۔ ان کا معاملہ تو شاید اتنا اہم نہیں مگر روز کی محنت
سے اپنا پیٹ پالنے والے جن کی مزدوری بھی کچھ زیادہ نہیں۔ ان کے لئے دمہ سخت دشمن کی حیثیت
رکھتا ہے۔ ایسی صورت حال میں ہومیو علاج شاندار کام کرتا ہے۔ اس نے نوجوان لوگوں میں
مرض کا مکمل طور صفایا کر دیا۔ بڑے بوڑھوں میں یہ آسانی پیدا کرتا ہے۔ یہ حملوں کو مختصر کرتی ہے مگر
اس میں طویل اور محتاط علاج کی ضرورت ہے۔

6

ایف آر ایک بارہ سالہ لڑکا، یکم ستمبر ۱۹۳۲ء کو دیکھا۔ سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ کی
بار بار شکایت۔ وہ کئی سال سے دمہ میں مبتلا تھا۔ جس سے اس کی چھاتی چپٹ گئی۔ ہلکی پھلکی ورزش
کی ہدایت کی گئی۔ وہ ورزش کے لئے متعلقہ شعبہ میں باقاعدگی سے آتا رہا۔ اس کا بغور مشاہدہ
کیا گیا۔ اس سے بہت زیادہ علامات حاصل کرنا مشکل تھا۔ واضح تھا کہ مرطوب موسم میں بیماری
کے حملے شدید تر ہوتے تھے۔ اسے اکثر سردی لگ جاتی تھی۔ اس ایک علامت پر نیٹرم سلف تجویز
کی گئی۔ اس کی ایک ہزار طاقت ۲۱ دسمبر کو دی۔ خوشی کی بات تھی کہ دوا نے خوب کام کیا۔ چار ماہ
تک اسے کوئی حملہ نہ ہوا۔ اس کے بعد بھیگ جانے کی وجہ سے اسے دمہ اور نالیوں کی سوزش ہوئی۔
۲۵ مئی ۱۹۳۳ء کو اسے نیٹرم سلف 1m- کا ایک کورس دیا گیا۔ مارچ ۱۹۳۴ء تک اسے دمہ کی
شکایت نہ ہوئی۔ دس ماہ تک دمہ سے آزاد رہا۔ گرمی، خزاں اور سردی کے تین موسم گزر گئے اور وہ
دمہ سے محفوظ رہا۔ یہ ریکارڈ کی بات تھی۔ ۱۵ مارچ ۱۹۳۴ء کو نیٹرم سلف 1m کی ایک خوراک دی
گئی۔ ۱۹۳۴ء کی گرمیوں میں اس کے بارے میں پھر پتہ چلا کہ وہ بالکل درست ہے۔ علاج سے

اس اٹھارہ مہینوں میں اس کے وزن میں اضافہ ہوا، وہ خوب صورت سی شکل اختیار کر گیا۔

(7)

اے۔ جی ایک لڑکا، عمر ۱۱ سال، مئی ۱۹۳۳ء میں پہلی بار دیکھا۔ خناق کے ٹیکے کے بعد کئی سال سے دمہ میں مبتلا تھا۔ برامپٹن ہسپتال میں علاج کروا چکا تھا۔ کمر میں ہموار خمیدگی ہو چکی تھی، چھاتی پھیلنے سے عاری، صرف اوپر کی جانب معمولی سی حرکت کرتی۔ بلغم مشکل سے خارج ہوتی۔ مرطوب موسم پسند نہیں۔ کھانسی کے ساتھ قے۔ اپیکاک-30 دن میں تین بار

۸ جون ۱۹۳۳ء

رات کو کھانسی شدید، پھیپھڑوں سے دمہ کی آوازیں۔ آرسینکم البم-30 دن میں تین بار۔

۱۵ جون ۱۹۳۳ء

کوئی تبدیلی نہیں، صرف نیند بہتر ہوئی۔ نیٹرم سلف-30 ایک خوراک اور اپیکاک-30 دن میں تین بار۔

۲۲ جون ۱۹۳۳ء

کان اور ہونٹ نیلے، سانس بہت دقت کے ساتھ، سانس کی آواز زوردار۔ اپیکاک دن میں تین بار۔

۲ جولائی ۱۹۳۳ء

پھیپھڑے صاف، کھانسی ختم، مگر اتوار کی رات کو ہر ہفتے بیماری کا حملہ، کئی ہفتے تک یہی کیفیت رہی۔ سلفر 30 ایک خوراک اپیکاک-30 دن میں تین بار۔

۲۰ جولائی ۱۹۳۳ء

پھیپھڑے سوزش زدہ، حاد حملہ اتوار کو ہوا۔ اس ہفتے آکسیجن کی کمی کی علامت نہیں، نیٹرم سلف-1m ایک خوراک، صرف اس علامت پر کہ وہ مرطوب موسم کو پسند نہیں کرتا۔

۷ ستمبر ۱۹۳۳ء

حملے سے پہلے بہت پریشان، اسے دمہ تو بچپن سے خناق کے بعد سے تھا، تھوجا-30 خناق کی انسدادی دوائیوں کے امکانی زہر کے لئے۔

۲۱ ستمبر ۱۹۳۳ء

پچھلے ہفتے شدید حملہ ہوا۔ بہت مشکل صورت حال، لڑکا بولتا ہی نہیں، اس کی والدہ ہمیشہ اس کے ساتھ ہوتی، وہ اس کا خوب مشاہدہ کرتی۔ لڑکا خود حملہ سے پہلے بہت تنگ اور چڑچڑا ہوتا

بے لڑنا جھگڑنا شروع کر دیتا، ورنہ وہ کوئی بات ہی نہیں کرتا۔ ماں اور مریض ولی خاص عادت میں دیتے تھے تو موت کو خاموش دوائی جاری رکھنا پڑتی۔ ایپکاک-30 دن میں تین بار۔

١٢ اکتوبر ١٩٣٣ء

رات دو تین بجے کے دوران حملہ، سوتے میں چلاتا ہے، [illegible] سے لڑتا ہے۔ پھیپھڑے سیٹی بجاتے، خشک کھانسی۔ نیوبرولینم-30 دو ایپکاک-30

٩ نومبر ١٩٣٣ء، دھند کے دوران شدت، پھیپھڑے صاف۔ تین دن تک کمی نہیں۔ چیخنے چلانے کی کیفیت ختم ہو گئی، ڈفتھیرینم-30، بچپنے کے خناق کے اثرات سے رہ جانے والے اثرات دور کرنے کے لئے۔

١٦ نومبر ١٩٣٣ء

ہفتہ بھر ٹھیک رہا۔ اگرچہ موسم دھند سے پُر رہا۔ آسانی سے ڈر جاتا ہے۔ بڑی والدہ کے بغیر کبھی نہیں آتا، اپنے بارے میں خود کچھ نہیں کہتا۔ ایپکاک-30 دن میں تین بار۔

٢٣ نومبر ١٩٣٣ء

دانتوں سے ناخن کاٹتا ہے، چکنائی پسند نہیں، اپنی ماں کے آنچل کے ساتھ بندھا ہوا، کسی اجنبی سے بات نہیں کرتا، پھیپھڑے سیٹی بجاتے ہیں، پلساٹیلا-30 دن میں تین بار۔ تین دن کے لئے۔

٣٠ نومبر ١٩٣٣ء

بہت بہتر، حملہ صبح پانچ بجے، پلساٹیلا، دسمبر میں بار بار دی گئی، نتیجتاً سانس کی خرخراہٹ ختم ہو گئی۔ پچھلے سال دسمبر میں خرخراہٹ مسلسل تھی۔

---

٢١ جنوری ١٩٣٤ء

شدید حملے، خرخراہٹ اور سانس میں رکاوٹ اور تنگی، پلساٹیلا-30 دن میں تین بار۔

٨ مارچ ١٩٣٤ء

چار ماہ میں وزن کا دو پونڈ اضافہ، پیاس شدید، بازوؤں میں درد، سانس کی خرخراہٹ، برائیونیا-30 دن میں تین بار، چند ہفتوں کے لیے برائیونیا دی گئی۔

٢٢ مارچ ١٩٣٤ء

اب آکسیجن میں کمی نہیں، رات کو حملے ختم ہو گئے، پسینے کے بعد پھیپھڑوں میں کچھ [illegible]۔ برائیونیا-30 دن میں تین بار۔

١٥ اپریل ١٩٣٤ء

دائیں ٹانگ پر پھوڑا، دائیں جنگاسے میں گلٹی پڑا ہوا۔ نارٹوا کیبنیس-30 چار خوراکیں دن میں چار بار۔

۲۵ اپریل ۱۹۳۴ء

وزن میں ایک پونڈ کی کمی، آکسیجن کی کمی کی کوئی علامت نہیں۔ تکلیف دوبارہ نہیں ہوئی۔ سانس کی تنگی ختم۔

۷ جون ۱۹۳۴ء

رات کے دو تین بجے اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔ سانس تنگ ہو جاتا ہے، تازہ ہوا کی خواہش۔ آرسینک-30 دوروں کے دوران۔ اس کی والدہ نے آرسینک کبھی کبھار دی۔ بہر حال ہفتے میں ایک بار اس کی ضرورت ہوئی۔

۱۲ جولائی ۱۹۳۴ء

بہت بہتر، اپنے سائیکل پر اپسم سیر گاہ گیا۔ ورنہ وہ تو ماں کے ساتھ ہی بندھا رہتا تھا۔ آرسینک-30 مسلسل۔

۲۰ ستمبر ۱۹۳۴ء

ایک بار پھر بہت نیلی رنگت غالب آ گئی، دمہ میں لیٹنے سے کمی، رات کو شدت، تکلیف سے بیدار ہو جاتا، دورہ کے دوران بہت گرم، لیکیسز-30۔

ستمبر اکتوبر میں شدت، اتنی کہ اس کی والدہ گھبرا کر اسے برامنٹن ہسپتال لے گئی۔ اسے اندیشہ تھا کہ وہ پھیپھڑوں کی دق میں مبتلا ہے۔ ہسپتال والوں نے علاج کو درست قرار دے کر اسے جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ اس کی ماں بہترین طریقہ سے علاج کے باوجود ہسپتال لے جانے پر شرم سار ہونے کے بجائے اکڑی ہوئی آ رہی تھی۔ ہسپتال والوں نے ایکس رے کے بعد دمہ کی موجودگی کی تصدیق کی اور بتایا کہ دق موجود نہیں۔ چار ہفتوں کے دوران ہسپتال کے علاج سے اس کی حالت بے حد خراب ہو گئی۔ زیادہ وقت بستر میں رہتا اور کھانسی اور سانس کی تنگی کے دورے پڑتے رہتے۔

۸ نومبر ۳۴ء

لائیکو-30 وزن میں چھ ہفتوں میں کمی ہوئی۔

۱۰ جنوری ۳۵ء

رات کو نیند خوب ہوئی۔ پھیپھڑوں میں دائیں جانب سکڑن، لائیکو کی علامات، ایلو-30

۳۱ جنوری ۳۵ء

چار پانچ بجے صبح سانس کی تنگی، دمہ تب تک شدید نہیں، رفتہ رفتہ اس میں شدت،
پھیپھڑوں میں خرخراہٹ کالی کارب-30

۱۴ فروری ۳۵ء

جنوری کے بعد سے کوئی حملہ نہیں ہوا۔ صبح صبح سانس کی تنگی ختم ہوئی

۲۱ فروری ۳۵ء

گذشتہ روز طبیعت خراب رہی- کالی کارب-30

۷ مارچ ۳۵ء

کافی بہتر، کھانسی کے باوجود پھیپھڑوں میں آوازیں، کالی کارب-30

۲۸ مارچ ۳۵ء

ایک بار پھر ہفتے، اتوار کی رات کو حالت خراب، پھیپھڑے خرخراہٹ سے بھرپور---
کالی کارب بدستور، دن میں تین بار-

۲ مئی ۳۵ء

کافی بہتر-

۹ مئی ۳۵ء

دمہ کی واپسی، سکول جانے سے خوف، کالی کارب 30 تین خوراکیں-

۱۳ جون ۳۵ء

سکول میں کرکٹ کھیلتا ہے، اپنے لئے خود بات کرتا ہے- خوب سوتا ہے-

۷ ستمبر ۳۵ء

کئی مہینوں سے اچھا ہے، ناک کی نوک پر مسہ پیدا ہو گیا جو چھینکوں کے دوران گر گیا-

۲۸ ستمبر ۳۵ء

دوبارہ راتیں مخدوش ہو گئیں- پھیپھڑوں میں خرخراہٹ، کالی کارب-30

۱۳ اکتوبر ۳۵ء

کالی کارب- 1m صورت حال بدستور-

۱۱۰ اکتوبر ۳۵ء

دمہ غائب، مگر شدید زکام، دھند کے بعد، پیاس، بہت زود رنج، برائیونیا-30 دن میں
تین بار، سردیوں بھر میں ٹھیک رہا-

۲۳ جون ۳۶ء

زکام [illegible] بار بھی [illegible] کالی کارب 1m [illegible] کی [illegible]
[illegible] کی آواز [illegible] صاف [illegible] بہتر [illegible]
علاج [illegible] کا [illegible] بھی [illegible]

۱۲ اپریل ۳۶ء

خفیف تھا - مگر فکر [illegible] - رات [illegible] - کالی کارب 1m -
[illegible]

۲ جون ۳۶ء

شدید تکلیف - کالی کارب 1m -

۲۶ جون ۳۶ء

بہت بہتر [illegible] خوب روشن -

۲۶ جولائی ۳۶ء

[illegible] کالی کارب 1m

۹ جون ۳۶ء

بہت [illegible] کے سینے کی [illegible] ہے - [illegible]
عضلات میں کوئی ضعف نہیں - چودہ سال کی عمر [illegible] شروع ہوا - کام پر جانے لگا - ۱۹۳۷ء
[illegible] بالکل ٹھیک تھا [illegible] ۱۹۳۹ء [illegible]
[illegible] کالی کارب 10 m - تجربہ [illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
آرسینک اور اپیکاک تھیں - فزیکل تھراپی میں سانس کی ورزشوں میں پوری باقاعدگی سے شریک
ہونے کے باوجود کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اس کے سینے کی خرخراہٹ میں کوئی فرق نہیں پڑا - مقامی علاج
نے بھی کوئی فائدہ نہ دیا - اس دوران میں نے اس کے مزاج کا پورا اندازہ کر لیا - کالی کارب شروع
کرائی - اس نے حملوں کو فاصلے پر رکھا اور ذہنی اور جسمانی طور پر اسے بہتر بنایا - علاج طویل ہونے
کی بنا پر مریض اور اس کی ماں مایوسی کا شکار ہوئی مگر آخر کار نتائج نے ان کو تسلیم کرا دیا کہ ہمارے
علاج نے انتہائی عمدہ نتائج پیدا کئے ہیں -

کالی کارب ایک مشکل دوا ہے - یہ ہر موسم میں بہت حساس ہے - خزاں اور سردی میں

یہ تکلیفوں اور اندیشوں سے تعبیر ہوتے ہیں۔ یہ بالعموم تمام امراض کے پیچھے تمام تدید ملتی ہے۔ ان میں
گلہ کی، قے کے ساتھ آتی ہے جب ... کالی کارب کی یہ علامت ان سے میں پائی
جوبن پر تھیں۔ اسی طرح اس کی دمہ میں جو ... میں نے منتخب کی وہ خراب تھی ... علامات و
جمع و معلوم کرنے میں طویل وقت صرف ہوا۔ ... مریض ... رہتیں۔
صرف اتنا کہنا کہ حملہ ہوگیا ہے۔ ایسے خاموش کرداروں کو پڑھنا کافی مشکل مرحلہ تھا۔

کالی کارب سایکاٹک دوائی ہے۔ بار بار ہونے والے دمے سے سایکاٹک دواؤں
میں سے ہی منتخب کرنا ضروری تھا کالی سلفیوریکم، میڈورینم، نیٹرم سلف، سٹیفسیگریا، سلفر، تھوجا وغیرہ۔

دمہ ایک مزاجی تکلیف ہے۔ اکثر اوقات یہ موروثی ہوتی ہے۔ مختلف نسلوں کے لوگوں
میں پائی جاتی ہے۔ جب یہ موروثی ہو تو زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔ ... یہ بات ... مطہر
نے بھی کہا ہے۔ میں نے اس بات کی صداقت اپنے تجربہ میں خود مشاہدہ کی ہے۔

8

ایک خاتون انتہائی بیمار صورت زرد رو اور شفاف اتنی کہ خون سے خالی محسوس ہوتی۔
اس کی عمر چالیس کے لگ بھگ تھی۔ اس کے قریباً تمام بچے ہی بیمار تھے۔ بچوں کی تعداد بھی کافی
تھی۔ ہر حمل کے بعد اس کی رنگت پہلے سے زیادہ نمایاں ہو جاتی۔ اس کی بیماری کا اتنا شہرہ تھا کہ
آخر ہسپتال والے اس کے لئے پیشگی طور پر بستر مخصوص رکھتے۔ تین چار بار حمل کے دوران تو اتر
سے یہی ہوا۔ اس دوران جب وہ زچگی سے فارغ ہو جاتی تو بچہ بھی بیمار رہتی۔ سانس میں مشکل
ایک مستقل عارضہ تھا، اس کی شکل بھر پور دمہ کی نہیں تھی۔ خون کی کمی ہمیشہ تشویش کا باعث رہتی۔ ہر
بار زچگی کے مرحلے میں اس کے مرجانے کا اندیشہ رہتا۔ ہم نے جونہی اس کی علامات پر عبور حاصل
کر لیا تو اسے میڈورینم تجویز کی۔ اس کے اور اس کے بچوں کے جوڑوں اور مخصوص اعضاء پر
پھنسیوں کا ہجوم تھا۔ میڈورینم ہزار طاقت سے یہ پھنسیاں صاف ہو گئیں۔ مریضہ کا وزن بڑھنے لگا اور
خون کی کمی دور ہوگئی۔ وہ اپنے گھر اور بچوں کی ذمہ داریاں پوری کرنے لگی۔

یہ دوائی اس کے بچوں کو بھی دی گئی۔ پہلا بچہ جو مضبوط جسم اور ہڈیوں کا مالک تھا۔ اس
کی عمر چھ سال تھی۔ اسے دن کے وقت دمہ کی شکایت رہتی۔ اچانک حملہ کی صورت میں ہسپتال لایا
جاتا اور کئی کئی ہفتے وہیں رکھ کر علاج کیا جاتا۔ مجھے بتایا گیا کہ اسے تبدیلی آب و ہوا کی غرض سے ایک جزیرے میں
قیام کے دوران بالکل افاقہ رہا۔ لیکن لندن واپس آنے پر دو دن کے بعد ہی شدید حملہ ہوا۔

موجود تھی۔ اسے میڈورینم-30 دی گئی۔ اس دوا کو ہفتوں تک جاری رکھا گیا۔ دوا سے خوب فائدہ ہوا۔ دمہ کے حملے رک گئے۔ اس نے سکول جانا شروع کر دیا جو دمہ کی وجہ سے پہلے وہ سکول نہیں جاتا تھا۔ اب اسے ساحل پر جا کر مہنگے قیام کی ضرورت نہیں تھی۔ پیٹنٹ وغیرہ کی ادویات سے اخراجات کی کتنی بچت ہوئی۔

اس طرح کے سینکڑوں کیس ہیں۔ یہ کیس بہت سے شہروں میں بلا تفریق پائے جاتے ہیں۔ ان کو میڈورینم کی ضرورت ہے۔ جس کے بغیر وہ دمہ کا عذاب بھگت رہے ہیں۔ ان کو ساحل سمندر پر بھیجا جاتا ہے۔ اگر ہومیو علاج کا علم پھیلایا جائے تو گھر گھر یہ پیغام ہوگا

”جاؤ! جاؤ ہومیو ہسپتال جاؤ، ہومیو ڈاکٹر کے پاس چلے جاؤ! ناقابل علاج امراض میں ان کے پاس جاؤ اگر صحت نہ بھی ہوئی تو بھی افاقہ تو ضرور ہوگا۔ اس میں وقت لگ سکتا ہے۔ اس میں صبر و استقلال کی ضرورت ہوگی۔ مگر بہر حال آرام آ ہی جائے گا۔“

ساحل سمندر پر دمہ سے افاقہ کی علامت کا ذکر ہو چکا ہے۔ دمہ کی ایک اور عجیب و غریب علامت ہے۔ ملاحوں کا دمہ، جونہی وہ سمندر سے واپس اپنے گھر پہنچتے ہیں تو ان کو آرام آ جاتا ہے۔ اس قسم کے دمے کے لئے برومین دوائی ہے۔

9

ایک پچاس سالہ ملاح کا کیس بہت مشہور ہے۔ یہ ایک لمبا، چوڑا، مضبوط شخص، جس کا وزن ۲۰۱ پونڈ، خوبصورت بال، نیلی آنکھیں، رخسار سیب کی طرح سرخ۔ دمہ سے نڈھال رہتا، انہوں نے سوچا کہ اسے ریٹائر کر دیا جائے۔ جونہی وہ جہاز سے اترا تو وہ درست ہو گیا۔ برومین-6 دن میں تین بار۔ ایک عرصہ کے لئے دی گئی۔ اس سے وہ صحت یاب ہو کر اپنی ملازمت پر چلا گیا۔ اگر آپ اس طرح کی علامات کو انگلیوں پر یاد کریں تو آپ ایسی بیماریوں کو دور کر سکیں جو پیشہ طب کیلئے عذاب کا باعث ہیں۔

آیئے ہم اپنے نظریہ کے اثبات کی جانب چلیں۔ نظریہ یہ ہے کہ دمہ کے علاج کے لئے سائیکاٹک دواؤں میں سے مطلوبہ دوا تلاش کرنا چاہیے۔ میرا مطلب شفا ہے نہ کہ آرام۔

ستمبر ۱۹۲۹ء کو میں نے ایک لڑکی دیکھی۔ اس کی عمر پانچ سال تھی۔ بارہ مہینوں سے سانس کی نالیوں میں سوزش رہتی تھی۔ اس کا الٹراوائلیٹ ریز اور ورزشوں سے علاج کیا گیا۔ مگر دمہ اور سانس کے عوارض جاری رہے۔ تنگ آ کر اسے ہسپتال لے جایا گیا۔ نومبر ۳۴ء میں وہ دوبارہ ہماری ڈسپنسری میں آئی۔ پانچ سال تک سب سے علاج کے بعد۔ اس نے کہیں سے سن رکھا تھا کہ ہماری ڈسپنسری میں دمہ کے کئی مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ چنانچہ اس نے آخری چارہ کار

کے طور پر رجوع کیا۔

مرطوب موسم کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے دمہ کی، وہ ایک مکمل تصویر تھی۔ سینہ بلغم سے بھرا ہوا، زبردست خرخراہٹ، خارج ہونے والی بلغم بافراط، سفید، گاڑھی اور دھاگے کی طرح۔ چھاتی میں سخت درد، کھانستے وقت چھاتی کو ہاتھوں سے پکڑنا پڑتا۔ بچی کی حالت سخت قابلِ رحم تھی۔ اس کے کندھے گول، وہ پست قامت، پتلی، کمر خم دار، پسلیاں اندر کو دھنسی ہوئیں، چھاتی کا اوپر والا حصہ نالی کی طرح تھا۔ اس کا چہرہ نیگنوں تھا۔ میں نے معلوم کیا کہ مرطوب موسم میں اس کی کیفیت شدید ہو جاتیں۔ یہ تمام علامات نیٹرم سلف کی تھیں۔ لہٰذا اسے نیٹرم سلف-30 دی گئی۔ اسے ہفتے میں دو بار روشنی اور ورزش کے لیے آنے کی ہدایت کی گئی۔

ایک ہفتہ بعد رپورٹ یہ تھی کہ مریضہ بہتر ہے، چھاتی کی غیر معمولی آوازیں صاف ہو گئیں۔

۲۲ نومبر ۱۹۳۴ء

ہفتے بھر میں حالت خراب رہی۔ بلغم بہت زیادہ رہی، پھیپھڑے صاف۔

۶ دسمبر ۱۹۳۴ء

بلغم زیادہ پھیپھڑوں میں خرخراہٹ، موسم بہت مرطوب، کئی روز سے بستر میں مقید۔ نیٹرم سلف-30 صبح و شام تین دن۔

۱۳ دسمبر ۱۹۳۴ء

سانس بہتر، کھانا بھی بہتر۔

۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء

تین دن سے بستر میں۔ کرسمس کے فوراً بعد سے مریضہ کی حالت بہتر تھی۔ بارش کے بعد، حملہ مختصر رہا، کچھ خشک خرخراہٹ، پہلی طرح تر خرخراہٹ نہیں تھی۔ نیٹرم سلف-30 ایک خوراک بدستور۔ پھر ایک خوراک صبح و شام اگر تازہ حملہ ہو۔

۲۴ جنوری ۱۹۳۵ء

بہت بہتر۔ ۱۴ فروری تک کوئی حملہ نہ ہوا۔ نیٹرم سلف صبح و شام۔

۲۱ فروری ۱۹۳۵ء

بہت مرطوب موسم، بستر میں چار روز سے مقید۔ بلغم بہت زیادہ، زردی مائل سبز اور لیسدار، مگر حملہ اتنا شدید نہیں تھا جیسا کہ پہلے معمول تھا۔ نیٹرم سلف-30 نے اپنا کام پورا کر لیا تھا۔ حملہ چونکہ اب جلد ہونے لگا تھا لہٰذا اونچی طاقت کی ضرورت تھی۔ نیٹرم سلف-1m دی گئی۔ ۹ مارچ

کے بعد دورہ سے محفوظ رہی۔ پھیپھڑے صاف تھے۔ اس روز میرے پاس نیٹرم سلف 1m نہیں تھی اس لئے اس کی تیس طاقت دی گئی۔ صبح و شام۔ ۲ دن کو بعد سے نیٹرم سلف 30 حسب ضرورت۔ سکول ڈاکٹر نے کھلی فضا کے سکول کی ہدایت کی۔ میں نے اس سے منع کر دیا۔ مرطوب موسم کی شدت کی وجہ سے ایسے سکول میں اوقات کے جب خرابی کا امکان تھا اس وجہ سے میں نے مخالفت کی۔ علاوہ ازیں اوپن ائیر سکول میں جو لڑکی کا ورزش درشت یہ حصہ رہ جاتا۔ اسے پورا مہینہ نیٹرم سلف پر رکھا گیا۔ اس دوران حملے معمولی اور تھوڑے وقت کے لئے ہوئے۔ میں نے محسوس کیا کہ نیٹرم سلف زیادہ گہرا اثر نہیں کر رہی بلکہ کسی دوسری دوائی کی ضرورت ہے۔

۶ جون ۱۹۳۵ء

اسے ہر ہفتے دورہ ہوتا۔ تین دن تک کے لئے رہتا۔ عموماً جمعہ کو شروع ہوتا اور بدھ تک جاری رہتا۔ وہ گھٹنوں پر جھک کر پڑی رہتی۔ چہرے کو تکیے سے ڈھانپ لیتی۔ یہ میڈورینم کی واضح علامت تھی۔ اس طرح دوا تبدیل کر کے میڈورینم۔30 دی گئی۔ کینٹ نے کہا ہے کہ نیٹرم سلف جب مرض پر گرفت قائم نہ کر سکے تو معاون دوا کے طور میڈورینم کام کرے گی۔

۲۰ جون ۱۹۳۵ء

ایک ہلکا سا حملہ ہوا۔ میڈورینم۔

۱۱ جولائی ۱۹۳۵ء

تین ہفتوں تک کوئی حملہ نہ ہوا۔ وزن ۹۲ پونڈ۔ اس وقت اس کی عمر گیارہ سال تھی۔ بدقسمتی سے شروع میں اس کا وزن نہیں لیا جا سکا۔ مجھے یقین ہے کہ وزن میں کافی اضافہ ہوا ہوگا۔ کیونکہ وہ بہتر اور خوش تھی۔ اس کی سکول حاضری بھی زیادہ باقاعدہ تھی۔

۲۶ ستمبر ۱۹۳۵ء

تین ماہ تک کوئی حملہ نہ ہوا۔ اب تک بیماری کے حملہ سے محفوظ رہنے کا یہ طویل ترین عرصہ تھا۔ ستمبر کے درمیان بہت معمولی حملہ ہوا اور نصف دن وہ بستر میں رہی۔ حملہ پر میڈورینم۔30۔ اس کی والدہ نے ہدایت کے مطابق دے دی۔ بازو بہتر، جھلسی ہوئی پھنسیاں بھی درست ہو گئیں۔

۳-۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء

مرطوب موسم کے باوجود کوئی حملہ نہ ہوا۔ آپ دیکھیں کہ صحیح دوا کس طرح مریض کا پورا مزاج طبیعت بدل دیتی ہے۔ وہ اب مرطوب موسم بھی برداشت کر سکتی ہے۔ میڈورینم 30

۱۰ اکتوبر ۱۹۳۵ء

ہفتے کے دوران حملہ ہوا، چہرے کے بل [illegible] پڑتے ہیں [illegible] میں

پڑی ہے۔ میڈورینم 30-

۳۱ اکتوبر ۱۹۳۵ء

دن کے وقت کھانسی زیادہ، دن کے وقت حملہ، [illegible] کی صورت میں پڑتی۔ میڈورینم

1m- جس کا ۱۴ نومبر اور ۱۲ دسمبر کو اعادہ کیا گیا۔

۹ جنوری ۱۹۳۶ء

ہلکا سا حملہ، میڈورینم 2m۔ معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] طاقت کی ضرورت ہے۔

۶ فروری ۱۹۳۶ء

میڈورینم 30- کیونکہ وہ منہ کے بل سوتی ہے۔

۲۰ فروری ۱۹۳۶ء

ہلکا سا حملہ، میڈورینم 30-

۵ مارچ ۱۹۳۶ء

ہفتہ میں بہت بری حالت، دن کے وقت شدید حملہ پڑا ہے (دن [illegible] یاب)

۲۶ مارچ ۱۹۳۶ء

ہلکا سا حملہ، دوائی صبح و شام۔

۲۰ اپریل ۱۹۳۶ء

چہرے کے بل سوتی ہے۔ صرف دن کے وقت حملہ۔ میڈورینم 30۔

۲۱ مئی ۱۹۳۶ء

تین ہفتوں میں پہلا حملہ۔

۳ ستمبر ۱۹۳۶ء

۲۱ مئی کے بعد سے کوئی حملہ نہیں ہوا۔ ساڑھے تین ماہ [illegible] رہی۔ وزن [illegible]

پونڈ۔ اب اس بچی کو مشکل ہی سے پہچانا جا سکتا تھا۔ چھاتی کا پھیلاؤ تین انچ۔ جب علاج شروع

کیا تو چھاتی کا پھیلاؤ بالکل نہیں تھا۔ ۲۱ مئی سے کوئی حملہ نہیں ہوا تھا۔

۱۸ اکتوبر ۱۹۳۶ء

سردی لگنے سے ہلکا سا حملہ۔ میڈورینم 1m۔

۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء

وزن ۸۰ پونڈ، چھ ہفتوں میں تین پونڈ وزن میں اضافہ۔

۳۰ ستمبر ۱۹۳۶ء

۱۸ اکتوبر سے کوئی حملہ نہیں ہوا۔ وزن ۸۲ پونڈ

۱۰ دسمبر ۱۹۳۶ء

ہفتے کے دوران میڈورینم -1m کی ایک خوراک۔

۴ مارچ ۱۹۳۷ء

وہ اچھی محسوس نہیں ہوتی۔ حملہ کی کوئی اہمیت نہیں۔ تجدید کی حالت میں سوتی۔ میڈورینم -1m ہر رات، ایک خوراک چھ دن کے لئے۔

۱۸ مارچ ۱۹۳۷ء

شدید حملہ، میڈورینم کی اونچی طاقت کی ضرورت، میڈورینم -10 m

۸ اپریل ۱۹۳۷ء

وزن ۸۶ پونڈ۔

۶ مئی ۱۹۳۷ء

ایک اور حملہ۔ میڈورینم 10 m

۲۰ مئی ۱۹۳۷ء

وزن ۸۰ پونڈ۔ اس بچی نے دو سال میں ۲۱ پونڈ وزن بڑھایا۔ دمہ کے حملوں کی تعداد و دورانیہ کم ہو گئے، ان کی شدت بھی کم رہی۔ علاج سے پہلے دمہ قریباً مسلسل تھا اور بہت شدید۔ اب وہ سکول جا رہی ہے، کافی بڑی ہو گئی ہے۔ بشاش بشاش، کام کر سکتی ہے۔ گھرانے پر بوجھ کے بجائے کارآمد فرد بن گئی ہے۔ پہلے وہ مسلسل ہسپتال میں رہتی تھی لیکن اب خزانے، خاندان اور خیراتی اداروں پر کوئی بوجھ نہیں تھا۔ اگر ہومیو علاج نہ کیا جاتا تو وہ کتنا مختلف وقت گزارتی۔ وہ ہماری دی ہوئی دوائی ضرورت کے وقت پورے اعتماد اور یقین سے استعمال کرتے۔ میڈورینم ایک نوسوڈ ہے۔ یہ دوا طویل وقفوں سے دینا چاہیے۔

مریضہ ۱۹۴۱ء میں اتفاقاً ملی تھی۔ اس نے خود تعارف کرایا تو میں پہچان نہیں سکی۔ اب وہ بہت خوب صورت اور توانا تھی۔ مسلسل کام کرتی اور زندگی کا لطف اٹھاتی۔ دمہ سے نجات پائی۔ مئی ۱۹۳۷ء سے اب تک دوائی اور نہ ہی حملہ ہوا۔

یہ مریضہ سات سال حملہ سے محفوظ رہی۔ ۱۹۴۴ء میں اسے بیماری ہوئی۔ پھر آہستہ آہستہ دمہ، ہسپتال ڈاکٹروں کے علاج میں بارہ ماہ تک اس کی بیماری روز بروز شدت اختیار کرتی گئی۔ اس کے بعد وہ پھر میرے علاج کے لئے آ گئی۔ چار ہفتے کے علاج کے بعد وہ دوبارہ اپنے کام پر

چلی گئی- میں نے اسے میڈورینم -10m کے ذریعے شفا دی-

اس کیس سے واضح ہے کہ دمہ میں دوا کی تجویز بڑی احتیاط سے کرنا پڑتی ہے- اس سے موروثی رجحان کے خلاف جنگ میں سال ہا سال لگ جاتے ہیں- فرق یہ پڑتا ہے؟ ایک قابل رحم حالت، بے کار، مریض خوب صورت، صحت مند اور معاشرے سے مفید کارکن کی شکل اختیار کر لیتا ہے- کیا مروجہ علاج اس طرح کے نتائج دے سکتا ہے- ان کے نیوں ورمرابات سے اس طرح کے نتائج کا تصور بھی کوئی نہیں کرسکتا-

دیکھیے، مروجہ علاج کے دوران دمہ کی تکلیف پوری شدت کے ساتھ جاری رہتی ہے- اس طریق علاج میں یہ بتایا جا سکتا ہے کہ دمہ کا سبب کیا ہوا؟ بلی کے بال، گھوڑے کے غلیظ بخارات یا کھانے والی مضر اشیاء کا استعمال- چنانچہ لوگوں کو بعض چیزوں سے دور رہنے کی تمام تر ہدایت کر دی جاتی ہے- سوال یہ ہے کہ زرعی مزدور گھوڑوں اور بلیوں سے دور کیسے رکھے جا سکتے ہیں- لیکن ہومیو علاج کتنا بہتر ہے- آپ شفا کے بعد اپنے گھر میں درجن بھر بلیاں رکھ سکتے ہیں، آپ چاہیں تو گھوڑوں کے اصطبل میں رہ سکتے ہیں- ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ دمہ کے علاج میں معقولیت اختیار کی جائے-

کیا دمہ قابل علاج ہے؟ یقیناً یہ قابل علاج ہے- میں نے اس بات کو ثابت کرنے کے لئے بعض کیسوں کی مکمل ہسٹری درج کی ہے- ڈاکٹر کینٹ کا کہنا ہے کہ دمہ اکثر اوقات سائیکوسس کی وجہ سے ہے- لہذا اس کے لئے سائیکوٹک دواؤں میں سے انتخاب کرنا پڑتا ہے- سائیکوسس حیوانی زہروں سے پیدا ہوتا ہے- جیسے چیچک، ویکسی نیشن، سوزاک- مجھے یقین ہے کہ آج کل جن ٹیکوں کو استعمال کیا جا رہا ہے ان کے مضر اثرات مستقبل میں سامنے آئیں گے- سائیکوسس سے اور گلٹیاں پیدا ہوتی ہیں- دمہ اور جلدی تکالیف ادل بدل کر ہوتی ہیں

کئی سال پہلے ایک بوڑھی خاتون کو کئی سال پہلے اس طرح کے دمہ کی شکایت تھی- سانس کی تنگی سے افاقہ ہوتا تو اس کے ہاتھوں اور بازوؤں پر مسے نکل آتے- اس صورت حال میں دوائیہ علاج پر مطمئن نہیں تھی- وہ کہنیوں پر مرہم لگاتی، تاکہ جلدی بیماری اندرون کا رخ کرے- نتیجتاً دمہ واپس آ جائے گا- میں نے اسے نرمی سے بتا دیا کہ اس طرح اپنا نقصان کرے گی- وہ خوش مزاج بڑھیا تھی، اس کی دوائی مزریم تھی- یہ ایک اور سائیکاٹک دوا ہے مگر افسوس یہ ہے کہ مزریم کا پھوڑا بہت تکلیف دہ ہوتا ہے- وہ اسے برداشت نہیں کر سکتی- کم و بیش ایک سال بعد وہ آئی تو اس کی شرمگاہ کے بیرونی حصوں پر گوبھی جیسی رسولیاں بن گئی تھیں- یہ بہت پُر درد تھیں- سائیکاٹک مادہ کو جسم کے اندر واپس کیا گیا تھا تو اس نے اپنا بدلہ لے لیا اور اب وہ مبتلا

صورت اختیار کر گئی۔ اس مرحلہ پر اس لیے کچھ نہیں کیا جا سکتا تھا۔ میں اسے دن بدن مزید بد
حالت کی طرف جاتے دیکھتی رہی یہاں تک کہ وہ معذوروں کے ہسپتال میں ہلاک ہو گئی۔

یہ پہلا کیس تھا جس سے مجھ پر واضح ہوا کہ دمہ اور سائیکوسس باہم متعلق ہیں۔ اس کے
بعد میں نے اس خاندان کا علاج کیا جس کا اوپر ذکر کر چکی ہوں۔ خاندان سے ایک فرد کو سوزاک بڑوں پر
چھوڑا تھا۔ بڑے لڑکے کو دمہ اور ان کی ماں سائیکوٹک کی خونی وراثتی کمزوری میں مبتلا تھی۔ ان
کی ماں کے بارے میں کل ہی مجھے معلوم ہوا کہ وہ اب اتنی اچھی ہو گئی ہے کہ گھر کی ذمہ داریوں
کے علاوہ وہ سارا کام بھی کرتی ہے۔ اندازہ کریں کہ وہ خاتون جس کے بارے میں یہ سوچا گیا
تھا کہ یہ بچ نہیں سکے گی۔ وہ صحیح دوائی میڈورینم سے صحت کی منزل تک پہنچ گئی۔

میڈورینم ہومیو نوسوڈ ہے یہ سوزاک کے وائرس سے بنائی جاتی ہے۔ بانی من کے
وضع کردہ طریقوں کے مطابق اس کی آزمائش کی گئی صحت مند لوگوں میں اس کی پیدا کردہ علامات
کو احتیاط سے نوٹ کیا گیا اور اگر کسی بیمار پر یہ علامات ظاہر ہوں تو میڈورینم اسے شفا دے گی۔ ان
علامات کا خلاصہ یہ ہے۔

"کھانسی اتنی مشکل جیسے گلے میں کچھ پھنس گیا ہو، نرخرہ بند جیسے کہ ہوا داخل ہی نہیں ہو
سکتی۔ سجدہ کی حالت میں افاقہ، گہری اور کھوکھلی کھانسی، لیٹنے سے شدت، پیٹ کے بل لیٹنے سے
افاقہ، سانس میں مشکل، پنکھے کی ہوا پسند ہے، سردی محسوس کرتا ہے مگر اوڑھنی ڈالی جائے تو اتار پھینکتا
ہے، گرمی سے شدت، چھونے میں برف کی طرح ٹھنڈا، نمی اور مرطوب ہوا اور طوفان اور برق چمک
سے شدت، دن کے وقت طلوع سے غروب تک شدت، سمندر ورشن، ساحل پر عام حالت بہتر،
سمندر کے اندر خراب۔ پاؤں جلتے ہیں، اوڑھنی سے باہر رکھنا اور ننگا رکھنا چاہتا ہے۔ خود پسند، خود
ملامت کرنے والا، پشیمان، وقت بہت سست محسوس کرتا ہے چنانچہ جلدی میں ہوتا ہے۔ چیچک کا پس
منظر، ویکسی نیشن، یا سوزاک۔"

ایک علامت پر دوا کی تجویز بیکار ہے۔ کئی علامات کی موجودگی ضروری ہے۔ مثال کے
طور پر سانس کی تنگی کے ساتھ پنکھے کی خواہش کے تحت سات دوائیں درج ہیں۔ آپ کو ان میں
سے مریض کی مجموعی علامات پر منفرد دوا تلاش کرنا پڑے گی۔

چند سال پہلے میرے پاس دمہ کی ایک مریضہ تھی۔ اس کی عمر ۶۰ سال تھی۔ اس کی "دوا"
تجویز کرنے میں مجھے مشکل ہوئی۔ وہ اپنے زمانے کی بہت محنتی باورچن تھی۔ دمہ نے اسے بالکل
بیکار کر دیا تھا۔ وہ اسپرین لیتی تھی۔ اسپرین لینے کی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔ اس سے اسے کوئی فائدہ بھی
نہیں ہوتا تھا مگر وہ اسے جاری رکھے ہوئے تھی۔ اس کے پاؤں، اور ٹانگیں ٹخنوں تک سوجے

ہوئے تھے۔ پیشاب میں چربی خارج ہوتی۔ چھاتی میں آوازیں، خرخراہٹ، سیٹی کی آوازیں۔ دل کی دھڑکن انتہائی کمزور، چہرہ گلابی تھا، خاص طور پر دمہ کے دوران۔ بات مشکل میں تھی۔ چلنا بالکل ممکن نہیں رہا۔ مشکل ہی سے رینگ سکتی تھی

میں نے اس پر مختلف دواؤں کو آزمایا مگر کوئی خاص فائدہ نہ ہوا۔ چند علامات واضح ہو گئیں۔ سانس کی تنگی، ہوا کی خواہش، پنکھا اپنے نزدیک رکھتی۔ دمہ سے پہلے سردی کا شدید احساس، یہ احساس سانس کی تنگی کے دوران بھی جاری رہتا۔ لیٹنے سے تکلیف میں شدت، دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھنا چاہتی ہے۔ میں نے کاربوویج تجویز کی مگر اس سے بھی کوئی فرق نہ پڑا۔ میں نے تمام کیس کا دوبارہ جائزہ لیا تو ایپس کی نشاندہی ہوئی۔ وجہ یہ تھی کہ وہ گرمی بہت محسوس کرتی۔ آگ کے نزدیک بیٹھ نہیں سکتی تھی۔ خائف اور غمگین۔ اسے سوجن تھی۔ اگرچہ دمہ کے عنوان کے تحت ایپس درج نہیں مگر علامات پر یہ دوائی حاوی تھی۔ چنانچہ میں نے ایپس دی۔ اس سے پہلی بار افاقہ ہوا۔ وہ تھوڑے وقت میں ٹھیک ہوگئی۔ پیشاب میں چربی اور سوجن ختم ہوگئی۔ دمہ اور دل کی سوزش میں بھی افاقہ ہوا۔ اسے ایپس 6- دن میں تین بار، کچھ عرصہ تک باقاعدگی سے دی۔ جس کے بعد صرف تکلیف کے وقت دوا لینے کی ضرورت ہوتی۔ گرمیوں کے پورے موسم میں اسے تکلیف بہت شدید ہوتی۔ اس بار حالت بہت بہتر رہی۔ اس کے بعد ایپس 12- رات کے وقت۔ اس دوا کی طاقت بتدریج 30- اور 1m- نے اس کے مرض کی جڑ سرے سے ختم کر دی۔ بستر پر پڑی ہوئی خاتون اب آسانی سے اٹھ سکتی تھی، گھر کا عام کام کاج، کپڑوں کی دھلائی جس میں کمبوں کی دھلائی جیسا بھاری کام بھی تھا اس کے لئے آسان ہو گیا۔

اس پیش رفت کے باوجود سانس کی تنگی کی شکایت اسے اس وقت ہو جاتی جب کہ وہ کسی کام میں جلدی کرے یا مشرق سے آندھی آئے۔ اسے سردی بہت جلد لگ جاتی۔ مگر یہ بھی خیال رہے کہ وہ ستر سال سے اوپر ہے۔ ایپس نے اسے اپنے پاؤں پر کھڑا کر دیا۔ آپ اس سے پوچھو کہ وہ ہومیو علاج کے بارے میں کیا سوچتی ہے۔ اس سے اس کی زندگی بن گئی ہے۔ ایپس بھی ایک اینٹی سائکوٹک دوائی ہے۔ اگرچہ شروع میں کاربوویج مطلوبہ دوا محسوس ہوتی تھی مگر یہ عام علامات پر حاوی نہیں تھی۔ اس کے علاوہ یہ کافی سائکوٹیک بھی نہیں۔ ممکنہ طور پر اس کیس میں سائکوسس ویکسی نیشن سے منتقل ہوا ہوگا۔ وجہ یہ ہے کہ ویکسی نیشن تین بار ہوئی۔

وہ اب پچھتر کے لگ بھگ ہے۔ جون سے دمہ کے حملے بہت کم ہیں۔ اب پلس ٹیلا 6- سے کنٹرول رہتا ہے۔ وہ جذباتی ہے، روتی ہے اور ہمدردی پسند کرتی ہے۔ اس وجہ سے دوا تبدیل ہوگئی۔

۱۹۴۷ء میں جب کہ وہ ۷۸ سال کی ہوئی ہے- دمہ سے آزاد ہے۔ بوڑھے لوگوں کا علاج ہو سکتا ہے بشرطیکہ وہ خواب آور ادویہ سے دور رہیں

سیلیکا ایک اور سائیکاٹک دوائی ہے۔ اس کے ذریعے دمہ کے بہت سے کیس صاف کئے جا سکتے ہیں- یہ چھاتی کی بلغم، دمہ اور چھینکوں، سانس کی تنگی، حرارت سے شدت، مشقت اور شدید گرمی سے شدت، زیادہ مشقت سے جسم گرم ہو جاتا ہے اور پھر وہ ہوا کی زد میں آ جاتا ہے- مرطوب دمہ، مسلسل خرخراہٹ۔ سینہ بلغم سے بھرا ہوا محسوس ہوتا ہے- جیسے سانس رک جائے گا- سائکوٹک دمہ کے لئے یہ بہترین دوا ہے- اس طرح کا مریض زرد رو، نرم، کمی خون کا شکار، شدید کمزور اور پیاس، سوزاک کے دبنے کے بعد دمہ میں مبتلا ہوتا، پسینے کو دبنے سے پاؤں کا پسینہ عام طور پر بدبودار، وہ سردی سے حساس، ان علامات پر سیلیکا سے مریض کی تکالیف ختم ہو جائیں گی- میری مراد یہ ہے کہ دمہ کے دورے کم ہو کر آخرکار ختم ہو جائیں گے- میں نے پوٹاشیم سالٹس کا اور سائیکوٹک ادویہ کے طور پر ذکر کیا ہے-

کالی آرسینی کوزیم ہمارے حاجب علمی کے دور سے سفوف کی شکل میں آ رہی ہے- ہومیوپیتھی میں یہ بہت کم استعمال ہوتی ہے لیکن علامات موجود ہوں تو یہ خوب کام کرتی ہے- میرے ذہن میں دوائیں مریضوں کے حوالے سے محفوظ رہتی ہیں-

10

اس طرح ایک نرس کا کیس مجھے ہمیشہ یاد رہتا ہے- ہسپتال میں میرا شروع کا زمانہ تھا- وہ نرس انتہائی سخت کوش،، باصلاحیت، مستعد اور سخت منتظم قسم کی تھی- اس نے اپنے زیر نگرانی ہسپتال کو آہنی ہاتھ سے کنٹرول کیا ہوا تھا- اس کے سامنے کوئی چوں نہیں کر سکتا تھا- اس کے تمام بل فوراً ادا کر دیئے جاتے تھے-

اس کی ایک کمزوری دمہ اور سانس کی تکلیف تھی- وہ سردی کو بہت محسوس کرتی- حرارت عزیزی بہت کم تھی، ہوا سے بہت حساس، اس کے کمرے بہت گرم ہوتے تھے اور اس کا لباس، نہ درتہ یہاں تک کہ گرمیوں میں بھی فلالین پہنتی- وہ دبلی پتلی تھی، سیڑھیاں چڑھنے اور سخت کام میں اس کے پھیپھڑے بلغم کی آوازیں دینے لگتے- سانس کی نالیاں گرم مشروب سے افاقہ محسوس کرتیں- خاص طور پر اوولٹین اسے بہت پسند تھی- دو تین بجے صبح اس کی حالت خراب ہوتی- یہ وقت اس کیلئے بہت مشکل تھا- وہ اس وقت سے خوف زدہ رہتی- ہر تیسرے روز اسے شدید حملہ ہوتا- تکلیف کے دوران شدید بے چینی-

کالی آرسینکم-6، دن میں تین بار نے اسے چند دنوں میں ٹھیک کر دیا- کئی مہینے تک اسے

دمہ اور سانس کی تکلیف نہ ہوتی۔ اگر کسی وقت دمہ ہوتا تو وہ سمندر میں چلا جاتا۔ زندگی بھر کے دوران وہ ویلز کے جزیرے میں قیام پذیر ہوئی۔ جہاں دمہ سے متعلق علامات کے دوران فوت ہوئی۔

کالی کارب دمہ کے لئے دوسری مفید چوتھی دوا ہے۔ اس کا میں نے پہلے ذکر کیا ہے۔ لڑکے کا کیس دیکھ لیں۔ اس نے مہینوں تک اچھی طرح علاج کیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ اس نے اتفاقاً بتایا کہ اسے صبح تین سے پانچ بجے تکلیف شدید ہو جاتی ہے۔

کیا کوئی یہ بتا سکتا ہے کہ دمہ کے بعض کیس گھڑی کی طرح ٹھیک ٹائم پر کیوں ایک ہی وقت پر وہ تکلیف سے بیدار ہو جائیں گے۔ اس کے لئے علم الامراض کی رو سے کوئی جواب معلوم نہ ہو مگر اس کے باوجود یہ ہمارا روز کا مشاہدہ ہے کہ کالی کاربونیکم کا مریض تین تا پانچ بجے شدید بیدار ہوتا ہے۔ نیٹرم سلف کا مریض صبح چار بجے تک بیدار نہیں ہوتا مگر چار تا پانچ وہ بہر صورت علامات کی شدت سے دوچار ہوگا۔

اس کے برعکس آرسینک نصف رات بارہ بجے شروع ہو کر دو بجے تک شدت میں رہے گا۔ اگر اس طرح کی علامت معلوم ہو جائے تو اس کا لحاظ رکھنا چاہیے۔ دوا تیزی سے کام کرے گی۔

کالی کارب کی کھانسی مذکورہ بالا اوقات میں بہت شدید ہوتی ہے۔ خرخراہٹ اور سانس کی تنگی پوری شدت اختیار کر لیتی ہے۔ مریض کے لئے سیدھا بیٹھنا مشکل ہوتا ہے۔ اس میں وہ اپنا سر میز یا گھٹنوں پر رکھ کر بیٹھا رہے گا۔ وہ ہوا برداشت نہیں کر سکے گا۔ سردی بہت محسوس کرے گا۔ سردی میں یقیناً علامات شدید ہوں گی۔ عام طور پر یہ مریض زرد، بیمار اور کمی خون کا شکار ہوگا۔ سینے میں چبھنے اور دوڑنے والے درد محسوس ہوں گے۔ حرکت کے باوجود یہ تکلیف جاری رہے گی۔ برائیونیا میں بھی چبھنے والی دردیں ہوتی ہیں مگر یہ درد حرکت سے شدید ہوتی ہیں۔ کھانسنے سے شدت اور سینہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کالی کارب کے مریض میں آنکھ کی پپوٹے اور ابرو کے درمیان سوجن ہوگی۔

دواؤں کی علامات میں وقت کے لحاظ سے کمی بیشی کا ذکر میں آ رہا یہ اہم ہے۔ یہ دوا سائیکلک نہیں۔ اگر مریض میں یہ علامات موجود ہوں تو یہ دوا ان کو فوری طور پر ختم کر دے گی۔ یہ بار بار درست ثابت ہوئی ہے۔ مریض سو جاتا ہے۔ تھوڑی دیر سونے یا لیٹنے کے بعد گیارہ بجے رات شدید کھانسی سے بیدار ہو جاتا ہے، بلغم اس کے گلے میں پھنس جاتی ہے۔ چھاتی میں جکڑن محسوس ہوتی ہے۔ مریض اٹھ کر بیٹھ جاتا ہے۔ شدت کے ساتھ کھانستا ہے۔ یا خرخراہٹ محسوس کرتا ہے۔

کھانسنے کی یہ کوشش سانس میں دقت کا باعث بنتی ہے۔ [illegible] رہتیں۔

اس دوا کا ایک پہلو خود ذائقہ [illegible] سے پیدا ہوتا ہے [illegible] دمہ شدید [illegible] ورنہ علامات ظاہر ہوتیں۔ ان علامات میں یہ دوائی مریض کو شفا دیتی ہے۔ اس طرح سلفر [illegible] ثابت ہوا۔

سمبیوکس نائگرا ایک دوائی ہے جو سانس اور سینے کی تکلیف میں وقت سے [illegible] سے کی تنگی کا باعث ہیں۔ یہ بچوں کی دوائی ہے۔ صبح تین بجے مریض بیدار ہو جاتا ہے۔ ایلیریا اریلیا میں بھی تکلیف میں شدت کا یہی وقت ہے۔ البتہ سمبیوکس نائیگرا [illegible] بعد آتی ہے۔ سمبیوکس میں سانس قریب بند ہو جاتا ہے۔ [illegible] بیٹھنے [illegible] سے ہانپتا ہے۔ آخر کار سانس آ جاتا ہے تو وہ سو جاتا ہے ایک اور حملہ دوبارہ بیدار [illegible] ایک اور خصوصی علامت یہ ہے کہ بیداری کے وقت وافر پسینہ اور نیند کے دوران خشکی [illegible]۔ عام طور پر مریض زکام سے سوں سوں کرتا ہے۔

لیکیسز ایک اور دوائی ہے جو معمولی سی سائیکوٹیک ہے۔ اس میں بھی کچھ جیسی اریلیا جیسی ہے۔ نیند کے دوران دمہ کا حملہ ہوتا ہے لیکن مریض بیدار نہیں ہوتا۔ (سلفر کی طرح) نیند کے دوران حملہ ہوتا ہے اور پھر صبح بیدار ہوتے وقت حملہ ہوگا۔

مریض عام طور پر خاتون ہوگی۔ لیکیسز کی مخصوص علامات پائی جائیں گی۔ گرمی سے شدت ہوگی، گلے میں کسی طرح کی جکڑن دمہ کا باعث ہوگی۔ یہاں تک کہ اس کا گلہ چھوا جائے یا اس کا منہ ناک ڈھانپ دیا جائے، تکلیف میں شدت ہو جائے گی۔ فرض کریں وہ سو گئی ہے اور منہ اور ناک ڈھانپا گیا تو اسے حملہ ہوگا۔ اس سے ضروری نہیں کہ وہ بیدار ہو جائے۔ وہ بے چین ہوگی اور اس کا شور خاوند کو بیدار کر دے گا۔ یہ تکلیف بازو کو زور سے ہلانے یا اپنے ہمسایہ کے ساتھ طویل گپ شپ کی وجہ سے ہوگی۔ گرمی بہت محسوس ہوتی ہے۔ دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھتی ہے۔ جیسا کہ پلساٹیلا اور اپس، سلفر کا خاصا ہے۔ لازمی علامات میں فرق ہوگا۔ لیکیسز کا مریض اپنے نیلے یا ارغوانی رنگ سے پہچانا جائے گا۔ آپ ایسی خاتون کو دیکھیں جو آپ کو بہت مشکوک نگاہوں سے دیکھ رہی ہو، اس کا خاوند آپ کو یہ بتا سکتا ہے کہ وہ بہت حاسد ہے اور باتونی ہے، اس کے باوجود کہ اسے سانس میں بہت دقت ہے۔ ایسا مریض دمہ کے ساتھ دل کے ضعف کا شکار ہوتا ہے۔ وہ صرف سانس کی نالیوں کا مریض نہیں ہوتا۔

آپ نے دیکھا ہے کہ ہر مریض کو کتنی احتیاط سے دیکھنا پڑتا ہے۔ علامات کی تلاش میں خاوند یا بیوی یا دیگر ساتھ آنے والوں سے بھی بہت سی معلومات حاصل کرنا پڑتی ہیں۔ مریض [illegible]

نگہداشت کرنے والی نرس سے بہت کچھ معلوم ہو سکتا ہے۔

ڈاکٹر رابرٹ نے دمہ کے ایک پرانے کیس کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے مریض صرف اتنا بتاتا ہے کہ اسے چھینکیں آ رہی ہیں۔ سانس کی تنگی ہے۔ ایسی عام علامات پر ہم دوائی نہیں تجویز کر سکتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ تکلیف سے متعلقہ عام علامات ہیں۔ دمہ سے متعلقہ درجنوں دوائیں کینٹ نے تحریر کی ہیں۔ آپ کو امتیازی علامات معلوم کرنا پڑیں گی۔ ایسی علامات جو آپ کے مریض کو عام مریضوں سے ممتاز و منفرد کریں۔ مریض کی کھانسی رات کو شدید ہوتی تھی اور بلغم نکلنے پر افاقہ ہو جاتا۔ اس کے ہاتھ ٹھنڈے تھے۔

ان علامات سے دواؤں کا دائرہ محدود ہوا۔ اب ہمیں دس دواؤں میں سے دوا تجویز کرنی ہے۔ اس نے مزید بتایا کہ کھانسی پانی پینے سے شدید ہو جاتی ہے۔ اس سے دوائیں چار رہ گئیں۔ اس کے بعد اس نے ایک اور علامت بیان کی جس سے دوائی واضح ہو گئی۔ علامت یہ تھی کہ اسے ایسے محسوس ہوتا کہ خرخراہٹ معدہ سے پیدا ہو کر معدے پر حملہ آور ہو رہی ہے۔ جس سے سانس کی تنگی پیدا ہو رہی ہے۔ اب دو دوائیں رہ گئی ہیں، سیپیا اور مینسی نیلا۔

ماہر معالج کس طرح کام کرتا ہے اور علامات میں سے عجیب و غریب اور منفرد علامات دوائی کی نشان دہی کرتی ہیں۔ اب ہم اس کیس میں علامات کے لحاظ سے دوا کی تلاش کے لیے ریپرٹری کی مدد لیتے ہیں۔

رات کے وقت کھانسی اور بلغم خارج ہونے سے افاقہ،

بیلا ڈونا، کلکیریا، کاربوانی میلیس، کاسٹیکم، ہیپر سلف، اپیکاک، کالی نائٹریم، کریوزیم لیکیسز، مینسی نیلا، مزریم، سیپیا۔

ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے،

بیلا ڈونا، کلکیریا، کاربوانیمیلیس، کاسٹیکم، اپیکاک، لیکیسز، مینسی نیلا، مزریم، سیپیا۔

پانی پینے پر کھانسی

ہیپر سلف، لیکیسز، مینسی نیلا۔

خرخراہٹ کا احساس معدہ سے شروع ہو کر گلے تک پہنچ کر سانس کی تنگی پیدا کرتا ہے اور بیماری کا حملہ ہو جاتا ہے۔

مینسی نیلا، سیپیا۔

اس طرح اس کی دوائی مینسی نیلا ثابت ہوئی۔ وہ معالج بہت خوش قسمت [illegible]

اوقات ایسے کیسوں میں ڈاکٹر کو بہت تحمل سے کام لینا پڑتا ہے۔ مریض کی ہسٹری میں غوطہ لگانا پڑتا ہے۔ صحیح دوائی تجویز کے لئے آسان ترین کیس پلمیٹ والا کیس ہے۔ اس کی تفصیل اوپر بیان ہو چکی ہے۔ یہ شخص مغربی بندرگاہ کا ایک کیپٹن تھا۔ اسے سمندر سے باہر ہمیشہ دمہ رہتا۔ حتیٰ کہ جب وہ سمندر میں رہتا تو بالکل ٹھیک رہتا۔ وہ ایک مضبوط اور بڑا آدمی تھا۔ وزن ۲۵۲ پونڈ، خوب صورت نیلی آنکھیں، ایک مثالی ملاح، اس کی دوائی برومین تھی۔ تھوڑے عرصہ میں برومین نے اس شخص کو بالکل بدل دیا۔ برومین کا مریض پلساٹیلا سے بہت ملتا جلتا ہے۔ پلساٹیلا ناکام ہو جاتے تو برومین اس کی جگہ کام کرتی۔ برومین سانس کی نالی اور اس کے منہ میں جکڑن پیدا کرتی ہے۔ نالی میں سردی کا احساس ہوتا ہے۔ سانس کی ہوا ٹھنڈی لگتی ہے، جیسے گلیشیر سے آرہی ہو۔ برومین کے مریض کی ایک خاص علامت یہ ہے کہ اسے ہوا میں تمباکو کی بو محسوس ہوتی ہے۔ ہر قسم کی گرد اسے دوبارہ بیمار کر دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملاح سمندر میں ٹھیک رہتے ہیں کہ وہاں گرد نہیں ہوتی۔ ساحل پر آتے ہی گرد کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ برومین بچوں کے دمہ میں اکثر مطلوب ہوتی ہے۔ خاص طور پر موٹے، خوبصورت، نیلی آنکھوں والے لوگ جب بحری جہاز میں ہوتے ہیں تو سانس کی کوئی شکایت نہیں ہوتی۔ خشکی پر واپس آتے ہی دمہ کی پکڑ میں آجاتے ہیں۔

ہم نے دیکھا ہے کہ سائکوسس پرانے دمہ کا عام طور پر سبب ہے۔ سائکوٹیک ادویات بھی ہم بیان کر چکے ہیں۔ لیکن دمہ کے دیگر مزاجی اسباب بھی ہیں۔

دقی مزاج بھی دمہ کا باعث ہوتا ہے۔ جس وقت دمہ کے لئے مطلوبہ ادویہ کام نہ کریں تو دقی مزاج کی دواؤں میں سے دوا تلاش کرنا چاہیئے۔ یہ دوا اونچی طاقت میں طویل وقفوں کے ساتھ دینا چاہیئے۔ ایسے مریضوں میں تپدق کے آثار ضروری نہیں۔ بلغم میں تپدق کا کوئی جرثومہ موجود نہیں ہوگا مگر ہومیو علاج کے اصولوں کے مطابق ٹیوبرکولینم دینے کی علامات موجود ہوں گی۔

ٹیوبرکولینم کے مریض ایسے لوگ ہمیشہ تھکے ہوئے، تھکاوٹ سے چور، کمزور، کمی خون کا شکار، خوبصورت، ریشمی اور عموماً گھنگھریالے بال، شفاف جلد، لمبی پلکیں، نیلی آنکھیں، ریڑھ کی ہڈی کے ساتھ ساتھ بالوں کی افزائش۔ ہر سانس کے ساتھ ہوا ٹھنڈا محسوس ہوتی ہے۔ اس کے باوجود اسے تازہ ہوا کی خواہش ہوتی ہے۔ وہ باہر سرد اور طوفانی ہواؤں کو پسند کرتا ہے۔

مریض کی ہسٹری لیتے وقت یہ پوچھنا چاہیے کہ آیا اس کے خاندان میں تپدق رہی ہے؟ یہ سوال بعض اوقات اس طرح بھی پوچھا جا سکتا ہے کہ کیا آپ کے خاندان میں سینے کے مریض رہے ہیں؟ اگر آپ کو یہ معلوم ہو کہ خاندان میں بعض سفید طاعون سے ہلاک ہوئے تو آپ کے

سے دوا کی تلاش آسان ہو جاتی ہے۔ خاص طور پر یہ چند علامات ہیں جیسے طوفان میں
باہر جانے کا شوقین ہونا۔ سردی کا آسانی سے لگ جانا۔ مریض کا خوبصورت ... زرد رنگ
ہونا، وہ ایک جگہ پر رہنے پر خوش نہیں ہوتے، وہ تبدیلی چاہتے ہیں، وہ گھومنے کے شوقین ہوتے
سے بھاگ جانے والا۔ اگر یہ علامات مل جائیں تو دوا کے انتخاب میں غلطی نہیں ہوگی۔ مریض کی
سرشت بدل جائے گی اور خاندان کے لوگوں کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

ڈروسرا ایک اور دقی مزاج کی دوا ہے۔ مگر اس میں دوروں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔
خاص طور پر کھانسی کے دورے۔ دمہ کی کیفیت باتیں کرنے، چھوڑنے، ہنسنے، گانے سے
سے پیدا ہوتی ہیں۔ لیٹنے سے شدت، رات کے قریب دو بجے کھانسی شدید ہو جاتی ہے۔ سانس کی نالی
میں تشنج اور چھاتی میں چبھن، چھاتی کو ہاتھوں سے دباتی ہے۔ کھانسی اتنی شدید ہوتی ہے کہ مریض
تشنج کا شکار ہو جاتا ہے۔

اسی طرح کھانسی کے شدید دوروں میں ہمیشہ ڈروسرا کو یاد رکھیں۔ خاص طور پر اگر مریض
تپدق کا پس منظر رکھتا ہو۔ ڈروسرا بہت گہری دوائی ہے اور آہستہ آہستہ کام کرتی ہے۔ اس کا اعادہ
نہیں کرنا چاہیے۔ اگر اس کی علامات موجود ہوں تو ایک خوراک دے کر انتظار کریں۔ اس کے
نتیجے میں مریض کا وزن بڑھتا ہے اور کھانسی ختم ہو جاتی ہے۔ اگر کھانسی کی حالت میں تبدیلی اور
وزن میں تیزی سے اضافہ بھی نہیں ہوتا تو دوا بدلنا پڑے گی۔ پوٹاشیم سالٹس میں سے کوئی دے
دیں۔ ان میں رات تین بجے علامات میں شدت ہوتی ہے۔

مریض میں خاندانی طور پر سفلی آثار ہو سکتے ہیں۔ ان کا اعتراف ضروری نہیں۔ یہ ایک
پوشیدہ مرض ہے۔ لیکن دیکھنے والی آنکھ، سوچنے والے دماغ اور علم اور تجربہ رکھنے والے سے یہ
پوشیدہ نہیں رہ سکتی۔ یہ مرض کئی نسلوں تک احاطہ کرتی ہے۔ والدین کے گناہ چار نسلوں تک اپنے
اثرات رکھتے ہیں۔ سفلی مریض ہمیشہ شام کو خراب حالت میں ہوتا ہے۔ رات کی تکلیف اس کی اہم
علامت ہے۔ جب مریض رات کو خوف زدہ ہو تو سفلی دوا اپنے ذہن میں رکھیں۔ اس سے کیس
تبدیل ہو جائے گا۔ دمہ گرم اور مرطوب موسم میں رات کے وقت غیر معمولی صورت حال ہے۔ یہ
صرف سفلی حالت میں ہو سکتا ہے۔

اس طرح کا ایک مریض میرے زیر علاج رہا۔
یہ ایک لڑکی تھی جسے رات کے وقت گرج دار طوفان کے دوران دمہ ہوتا تھا۔ اس کی
دوائی سفلیٹک گروپ میں سے ڈسپنیا (Dyspnoea) میں رات کو تکلیف میں شدت، رات ایک
سے چار بجے تک کا وقت۔ دن کے وقت مکمل طور پر پرسکون رہتی۔ لیکن رات آتے ہی، کھانسی اور
سانس کی تنگی، سینے کی ہڈیوں میں درد اور یہ احساس کہ سینہ ریڑھ کی طرف کھنچ رہا ہے۔

[illegible] مزاج کی اپنی علامات ہیں۔ جن سے وہ پہچانا جا سکتا ہے۔ اس سے علاج سے رہنمائی ملتی ہے۔ لہٰذا [illegible] [illegible] خاندانی پس منظر میں [illegible] ایک کی اپنی علامات ہیں۔ [illegible] [illegible] [illegible] ہوتے ہیں۔ [illegible] [illegible] علامات تبدیل ہو جاتی ہیں [illegible] [illegible] [illegible] رجحانات کا [illegible] کی صورت میں [illegible]۔

بعض بدقسمت خاندانوں میں [illegible] اور تپ دق کے رجحانات کا [illegible] جاتا ہے۔ یہ زبردست عذاب ہے۔ اس طرح سے [illegible] پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس صورت میں [illegible] [illegible] غالب ہوگا۔ [illegible] [illegible] اگر مریض میں [illegible] تمام قوت [illegible] کی تدبیر سے مشروط کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] رجحانات کو صاف کرنے کے لیے تین نسلوں کا علاج کرنا پڑے گا۔ ہم سب اپنے آباؤ اجداد کے گناہوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں میں اس پس منظر پر اضافہ کرنے کے بجائے ان میں کمی کا اہتمام کریں۔ اس کے لیے ہمیں سادہ غذا، صحت مندانہ رہن سہن اختیار کرنا چاہیے اور برے اعمال اور خیالات سے بچنا چاہیے۔

آیئے ہم دوبارہ دمہ کی جانب چلیں۔

11

ریومیکس کرسپس یہ عام برطانوی گھاس ہے۔ ایک بار ایک مریضہ نرس کے علاج میں اس دوا نے معجزہ دکھایا، اس وجہ سے مجھے یہ کیس بخوبی یاد ہے۔ نرسیں عام طور پر ڈاکٹروں کے علاج کی زبردست ناقد ہوتی ہیں۔ میں نے اس کو ہومیو علاج کی جانب مائل کر دیا۔ وہ بعض مریضوں کو ان کے گھروں میں دیکھنے کے لیے ہسپتال سے باہر کام کرتی۔ دسمبر کی صبح کے وقت خشک اور تیز سردی پڑ رہی تھی۔ گلی میں سے چونکہ سانس کی دقت لاحق ہو گئی، کھانسی کا شدید دورہ پڑا۔ جس سے اس کا سانس رک گیا اور بڑی مشکل سے قریبی کیمسٹ کی دکان پر پہنچی۔ [illegible] ایفی ڈرین قسم کی دوائی سے وقتی افاقہ ہوا۔ تین دن کے بعد میں نے اسے دیکھا۔ اس کی بری رنگت اور سانس کی دقت زیادہ ہو چکی تھی۔ کھانسی نے نڈھال کر رکھا تھا۔

میں نے اسے ایفیڈرین چھوڑ دینے کے لیے کہا۔ وہ اس پر آمادہ ہوئی اور میں نے موزوں دوا کی تلاش کے لیے علامات جمع کرنا شروع کیں۔ اسے کھانسی، گلے میں شدید خراش [illegible] [illegible] گلے [illegible] برداشت نہیں کر سکتی تھی [illegible] تبدیلی [illegible]

تھی۔ [illegible] سے [illegible] فضا [illegible] کے برعکس [illegible] ٹھنڈی فضا سے [illegible] میں آتے ہی
اسے شدید کھانسی کا دورہ پڑ جاتا۔ اسے پسلی کی ہڈی میں دکھن کا احساس رہتا، کھانسی شدید ہوتی اور
سر کو ہلا دینے والی تھی اور بلغم بہت تھوڑی اور اس کا اخراج بہت مشکل تھا۔

وہ بہت پریشان تھی کیونکہ کرسمس کی تعطیلات شروع ہونے والی تھیں اور وہ اپنے گاؤں
جانا چاہتی تھی۔ مجھے اس کے سفر کے قابل ہو جانے کے بارے میں یقین نہیں تھا۔ مگر وہ سفر کا
ارادہ کئے ہوئے تھی۔ اسے ریومیکس-30 دی گئی، ہر تین گھنٹے بعد۔ مجھے اندیشہ تھا کہ وہ اگر اپنے
گھر چلی گئی تو بھی پندرہ دن میں واپسی کے لائق نہ ہو سکے گی۔ مجھے اس کے بارے میں سخت سرد
موسم کی وجہ سے تشویش تھی۔ مجھے ڈر تھا کہ اسے سفر کے دوران ہوا لگنے سے نمونیہ ہو جائے گا۔

چھٹیوں کے پانچ دن بعد دیکھا تو اس کی چھاتی صاف ہو گئی تھی۔ اس نے بتایا کہ وہ
شام کو گھر پہنچی تو بہت تھک چکی تھی مگر گرم کھانے، رات کے آرام اور دوائی نے اسے بہت بہتر بنا
دیا اور وہ سارا دن تقریبات میں شریک ہوئی۔ لندن واپسی تک بھی اسے دمہ کی شکایت نہ ہوئی۔ یقینی
بات ہے کہ دوا نے اپنا کام کیا۔

اس کیس میں یہ امر قابل توجہ ہے کہ مریضہ ایفی ڈرین کی متفرق خوراکیں لے چکی تھی۔
یہ دوائی بعض اوقات دمہ کی فوری تکلیف میں مفید ہوتی ہے۔ مگر اس مریض کو اس سے بے آرامی
ہوئی اور وہ ضعف معدہ کی شکایت کرنے لگی۔ دمہ کے حملہ کے دوران سفر بہت خطرناک ہے لیکن
یہاں مطلوبہ دوا نے تیزی سے آرام دیا۔ واپسی پر ریومیکس-10m سے علاج مکمل ہوا۔

سیلیگا ایک اور دوا ہے جس کا ذکر یہاں ضروری ہے۔ یہ دوا بوڑھے مریضوں کے علاج
میں بڑی مددگار ثابت ہوئی۔ یہ دوا ایلوپیتھی میں کھانسی کے شربتوں کا اہم جزو ہے مگر ہمارے ہاں
یہ دوا انتہائی قلیل مقدار میں زیادہ بہتر کام کرتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ کھانسی ریومیکس جیسی ہو۔ یہ
ٹھنڈی ہوا لگنے سے شروع ہوتی ہے۔ اس میں خشک، شدید کھانسی ہوتی ہے جس میں بلغم بڑی مشکل
سے خارج ہوتی ہے۔ ایک کیس کا ذکر برموقعہ ہے۔

12

ایک خاتون ۸۰ سال کی تھی۔ بہت مستعد اور چست، بار بار دمہ کے حملہ کی زد میں رہتی۔
پانچ سال سے وہ سیلیگا کی مدد سے ہر سردی میں دو تین حملے آسانی سے گزار رہی ہے۔ میں نے
اسے سیلیگا-15 ہر تین گھنٹے بعد لینے کے لئے دی۔ میرے پاس اس دوا کی یہی طاقت تھی۔ اس کی
چھاتی شور اور خرخراہٹ سے بھری ہوئی۔ بلغم بے حد گاڑھی اور بے دار تھی۔ اسے نکالنا بہت مشکل
تھا۔ ہر وقت گلے کو صاف رکھنے کے لئے کھانستی رہتی۔ گلا بہت خشک تھا۔ اتنی شدید علامات کے

باوجود ہم نے دمہ کو ایک ہفتہ سے بھی کم وقت میں کنٹرول کر لیا۔ بلغم خارج ہو گئی اور کھانسی ختم ہو گئی۔ یہ بوڑھی خاتون خوش اور ممنون تھی۔ دنیا بھر میں سب سے زیادہ مسکرانے والوں میں سے تھی۔
وہ ہر ایک کے لئے خوبصورت جملہ تیار رکھتی۔ یہ اس کی عجیب و غریب خوبی تھی۔ وہ اکثر کہتی،

''میں اکثر تنگی سانس کی تکلیف میں رہتی، بستر میں صرف سہارا لے کے بیٹھ سکتی تھی۔ میں ہر وقت خرخراتی، چھینکتی، ایسے محسوس ہوتا میری چھاتی پانی کے تھیلے کی طرح ہے۔ بلغم کسی طرح خارج ہی نہ ہوتی تھی۔ بے ذائقہ سی دوائی کی ایک خوراک نے میری کیفیت بالکل ہی بدل دی۔ اب میں سکون سے لیٹ سکتی ہوں۔ سو سکتی ہوں، سینے کا بوجھ اور سانس کی تنگی ختم ہو گئی ہے۔ یہ شاندار افاقہ میرے لئے حیران کن ہے۔ دوسرے ڈاکٹروں کے ہاں مجھے تمام سردی دوا لینا پڑتی۔ پھر بھی ہفتوں بستر میں مقید رہنا پڑتا۔ کوئی مہینہ ایسا نہ تھا جس میں میں نے اپنا کمرہ چھوڑا ہو۔ میں سوچتی ہوں دوا کے یہ چند بے ذائقہ قطرے کیا کچھ کر سکتے ہیں۔''

میں ڈاکٹر نیش کے لئے سپاس گزار ہوں کہ اس کے ایک کتابچے کے اشارات کو میں نے دمہ کے علاج میں اپنے لئے مشعل راہ بنایا۔ یقیناً ان کی ماہرانہ اور شفقت سے بھرپور صلاحیت میرے لئے راہنما رہی اور مجھ سے سپاس لے رہی ہے۔

13

ایک خاتون عمر ۵۴ سال، ستمبر ۱۹۳۷ء میں دیکھی۔ اسے کئی سال سے دمہ تھا۔ اس کے والد کو بھی یہ تکلیف رہی۔ اس طرح یہ واضح ہے کہ ان کے خاندان میں اعصابی نظام کی کمزوریاں موجود رہیں۔ چھ سال قبل اس نے پتے کا آپریشن کرایا اور جزوی طور پر پتہ کاٹ دیا گیا۔ اس کے باوجود اسے اب بھی بے ہضمی اور قولنج کی شکایت رہتی۔ دو ہفتے پہلے اسے شدید قبض ہوئی۔ بغیر جلاب کے پاخانہ نہیں ہوتا تھا۔ ان کے ہاں ایلومینیم کے سامان استعمال ہوتے تھے۔

دمہ اپھارے کے ساتھ شروع ہوتا۔ دودھ سے بے ہضمی ہو جاتی۔ سمندر میں دمہ شدید ہو جاتا۔ حقیقت میں یہ تکلیف ساحل سمندر پر ہی شروع ہوئی۔ سبزیاں نہیں کھا سکتی تھی۔ مٹھائیوں کی بہت شوقین مگر ان سے تکلیف ہو جاتی۔ بہت دبلی پتلی، جذباتی، موسیقی کی شائق، گانے کی عادی، سانس کی ورزشوں کے باوجود دمہ شدید سے شدید ہو گیا، آخر کار اسے گانا چھوڑنا پڑا۔

ان علامات پر میگنیشیم میور کی ایک خوراک دی گئی اور کالی سلفر 30۔ نصف گلاس پانی میں ملا کر نصف نصف گھنٹے بعد گھونٹ گھونٹ لینے کی ہدایت کی۔ درد کیلئے وہ مارفیا انجکشن لگواتی تھی۔ میں نے یہ انجکشن بند کر دیا۔

غذا کے بارے میں اسے ہدایات دی گئیں، چھان والی روٹی، چھان، چھان، کی کھیر،

چھان کیک، چھان کا دیہ، پھل، ٹماٹر، روزانہ، مارمائیٹ، انڈوں کی سفیدی اور گلوکوز کھانے پر زور دیا گیا-

دس دن کے بعد قبض میں کافی بہتری ہوگئی تھی- پاخانے کے لئے اسے کسی دیگر دوائی کی ضرورت نہ ہوئی- کالوسنتھ سے درد کم ہوا- گرم موسم میں بھی بہت سردی محسوس کرتی- زبان پر جو موٹی تہ جمی ہوئی تھی صاف ہوگئی- اس کی ریڑھ کی ہڈی کا معائنہ کیا اور چھٹا، ساتواں اور آٹھواں مہرہ سیٹ کرنا پڑا- اسے بچپن میں بہار کے دوران خارش ہوتی تھی- یہ الرجی کی علامت ہے- کالوسنتھ -30 حسب ضرورت-

۱۲-اکتوبر ۱۹۳۷ء

ایک ماہ بعد دیکھا- علی الصبح چار بجے دمہ سے بیدار ہوئی- مرطوب موسم میں تکلیف میں شدت، اپھارے کے بعد دمہ میں شدت، سردیاں کمروں کے اندر گزرتیں، دودھ پینے سے شدت، سبز رنگ کی سبزیوں سے شدت، جب بھی بدہضمی ہو جاتی تو دمہ ہو جاتا- نیٹرم سلف -30 ایک خوراک، کالوسنتھ پہلے کی طرح-

۱۸ نومبر ۱۹۳۷ء

انفلوئنزا کا حاد حملہ جس کے ساتھ سانس کی علامات، ٹمپریچر ۱۰۲، سانس ۳۰، نبض ۱۲۰، برائیونیا -30 نصف نصف گھنٹے کے بعد- ٹمپریچر چھتیس گھنٹے بعد کم ہو گیا- اس کے بعد کالی فاس -200 انفلوئنزا کی کمزوری دور کرنے کے لئے، -انفلوئنزا کے دوران اور بعد میں دمہ کی شکایت- حالانکہ اس سے پہلے بخار وغیرہ کی صورت میں دمہ لازم تھا-

۲۹ دسمبر ۱۹۳۷ء

کمر درد کا حملہ، ایسا حملہ اسے چھ سال پہلے آپریشن کے بعد ہوا تھا- یہ دراصل پرانی علامت کی واپسی تھی- سانس کی کوئی تکلیف نہیں تھی- میگنیشیا میور -30 ایک خوراک، کالوسنتھ حسب ضرورت-

۲۵ جنوری ۱۹۳۸ء

معمولی اپھارہ، اپنا گھر کا کام کرنے کے قابل، اسے دمہ ہمیشہ نومبر میں ہوجاتا تھا- ایک ڈاکٹر نے اسے ہر سال سردیوں میں مصر جا کر رہنے کا مشورہ دیا- اس بار نومبر میں دمہ کی تکلیف نہ ہوئی، کالوسنتھ -30 حسب ضرورت-

۴-اپریل ۱۹۳۹ء

باہر کے موسم کے صاف ہونے کے بعد دمہ کا حملہ ہوا، ویسے عام صحت اتنی اچھی، کہ

پہچان میں نہیں آتی تھی - میگنیشیا میور-30 (ایک خوراک)

۱۸ جون ۱۹۳۸ء

دمہ کا ایک اور حملہ، میگنیشیا میور-30 تین خوراکیں، بہ رات ایک خوراک-

۱۲ اکتوبر ۱۹۳۸ء

پانچ ماہ تک دمہ کی کوئی شکایت نہ ہوئی چھاتی بہت بہتر، دودھ پینے کے بعد بدہضمی کی تکلیف- سفید پاخانے، جگر کی خرابی، چکنائی ناپسند، شور سے گھبراتی ہے- نیٹرم کارب-30

۲۹ ستمبر ۱۹۳۹ء

جنگ کے آغاز سے تھوڑا عرصہ بعد وہ جذباتی طور پر بہت مضطرب، عام صحت کئی لحاظ سے بہت بہتر، آسانی سے پہچان میں نہیں آتی- سینے کی درد دائیں جانب پشت میں جاتی ہے- ساتھ ہی پسینہ بھی آتا ہے- بچارہ- کاربوویج-6

۵ جولائی ۱۹۴۰ء

پچھلے ہفتے تک بہت اچھی تھی- تھوڑی سی بلغم دوبارہ ہو گئی- کاربوویج-6 صبح و شام-

۲۲ جولائی ۱۹۴۰ء

گرجدار طوفان کی زد میں آکر مرطوب موسم میں شدت، بلغم اور بدہضمی- جگر والے حصے میں درد- نیٹرم سلف-30، ایک خوراک اور کالوسنتھ-30 حسب ضرورت۔

۲۶ اگست ۱۹۴۰ء

دمہ دوبارہ، ہاضمہ کمزور، بہت سخت کام کر رہی ہے- پرانی علامات دوبارہ- میگنیشیم میور-30 دن میں تین خوراکیں-

حال ہی میں معلوم ہوا ہے کہ وہ بہت اچھی ہے- دمہ اور بدہضمی کی کوئی شکایت نہیں- خوب کام کر رہی ہے-

ایک ایسی خاتون کا علاج بہت مشکل ہے جو کئی سال سے دمہ اور پتے کے قولنج کی مریضہ ہو، ان کی زندگی عذاب بن چکی تھی- اس کے لئے تجویز کردہ دواؤں نے کتنی تیزی سے اثر کیا- یہ کیس واقعاتی طور پر لیں- تشخیص کچھ بھی ہو، اگر مریض آپ کو اپنی تکالیف کی تفصیلات بتانے میں مددگار ہو تو ہومیوپیتھی بہت مفید ہے- یہ ٹوٹے ہوئے برتن کو جوڑ سکتی ہے-

اشتہارات بتاتے ہیں کہ فلاں فلاں دوائی لیں آپ کو فوری فائدہ ہوگا- لیکن آپ کو علاج جاری رکھنا پڑتا ہے- یہ سلسلہ بند نہیں ہوتا- جب کہ ہومیوپیتھی کو موقعہ دیا جائے تو یہ دوبارہ حملے روکے گی- ڈاکٹر اور نرسیں اس بات سے انکار کرتی ہیں، انہوں نے کبھی تجربہ کیا ہی نہیں، لہذا

ان کے لئے شفا ناممکن ہے۔ ہومیو علاج دمہ کا اتنا مکمل علاج ہے کہ دوبارہ دمہ ہی رہ نہیں جاتا بلکہ وہ جن چیزوں سے حساس ہو وہ حساسیت ختم ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اگر مریض کے بارے میں تشخیص یہ ہو کہ اسے گھوڑے کے بخارات سے تکلیف ہوتی ہے تو وہ گھوڑوں کے اصطبل میں سو سکے گا اور اسے دمہ کے حملہ کا کوئی اندیشہ نہیں ہوگا۔ اسی طرح بلیوں سے حساس شخص صحت یابی کے بعد جتنی بلیاں چاہے رکھ سکے گا۔ ان سے اسے کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ بعض چیزوں سے ہمیشہ خوف و احتیاط کی تکلیف اٹھانے کے مقابلے پر یہ زیادہ بہتر نہیں کہ علاج سے ان کا خوف ہی ختم ہو جائے۔

تشخیصی آلات، ذرائع اور طریقوں میں تمام تر ترقی اپنی جگہ مگر یہ بات کبھی فراموش نہیں کی جا سکتی کہ علاج کا مقصد بیمار کو حقیقی شفا دینا ہے۔ شفا سے مراد علامات کا دبانا نہیں۔ کہ تھوڑے عرصے بعد بیماری کسی دوسری صورت میں نمودار ہو جائے۔ علاج کا مطلب مریض کو واقعی تندرست بنا دینا ہے کہ وہ بیمار ہونے کو بھول جائے، وہ زندگی کا لطف اٹھائے اور مرے تو بیماری کی وجہ سے نہیں بلکہ زیادہ بڑھاپے کی وجہ سے مرے۔ وہ رشتہ داروں اور دوستوں پر بوجھ بن کر نہ رہے۔

(IV)

نزلہ و زکام

نزلہ زکام، کپکپی اور بخار کی وجہ سے ہزار ہا گھنٹوں کی لیبر ہر سال ضائع ہو جاتی ہے۔ انشورنس کمپنیوں کو ایک کثیر رقم ادا کرنی پڑتی ہے۔ سمجھا جاتا ہے کہ سردیوں کے عوارض سے بچنے کا کوئی موثر ذریعہ نہیں ہے مگر یہ بالکل غلط ہے۔

سردیوں کے دوران کے عوارض بلا روک ٹوک اپنے اثرات کے ساتھ جاری رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ ڈاکٹر حضرات خود بھی اس سے محفوظ نہیں ہیں۔ ان سے بچاؤ کی ایک ہی صورت ہے کہ ہومیوپیتھی میں مہارت حاصل کی جائے۔

مجھ سے اکثر پوچھا جاتا ہے کہ نزلہ، زکام اور سردی کے بخار کا ہومیوپیتھی کیا علاج کرتی ہے۔ اس کی کوئی مخصوص دوائی نہیں۔ علاج میں مختلف عناصر کا لحاظ کیا جاتا ہے۔ مریض سے حاصل کردہ علامات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس کے نتیجہ میں آپ صحیح دوا منتخب کر سکیں گے۔

آج کل تقریباً ہر شخص بڑے تعجب سے یہ کہتا ہے کہ اسے زکام کسی دوسرے شخص سے لگا ہے۔ وہ یہ نہیں بتا سکتا کہ اسے نزلہ زکام کس طرح شروع ہوا ہے۔ دوائی تجویز کے لئے یہ معلوم ہونا بہت اہم ہے۔ آپ کو یاد ہونا چاہیے کہ تکلیف شروع ہونے سے قبل موسم کس قسم کا تھا۔ یہ تیز ہوا کا دن تھا یا اس دن بارش ہوئی تھی، آپ کے پاؤں بھیگ گئے تھے یا آپ کا سارا بدن بھیگ گیا تھا۔ یہ سرد مرطوب دن تھا یا اس دن خشک سرد ہوا چل رہی تھی، کیا کسی چیز کے گھونٹ (چائے پانی) سے آپ نے سر، پاؤں یا پیٹ میں کسی قسم کی گڑبڑ محسوس کی تھی؟ کیا سردی اسی دن لگی جس دن خطرہ محسوس ہوا یا سردی آہستہ آہستہ لگی اور بیماری کو پروان چڑھنے میں کئی دن لگے؟ کچھ لوگ خشک سرد موسم سے بہت حساس ہوتے ہیں کچھ مرطوب موسم کو بہت محسوس کرتے ہیں اور کئی سردی اور مرطوب دونوں سے متاثر ہوتے ہیں۔ کچھ گرمی اور مرطوب موسم کے سامنے نازک ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ موسم گرما میں چھینکیں محسوس کرتے ہیں۔ کچھ مرطوب موسم سرما میں کچھ زکام اور سردی سے بستر نشین ہوتے ہیں، جب ہوا خشک ہو اور شمال کی جانب سے آئی ہو۔ ان سب کیفیات کے لئے انفرادی اور مجموعی طور پر مختلف ادویات دریافت ہو چکی ہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ڈاکٹر کے لیے تمام تفصیلات معلوم کرنا اور صحیح دوا معلوم کرنا ایک مشکل کام ہے۔ اگر آپ زکام کا فوری طور پر علاج کر سکتے ہوں تو آپ نمبر 1 ہومیوپیتھ ڈاکٹر ہیں مگر یہ اتنا آسان کام نہیں کہ میں بسا اوقات ناکام ہوئی ہوں مجھے

زیادہ تر بتایا جاتا ہے کہ میں بھی زکام میں مبتلا ہوں [illegible]
حقیقت یہ ہے ایسا اکثر مریضوں کی غلطی کی وجہ سے ہوتا ہے [illegible] حالت
کیسے ہوا - پہلا پہل مریض اپنی پسند کی دوا میں لیتا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ [illegible]
جب ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں تو زکام [illegible] یا خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے [illegible]
ہو سکتی ہے۔

1

ایک درمیانی عمر کی عورت تھی جسے ہمیشہ ہی زکام رہتا تھا۔ [illegible] اس
کی چھاتی میں اتر جاتے - کھانسی کے لئے وہ اپنی پسندیدہ ادویات استعمال کرتی تھی - [illegible]
دوائیں اسے کوئی فائدہ نہ دیتیں - 1961ء کا موسم بہار بہت زیادہ سرد اور تکلیف دہ تھا۔ وہ عورت
شدید سردی کی وجہ سے کانپ رہی تھی - ایک شال اوڑھے ہوئے آگ کے پاس بیٹھی تھی۔ آخر وہ
بستر تک محدود ہوئی - چار پانچ دن آرام کے بعد کام پر آتی مگر [illegible] قائم
تھی - ہر وقت کھانستی رہتی۔ نزلہ مسلسل بہہ رہا تھا - یہ صورت حال [illegible] میں نہیں آ رہی
تھی - چھ ہفتے گزر گئے، حالت بد سے بدتر ہو رہی تھی - اس مرحلہ پر [illegible] تکلیف میں
نے ایک سرجن سے مشورہ کیا تو اس نے اس حالت کا جائزہ لے کر [illegible]

وہ سانس کی نالی میں شدید خراش محسوس کرتی [illegible] بہت حساس تھی۔ [illegible] بے
حد مشکل تھا۔ رات تقریباً گیارہ بجے باقاعدگی سے کھانسی اور چھینکوں میں شدت پیدا ہو جاتی
کھانس کھانس کر نڈھال ہو جاتی - اس کے چہرے پر رونق غائب تھی۔ [illegible]
ہمت نہ تھی (ریومیکس -30) ہر چار گھنٹے بعد - اسے دو دن کے بعد دوبارہ بلایا گیا -

دو دن بعد وہ خوشی سے مسکرا رہی تھی۔ کہنے لگی۔

"کیا ایسی معجزاتی پڑیاں مل سکتی ہیں"

اسے دن میں 3 بار ریومیکس 30 دی گئی - اس نے کام سے ایک ہفتہ کی چھٹی لے لی [illegible]
چھٹی دریائے ٹیمز سٹیمر کے ذریعے سفر میں گذاری - خوش قسمتی سے موسم بہت عمدہ اور [illegible] اس کا
فائدہ یہ ہوا کہ وہ مکمل تندرست ہو گئی - وہ چھ ہفتوں سے بیمار تھی، چند روزہ علاج نے سب کچھ
بدل دیا - وہ اپنی عمر سے کئی سال کم دکھائی دیتی تھی - وہ اپنے آپ [illegible] توانائی سے بھرپور محسوس
کرتی تھی۔

یاں ریومیکس ایسا زکام جو ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے جڑ پکڑے [illegible] موسمی تبدیلیوں کی
بدولت شروع ہو - اس میں بخار بہت کم ہوتا ہے - لیکن نزلہ زکام بہت شدید ہوتا ہے اور ہر قطرہ میں

مستقل ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس سے پہلے درد کی ہڈی کے نیچے سے شروع ہو کر [illegible] تک جاتی
کمر کی لرزش سے شروع ہوتی ہے۔ بخار کی شدت دوپہر کے بعد [illegible] ہوتی ہے۔ رات
11 بجے کے قریب اس کا دورہ بہت شدید ہوتا ہے۔ آپ کو یہ علامات نزلہ و زکام انفلوئنزا اور
دق یعنی ٹی بی کے مریض میں مل سکتی ہیں۔ بیماری کوئی بھی ہو اگر آپ اس قسم کی کھانسی دیکھیں
تو [illegible] کے ذریعے تیزی سے شفا ہو سکتی ہے۔

2) دمہ کی ایک بالکل مختلف کیفیت کے [illegible] ایک بچی
پیدائشی طور پر بیمار تھی۔ سانس کی نالیوں کی سوزش اور دمہ میں مبتلا تھی [illegible] بیمار رہتی اور
مرتے مرتے بچی۔ اس کی ماں کو مشورہ دیا گیا کہ ہومیوپیتھک علاج کروائیں۔ نتیجہ ہومیوپیتھک علاج
معالجے کے دوران دوروں کی تعداد کافی کم ہو گئی اور دوروں کے دوران بھی تکلیف کی کمی ہوئی۔ [illegible] معالج
نے اس کی غذا کو کافی زیادہ کنٹرول کیا۔ غذا باقاعدہ ایک چارٹ بنا دیا اس کی روز مرہ
خوراک کی کافی چیزیں منع کر دیں۔ وہ حقیقی طور صحت و تندرستی کی [illegible] گئی۔ ہومیو
ہومیو معالج کی ریٹائرمنٹ پر کیس میرے پاس منتقل ہو گیا۔ اس وقت دمہ کافی کم ہو گیا تھا
کھانسی کے دورے بھی بہت کم ہو چکے تھے۔ [illegible] وقت دورے پڑتے بھی تو ان کا دورانیہ بہت
مختصر ہوتا۔ لیکن ہر سال باقاعدگی سے فروری اور اکتوبر کے مہینوں میں نزلے کی وجہ سے حالت
خراب ہو جاتی۔ ہومیوپیتھک علاج سے چوبیس گھنٹے کے اندر اندر تکلیف ختم ہو جاتی۔ پچھلے سال
حفظان صحت کی غرض سے اسے دیہاتی علاقے میں بھیجا گیا۔ اسے ہومیوپیتھک ادویات اور غذا
سے متعلق زبردست احتیاط کی تلقین کی گئی۔ جونہی اکتوبر کا مہینہ آیا شدید بیماری نے اسے اپنی
گرفت میں لے لیا۔ اس کے عزیز جن کے ہاں وہ ٹھہری ہوئی تھی ہومیوپیتھی کے بارے میں کچھ
نہیں جانتے تھے۔ چنانچہ وہ اسے ایلوپیتھ ڈاکٹر کے پاس لے گئے جس نے بچی کے لیے غذا میں
صرف دودھ تجویز کیا۔ اسے بتایا گیا کہ بچی کے لئے دودھ موزوں نہیں رہتا۔ ڈاکٹر نے معمول
میں بے ضرر اور کھانسی کے شربت کے طور پر سلفونامائیڈ کا مرکب استعمال کرایا۔ نتیجہ توقع کے مطابق
خام ہوا۔ نرخرہ بری طرح متاثر ہوا۔ دمہ کی پرانی شدت اور بخار ہو گیا۔ بخار 103 اور 104 درجے
کے درمیان تھا۔ بچی کی یہ حالت چھ دن تک رہی۔ بچی [illegible] بیماری کے
دوران فروٹ جوس اسے بہت پسند تھا۔ مگر اسے طلب کے باوجود نہ دیا جاتا۔ بچی کی اس طرح کی
حالت سے اس کی ماں پریشان ہوئی۔ وہ ڈاکٹر کے گھر سے ملی۔ اس نے ڈاکٹر [illegible] سخت کہا۔
ڈاکٹر نے اس صورت حال میں مریضہ کو لے جانے کی اجازت دے دی۔ میں نے بچی کے بارے
میں بتائی گئی علامات کے مطابق دوا بھجوائی۔ اہم علامات میں جو چیز سامنے آئی وہ شدید ٹھنڈے پانی

کی زبردست بیماری برونکائٹس کا حملہ ہو چکا تھا، کھانسی سخت تھی، ... سینے کی تکلیف شدید
چھینک والی شدید کھانسی کی، مریضہ اپنا سر تکیے کی جانب ... رکھتی ... اس علامت پر
فاسفورس 30 پانی میں ملا کر ہر آدھ گھنٹے کے بعد ... گھونٹ لینے کی مدت ... کی ... بعد
کے مالٹے، سنگترے اور لیموں کا جوس اور منقیٰ کا جوشاندہ تجویز کیا گیا۔

میں نے سینے کی بیماریوں میں مذکورہ جوس اور جوشاندہ کو بہت زیادہ تسکین دینے والا پایا ہے۔ قے کا سلسلہ فوراً بند ہو گیا اور بخار بھی کم ہو گیا۔ 48 گھنٹے کے بعد بچی تندرست ہو گئی۔ اسے پیچیدہ اثرات بالکل نہ تھے۔ عجیب بات یہ ہے کہ دوا اس کی نیند سے آلودہ نہیں ہوتے۔

اکتوبر 1941ء میں اسے پھر سردی لگ گئی۔ چوبیس گھنٹے میں بیماری کی کیفیت مکمل ہو گئیں۔ سینے کی خرخراہٹ، کھانسی، نزلہ جو ناک سے سیدھا چھاتی میں ... قے ہو جاتی، معمولی پیاس، قے کے باوجود زبان صاف، بچی کا چہرہ زرد ہو چکا اور بخار، سینے میں خراش، خرخراہٹ، گھٹن اور کھانسی کے ساتھ گلے میں سوجن۔ میں نے ... 30 ہر گھنٹے کے بعد اور پھلوں کے جوس تجویز کیے۔ صبح کے وقت بخار 100 ڈگری تھا۔ 12 گھنٹے سے قے اور ... تھی۔ ... کی پہلی ہی خوراک پینے کے بعد قے رک گئی۔ چوبیس گھنٹے کے بعد بخار 98 ... اور 48 گھنٹے کے بعد وہ بالکل نارمل ہو گئی۔ سانس کی رفتار معمول کے مطابق ہو گئی۔ ... کے بعد رات کو اسے پرسکون نیند نصیب ہوئی۔

دوا لینے کے بعد جمعہ کی صبح کو ہی وہ ٹھیک ہو گئی۔ معمول کی غذا مچھلی، روٹی ... بحال کر دی گئی۔ اس نے کھانے سے خوب لطف اٹھایا۔ یہ طریقہ علاج ... طریقہ علاج سے کس قدر مختلف تھا۔ پچھلے سال کے علاج کے مقابل سے ہومیو علاج کی برتری کتنی واضح ہے۔

سردی لگنے سے جو عوارض بھی پیدا ہوتے ہیں ان کا علاج آسانی سے ہو سکتا ہے۔ میرے تجربے کے مطابق لندن کے موسمی حالات میں آرسینک کی موثر دوا ہے۔ شروع میں ہی جب تو سردی کے اثرات رک جاتے ہیں۔ موسم میں تبدیلی سے چھینکیں، ہر وقت کی ... اور مرطوب موسم میں شدید زکام، جس کا آغاز ناک سے ہوتا ہے اور گلے تک پھیل جاتا ہے۔ ناک سے جلنے والا مواد پانی کی طرح بہتا، پیشانی میں درد، مریض بے آرام، مضطرب اور گھٹن محسوس کرتا ہے اور گرم پانی کے چھوٹے چھوٹے گھونٹ پینا چاہتا ہے۔ گلے میں جلن اور سرخی بڑی نمایاں ہوتی ہے۔

میں نے درجنوں لوگوں کو ان علامات کے ساتھ دیکھا ہے اور آرسینک کی چند خوراکوں کے ساتھ چند گھنٹوں میں مریض درست ہو جاتا ہے۔

ایک دفعہ میں نے دانتوں کے ایک ماہر سرجن کو دیکھا۔ صبح دس بجے اسے زبردست

بخار اور چڑچڑاہٹ کی شکایت تھی۔ درجہ حرارت 100 ڈگری تھا۔ آرسینک 30۔ آدھ گھنٹے کے بعد۔۔۔ دو بجے دوپہر وہ اپنے کلینک میں انتہائی مصروف تھا۔ اس سے تین بجے سے رات آٹھ بجے تک کے تحت تھا۔ اس کی والدہ نے شام کے وقت فون پر بتایا کہ بچہ چڑچڑاہٹ اور مرض سب کچھ بھول چکا تھا۔ اس نے اپنے آپ کو ہشاش بشاش محسوس کرتے ہوئے اب کہا کہ تو پھر بھی نہیں ہوا۔ ہومیو علاج کے خلاف تعصب رکھنے والے اسے خوش قسمتی یا اتفاق کہیں گے۔ مگر یہ کوئی واقعہ ہے اور اتفاق نہیں؟ آئے دن ہوتا رہتا ہے۔ مجھے ذاتی طور پر نکس وامیکا کے ذریعے چڑچڑاہٹ سے نجات نہیں ملتی۔

مجھے نزلہ زکام میں عام طور پر آرسینک فائدہ نہیں دیتی۔ وجہ یہ ہے کہ میرا مزاج آرسینک کی نوعیت کا نہیں ہوتا۔ مجھے نکس وامیکا یا پلسا ٹیلا فائدہ دیتی ہے۔

نکس وامیکا کا نزلہ یا زکام خشک سرد ہوا لگنے سے ہوتا ہے۔ اس میں شام کے وقت شدت ہوتی ہے۔ علامات گھر میں شدید ہوتی ہیں۔ گرم بستر میں تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ ناک سے بہنے والے مواد سے سر اتکیہ گیلا ہو جاتا ہے۔ ٹھنڈی ہوا میں افاقہ محسوس ہوتا ہے۔ بخار کی چڑچڑاہٹ نکس وامیکا سے ٹھیک ہوگی۔ اس کا آغاز ہاتھ پاؤں یا کمر میں ہوتا ہے اور پھر سارے جسم میں پھیل جاتا ہے۔ مریض اپنے آپ کو ڈھانپ کر رکھتا ہے۔ جونہی وہ حرکت کرتا ہے یا چادر ہٹاتا ہے یا بستر سے باہر آتا ہے اسے سردی لگتی ہے اور وہ کانپنا شروع کرتا ہے۔ پھر وہ گرم ہو جاتا ہے اور پسینہ بہنے لگتا ہے۔ پسینے کے باوجود وہ اپنے آپ کو ڈھانپے رکھتا ہے۔

نکس وامیکا کا مریض چڑچڑا، تند مزاج، کم حوصلہ اور جلد باز اور غصیلہ ہوتا ہے۔ اس کے لئے پرسکون رہنا ناممکن ہوتا ہے۔

پلسا ٹیلا کا زکام اور سردی کسی قدر مختلف ہے۔ چھینکیں، ناک کی بندش، چھینک اور ناک میں درد، گرم کمرے میں شدت اور کھلی فضا میں گھومنے پھرنے سے افاقہ۔ رخسار گرم ہوتے ہیں۔ زکام کا آغاز جسم یا پاؤں بھیگنے کے بعد ہوتا ہے۔ فوری طور پر سونگھنے اور ذائقہ کی حس کمزور ہو جاتی ہے۔ شامہ کی حس ختم ہو جاتی ہے اور کھانے پینے کی شے بدمزہ لگتی ہیں۔ شروع میں ناک سے بہنے والا نزلہ پتلا اور وافر ہوتا ہے مگر جلد ہی گاڑھا اور سبزی مائل پیلا ہو جاتا ہے۔ کپکپی کا آغاز کمر سے ہوتا ہے اور پھر اوپر نیچے پھیل جاتی ہے جیسے کمر پر ٹھنڈا پانی گرایا جا رہا ہو۔

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ایک دفعہ مجھے سردی لگ گئی تھی۔ میری کیفیت بالکل ویسی تھی جیسی میں نے ابھی اوپر بیان کی ہے۔ میں نے پلسا ٹیلا 10m کی ایک خوراک شام کے وقت لی۔ ایک گھنٹے سے بھی تھوڑے وقت میں میں تندرست ہو گیا۔ اور سردی کے تمام اثرات صبح تک

غائب ہو چکے تھے۔

ایک اور موقعہ پر میں اپنے گھر اور شہر سے دور تھی۔ میرے پاس صرف چند پیپر-6 دوائیں تھی۔ مجھے اس کی کئی خوراکیں لینا پڑیں۔ اس طرح مجھے صحت یاب ہونے میں 24 گھنٹے سے بھی زیادہ وقت لگا۔ اس سے مجھے اپنے بارے میں اندازہ ہوا کہ اونچی طاقت کی دوا مجھ پر تیز اور بہتر ردعمل ظاہر کرتی ہے۔ آپ کو بھی اسی قسم کی صورت حال کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اونچی طاقت کی مکمل طور پر مشابہ دوا سے فوری افاقہ ہوگا لیکن دوائی مکمل طور پر مشابہ نہ ہوئی تو اونچی طاقت میں یہ تو اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوگا یا نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو اپنی انتخاب شدہ دوا کے بارے میں زیادہ یقین نہ ہو تو چھوٹی طاقت کی دوا زیادہ بہتر رہے گی۔ اگر یہ دوا بالکل ٹھیک دوا نہ بھی ہوئی تو چھوٹی طاقت کی وجہ سے کم نقصان پہنچے گی۔

چند ہومیوپیتھس زکام کے لئے ایلیم سیپا کے شفائیہ اثرات کی قسم کھاتے ہیں۔ یہ ایسے زکام کیلئے بہتر ہوتی ہے جو مرطوب ہوا سے لگے۔ آپ ناک میں تکلیف محسوس کریں گے۔ نتھنوں سے پانی کی ندیاں بہنے لگتی ہیں۔ یہ پانی ہمیشہ چبھنا ہوتا ہے اور بڑا تکلیف دہ۔ یہ پانی بڑی مقدار میں ناک سے بہنا شروع ہوتا ہے۔ جو ہونٹوں کو جلا دیتا ہے اور زخمی کر دیتا ہے۔ نتھنے ہونٹ چھل جاتے ہیں۔ گلے کی تکلیف فوری طور پر سینے تک پھیل جاتی ہے زخرے میں شدید تکلیف (چیر پھاڑ) ہوتی ہے اور یوں لگتا ہے جیسے کاٹنے سے گا پھٹ جائے گا۔ وہ مریض کھانسی کے دورے کے دوران زخرے کو پکڑنے یا اس پر ہاتھ رکھنے پر مجبور ہوتا ہے۔ عام طور پر تکلیف کا آغاز بائیں جانب سے ہوتا ہے بائیں جانب کی آنکھ اور بائیں جانب کا نتھنا پہلے متاثر ہوتے ہیں۔ اور پھر مرض دوسری جانب بھی پھیل جاتا ہے۔ زخرے میں خراش ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے کھانسی آنا اور گلے کو پھاڑ ڈالنے والی شدید تکلیف گرم ماحول میں شدت اختیار کر جاتی ہے۔ اور شام کے وقت بھی اس کی تکلیف ناقابل برداشت ہوتی ہے۔

اگر آپ اس قسم کی علامات کا مجموعہ محسوس کریں۔ تو ایسے مریض کے لئے فوری اثر پذیر دوا ایلیم سیپا ہی ہوگی۔

اے۔ بی ایک لڑکی جس کی عمر اٹھارہ سال تھی۔ اسے سردی لگ گئی۔ پیشانی اور کمر میں درد ٹانگیں بھاری اور تھکی تھکی، چکرا کر گرنے والی ہے۔ بخار "100 اور نبض کی رفتار 98۔ موسم پچھلے کئی دنوں سے تغیر پذیر تھا۔ بارش ہوتی اور کبھی برف باری۔ اگلے دن بستر میں اس کا معائنہ کیا گیا۔ بخار 100 ڈگری اور نبض کی رفتار 96 تھی۔

مریضہ پر بوجھل پن اور سستی چھائی ہوئی تھی، حرکت کرنے کی کوئی خواہش نہیں۔ کھانسی

ہو رہی تھی۔ اس کی ٹانگوں میں اکڑن تھی۔ کسی قسم کی حرارت نہیں تھی۔ پسینہ آتا تھا نہ پیاس لگتی تھی۔ دوران رات ہوا رہتی۔ سب سے اہم علامت یہ تھی کہ کمر میں سردی لگتی اور یوں محسوس ہوتا جیسے ریڑھ کی ہڈی میں ٹھنڈا پانی پیٹھ کی جانب دوڑ رہا ہو۔ چنانچہ 1m کی ایک خوراک دی گئی۔

اگلے دن مریضہ نے بتایا کہ اس نے خوب پسینہ نکالا اور حرارت بھی خوب رہی۔ ٹمپریچر 99 F رہا اور ٹانگوں کا درد ختم ہو گیا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کمر میں ٹھنڈا پانی پیٹھ کی جانب دوڑتا ہوا محسوس ہوتا تھا اس بارے میں اب کیا کیفیت ہے۔ اس نے جواب دیا کہ وہ علامت ختم ہو گئی ہے۔

مریضہ ٹھیک ہو گئی اور تین دن بعد اس کی اب کوئی تکلیف محسوس نہ کر رہی تھی۔ ایک ہفتے کے بعد وہ اپنے کام پر واپس آ گئی۔ اس کی بہن جو اس سے پہلے بیمار ہوئی ابھی تک اپنے ایلوپیتھک ڈاکٹر کے پاس چکر لگا رہی تھی۔ پندرہ دن کے بعد بھی اس کی دوسری بہن کی خاصی سرگرداں تھی۔

ایک دو سال کا بچہ حلق کے ورم کی شدت کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا تھا۔ یہ تکلیف ٹھنڈی ہوا لگنے سے ہوئی تھی۔ سانس میں دقت تھی۔ سینے سے خرخراہٹ کی آواز آ رہی تھی۔ رات کے وقت حالت بد تر، شدید تپش محسوس کرتا ہے۔ بستر میں اوڑھنی پرے پھینک دیتا ہے۔ کلکیریا سلف 10m کی ایک خوراک دی گئی۔

خرخراہٹ کی نالیوں میں درد پہنچ گئے۔ سر رطوبتوں سے بھر گیا تھا۔ بچے کو پیدائش ہی سے پھنسیوں کی بیماری کا سامنا رہا۔ اس کی کھوپڑی میں خشک دانے تھے۔

اس کی ماں نے بتایا کہ دوا لینے کے بعد کھانسی تو فوراً ہی ٹھیک ہو گئی۔ اس کی شکایت دوبارہ بھی نہ ہوئی۔ اس کے علاوہ جلد کافی صاف ہو گئی تھی۔

ایک 25 سال کی عورت نزلے کا حملہ ہوا، ناک سے پانی بہتا ہوا، دوران میں جکڑن تھی حلق میں بھی۔ وہ اپنے آپ کو بیمار محسوس کرتی۔ ٹمپریچر 102 اور نبض 120 تھی۔

چہرہ سرخ اور گرم، شدید زکام، سردی اور چپچپاہٹ، کسی سے پاس بیٹھی رہتی، ہر طرح حرارت محسوس کرتی اور پسینہ آتا مگر جونہی بستر سے باہر آتی یا حرکت کرتی تو کپکپی طاری ہو جاتی۔ اس کی طبیعت بڑی چڑچڑی اور غصیلی ہو گئی تھی اور وہ کسی سے بات کا ایک لفظ بھی نہیں سہتی تھی۔

نکس وامیکا دوا کی ایک خوراک صبح 8 بجے کے قریب دی گئی۔ بخار اگلی ہی صبح اتر گیا۔ تمام علامات پوری طرح صاف ہو چکی تھیں۔ مریضہ اگلے دن بعد دوپہر ٹہلنے کے قابل ہو گئی۔

سے پیدا ہونے والی ہر طرح کی تکلیف یا جھنجھناہٹ تھی۔ ایک خوراک کے بعد اس کی چوتھی رات سے
بہتر ہونے لگی۔

ایک عورت جس کی عمر 33 سال تھی۔ ایک ہفتے سے زکام کی مریضہ تھی۔ اس کی
قوت شامہ بری طرح متاثر تھی۔ زکام کے بعد اس کے دونوں کانوں [illegible] سے صاف
کرنے کے [illegible] صاف [illegible] قوت شامہ [illegible]۔ اس کے علاوہ
اس کی دیگر علامات یہ تھیں: پیشانی میں درد [illegible] اور [illegible] کی شدت سے
شدت [illegible] مشکل ہو گیا [illegible] شدید [illegible]۔ مریضہ ایک ہی وقت میں زیادہ پانی پی
سکے۔

موسم تغیر پذیر تھا [illegible] مریضہ نے شدید
اور چڑچڑا پن بتایا۔ 30 دن میں تین بار [illegible] دن کے بعد مریضہ خود کو تندرست محسوس کرتی تھی
وہ اتنی خوش تھی کہ مزید دوا بھی طلب نہ کی۔ وہ حیران تھی کہ آپ کی پڑیوں نے میرے درد کو
ہی ختم کر دیا۔ اس سے قبل زکام میں یہ افاقہ کبھی نہیں ہوا تھا۔ وہ تندرستی محسوس نہیں کرتی
تھی اور نہ ہی اس نے [illegible] طلب کی۔

آواز بیٹھ جانا

اگلے روز مجھے ایک مشکل کیس کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کیس میں میری پوری آزمائش
تھی۔ میں علاج میں اپنے آپ کو بے بس محسوس کر رہی تھی۔ ایک کم عمر سیاہ فام شخص میرے پاس
آیا۔ اس وقت تقریباً شام کا اندھیرا چھا چکا تھا۔ اس کی آواز نہ ہونے کے برابر تھی۔ اس نے
سرگوشی کے انداز میں بتایا کہ اس کی ماں نے اسے میرے پاس بھیجا ہے۔ چھ ہفتے سے اس کی آواز
ختم ہو چکی ہے۔ خاندانی ڈاکٹر نے ایک ہفتے تک اس کا علاج کیا۔ اس کے بعد اس نے [illegible]
کے ماہر کے پاس بھیجا۔ اس نے دو تین بار دیکھا۔ اس دوران اس کی آواز مزید بگڑ گئی۔ مریض کو
بتایا گیا کہ مزید تشخیص کے لئے وہ ہسپتال میں داخل ہونے کا انتظار کرے۔ وہ پریشانی اور مایوسی کی
آخری حدوں کو چھو رہا تھا۔ اسے اپنی آواز کی بحالی کی امید نظر نہیں آتی تھی۔ مریض گلے میں کوئی
تکلیف محسوس نہیں کرتا تھا۔ بات صرف یہ تھی کہ اس کی آواز نکلتی نہیں تھی۔

کینٹ ریپرٹری میں "بالکل بے آواز ہونا" کے عنوان کے تحت [illegible] درج ہیں۔
اس کیس میں میری جستجو کا دائرہ زیادہ طویل اور مشکل نہیں تھا۔ اس کی بیماری کی ابتدا چھ ہفتے پہلے
[illegible] کی غرض سے دوڑ رہا تھا۔ اس کا جسم گرم تھا اور پسینہ خوب آیا ہوا تھا۔ اچانک وہ ایک پانی
کے [illegible] ٹھنڈے پانی میں گر گیا۔ ان حالات میں اسے فوری [illegible]

اور چوبیس گھنٹے کے اندر اندر اس کی آواز ختم ہو گئی۔ اس وقت سے پسینہ بھی بہت زیادہ آنے لگا۔ اس کے لئے یہ بالکل نئی بات تھی۔ اس کا جسم ہر وقت پسینے سے تر رہتا۔ پیاس بہت شدید ہوتی اور ٹھنڈے پانی کی خواہش رہتی۔ نرخرہ بلغم سے بوجھل محسوس ہوتا۔ گلا صاف ہو جاتا تو وہ بہتر محسوس کر سکتا۔

اسے گرمی بہت لگتی۔ چینی کھانے کا بہت شوقین۔ اس کی گردن کے غدود بچپن سے ہی غیر معمولی تھے۔

مریض کی ہسٹری کا ایک دوسرا پہلو بھی دلچسپ تھا۔ اس سے میرا کام اور بھی آسان ہو گیا۔ کچھ عرصہ پہلے موسم بہار میں اسے دائیں بغل اور بازو پر داد کی تکلیف ہوئی۔ یہ ایک جلدی بیماری ہے۔ اس تکلیف کے لئے جلد پر کئی ہفتے مرہم لگائی گئی۔ جس کے بعد جلد صاف ہوئی۔ اس کے سانس سے خارج ہونے والی ہوا بدبو دار تھی۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسے صرف قبض رہتی ہے۔ اس کے بازوؤں پر اتنا زیادہ پسینہ آتا کہ جسم سے گرتے ہوئے قطروں کو محسوس کرتا۔ ان تمام علامات کو مجموعی طور پر دیکھتے ہوئے دوا بڑی واضح تھی۔ وافر چپچپا پسینہ، بلا تکلیف بے آواز ہو جانا، کندھوں اور بغلوں کے نیچے خوفناک جلدی ہیجان۔ ٹھنڈے پانی کی زبردست خواہش۔ ان علامات کے علاج کے لئے میں نے فاسفورس 30 تجویز کی۔

تین دن کے بعد وہ مجھے دوبارہ ملا۔ اس کی آواز کہیں بہتر ہوئی تھی۔ اب وہ شروع کی نسبت کہیں بلند آواز سے بات کر سکتا تھا۔ پسینہ کی کثرت بھی رک گئی۔ ٹھنڈے پانی کی غیر معمولی خواہش بھی کم ہو گئی۔ وہ اپنے جسم میں بہتری کے آثار پا رہا تھا۔ سانس کی ہوا بھی خوشگوار ہو گئی بدبو کا خاتمہ ہو گیا۔ اسے اس کے لئے کسی ماؤتھ واش یا قبض کشا چیز نہیں دی گئی تھی۔ اسے صرف اتنا مشورہ دیا گیا تھا کہ رات سونے سے قبل سادہ بھاپ میں سانس لے۔ ہاں تو میں یہ بتانا تو بھول ہی گئی اس کے سابقہ ڈاکٹر نے اسے دوائیہ بھاپ لینے کی تاکید کی تھی۔ جس سے مریض کو ذرا بھی فائدہ نہ ہوا۔ فاسفورس 30، تین دن مزید۔ چھ دنوں میں مریض کی تیسری ملاقات پر اس کی آواز بحال ہو چکی تھی۔ اس کا قدرتی زیر و بم اور سریلا پن واپس آ گیا۔ مریض بہت خوش تھا اور اگلے ہی دن اپنے کام پر واپس چلا گیا۔

اس کیس سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہومیو پیتھی کیا کچھ کر سکتی ہے۔ چھ ہفتے سے زیادہ عرصہ پر پھیلی بے آوازی کی کیفیت، سپیشلسٹ کچھ نہ کر سکے۔ ہسپتال میں داخلے کا مشورہ دیا گیا۔ اس کے برعکس ہومیو پیتھی کی صحیح دوا کی چند خوراکوں سے آواز واپس آ گئی۔ جیسا کہ بتا دیا گیا ہو ہومیو علاج کی اس اثر انگیزی کو دیکھ کر مریض کی والدہ نے پوچھا شہر کے ماہر سپیشلسٹ

ایک یوں نہ کر سکے۔ اکثر اس طرح کے سوال ہوتے رہتے ہیں۔ [illegible]
ابھی تک ایسی چابی نہیں لگی جو شفا بخش طریقہ علاج سے [illegible])

صد افسوس ان پر اور غریب مریضوں پر جو ہسپتال سے مختلف شعبوں میں [illegible] چکر
لگاتے رہتے مگر کوئی قابل ذکر فائدہ نہیں ہوتا۔ ایک اہم بات یہ تھی کہ [illegible] ساتھ
نوجوان مریض کی خوراک تبدیل کی گئی۔ سفید روٹی منع کر دی گئی [illegible]
روٹی، روزمرہ کے پھل اور مناسب طریقے سے پکی ہوئی سبزیاں اور [illegible]
ہومیوپیتھی کے لئے یہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ کیا آپ اس سے اتفاق نہیں کرتے [illegible]
یاد پڑتی ہے جو ایک ماہ گلے کی خرابی کی وجہ سے بولنے سے قاصر رہی [illegible]
شبہ کیا جانے گا۔ وہ ایک ٹی بی ڈسپنسری سے دوائی لے رہی تھی۔ اس [illegible]
مشہور ترین ہسپتال سے ہفتوں تک علاج کراتی رہی میں ذاتی طور پر اس کا علاج نہ کر سکی [illegible]
تھی کہ میرا شعبہ بچوں سے متعلق تھا۔ میں نے اسے ہومیو ہسپتال بھیج دیا [illegible]
علاج سے وہ ٹھیک ہوگئی۔ ایسی تکلیفیں جن کے علاج کے لئے ہومیوپیتھی میں [illegible]
ان میں ہومیو علاج کہیں زیادہ بہتر نتائج دے سکتا ہے۔ یہ نتائج اس کے باوجود تھے کہ مریض بیماری
کا سبب بھی بیان نہیں کر سکے تھے۔



۱۱

بعض حادثیں

حمل کے آخری ایام میں قے

13 نومبر 1936ء رات کے وقت ہاتھ اور بازوؤں کی سختی میں شدت، بستر میں شدت، نیند کے بعد درد میں زیادتی، درد بازوؤں سے اوپر جاتی ہے، کاٹنے والی دردیں بے حسی کے ساتھ، مقامی علامات لیکسز اور رسٹاکس کی ہیں مگر مزاجی علامات رسٹاکس کے مقابلے پر لیکسز کے زیادہ قریب ہیں۔ جیسے باتونی پن، گرمی محسوس کرنا رات کے وقت شدت، چہرہ کا گرم اور سرخ ہونا۔ لیکسز ایک بار پھر۔

15 فروری 1937ء تیسری انگلی صبح بیداری کے وقت سن، صبح کے وقت شدت، حرکت



مدت سے کوئی دورہ نہیں ہوا۔ اس نے مجھے بھی یہ کیفیت بتائی اور کسی سے [illegible] نہیں۔

اس کا جسم موٹا، قد چھوٹا، رخسار انتہائی رنگت، جلد خشک اور بہت زیادہ [illegible] محسوس کرتی، سر کی چوٹی پر درد، دن کے گیارہ بجے پیٹ میں ڈوبنے کا احساس، تمام علامات سلفر کی تھیں۔ میں نے سلفر-6 دی۔ یہ دن میں تین بار لینا تھی۔ یہ دوا [illegible] زیادہ استعمال کرائی گئی۔ نتیجہ غیر متوقع تھا۔ اس کی انگلیاں سیدھی ہو گئیں [illegible] بحال ہوئی۔ اسے کہا گیا کہ وہ کسی بھی ہسپتال سے چیک کروائے [illegible] صحت یابی اسے بارہ سال کی تکالیف کے بعد حاصل ہوئی۔ افسوس یہ ہے کہ یہ خاتون شراب کی بہت عادی تھی۔ اس طرح ذیابیطس میں مبتلا ہو کر آنکھوں سے معذور ہو گئی۔ اس طرح سے علاج چھوڑنا پڑا۔ مجھے اس کے بارے میں آج تک بھی علم ہے کہ اس کے ہاتھ بالکل درست ہیں اور اس میں کوئی علامت دوبارہ نہ ہوئی۔

میری بے بسی یہ تھی کہ شراب نوشی سے روک نہ سکی۔ کئی بار اس کے [illegible] میں دیکھتے۔ میں اسے آپریشن سے بھی بچا سکتی تھی مگر شراب نوشی کے مضر اثرات سے بچانا میرے بس میں نہیں تھا۔ بیمار کے لئے معالج کے ساتھ تعاون لازم ہے۔ اس کا ارادہ مستحکم ہونا چاہیے۔ کمزوری کو راہ نہیں دینا چاہیے۔ بارہ سال پرانا مریض سلفر کی چند خوراکوں سے درست ہو گیا۔ اس طرح عصبی امراض میں بھی مبتلا خاتون لیکیسز سے شفا پا گئی۔ اسی قسم کے مریض اور بھی ہو سکتے ہیں جن کی دوا مختلف ہو سکتی ہے۔ ہومیو علاج میں امراض کے لئے کوئی مخصوص دوا نہیں۔ مجموعی علامات کی بنیاد پر منتخب دوا حیاتی قوت کو بیدار کرتی ہے جس کے بعد مرض کی کیفیت مزاجی علاج کے نتیجہ میں خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔

(XI)

چھاتی کی رسولی

کینسر کے بارے میں عشروں سے جاری پروپیگنڈے کا نتیجہ ہے کہ عورت چھاتی کی گلٹی سے ہمیشہ پریشان ہو جاتی ہے۔ کاش لوگ دوبارہ اس بات کو محسوس کریں کہ گلٹی کا دوا سے علاج ممکن ہے۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی اہم ہے کہ ہر گلٹی کا آپریشن ضروری نہیں ہوتا۔ عام معمول یہ ہے کہ جب بھی کوئی مریض گلٹی کے ساتھ ہسپتال یا ڈاکٹر کے پاس آتا ہے تو اسے آپریشن کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ یہ دیکھنے کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی کہ یہ گلٹی کینسر کی تھی بھی یا نہیں۔ گلٹی کو دیکھتے ہی کہہ دیا جاتا ہے کہ یہ کینسر کی شکل اختیار کر سکتی ہے، لہٰذا آپریشن کروا لیا جائے، اگر آپریشن نہ کرایا گیا تو خوف ناک نتائج بھی پیشگی طور پر بیان کر دیئے جاتے ہیں۔ اس طرح مریض کو ذہنی طور پر آپریشن پر مجبور کیا جاتا ہے۔

میں اس طرح کی ایک مریضہ کو کئی مہینوں سے دیکھ رہی ہوں۔ میرا اپنا یقین یہ ہے کہ وہ شفایاب ہو چکی ہے مگر اسے آپریشن کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

یہ مریضہ میرے پاس اکتوبر ۱۹۳۷ء میں آئی۔ دو ماہ پہلے اس کی دائیں چھاتی پر ٹینس بال لگا تھا۔ چوٹ کے بعد اگست کے آخر پر وہ مقامی ڈاکٹر کے پاس گئی۔ اس نے چوٹ کی زیادہ پرواہ نہ کی۔ جسم پر چوٹ کا کوئی خاص نشان بھی نہیں تھا۔ دو ہفتے بعد چھاتی پر نپل کے اوپر سنگترے کے برابر سوجن نمایاں ہو گئی۔ پوری چھاتی کا رنگ بے حد خراب ہو گیا۔ ارغوانی رنگ اور نپل سکڑا ہوا۔ مریضہ کی ہسٹری میں غدود بڑھنے کے کوئی آثار نہ تھے۔ اسے آرنیکا-30 دی گئی۔ صبح شام۔

۱۱ نومبر ۱۹۳۷ء

سوجن کچھ کم، نرم اور رنگ بھی ہلکا۔ آرنیکا بدستور۔

۱۸ نومبر ۱۹۳۷ء

سوجن بہت دکھتی ہے۔ بیلیس پیرنس-30 ہر شام ایک خوراک۔

۲۵ نومبر ۱۹۳۷ء

دکھن ختم، رنگت صاف ہو گئی، مگر سائز میں فرق نہیں ہوا۔

۹ دسمبر ۱۹۳۷ء

سوجن نرم، سائز میں کچھ کمی، بہت حساس، شدید جلن تھی۔ سلفر 30

۱۶ دسمبر ۱۹۳۷ء

چھاتی کی کیفیت میں کوئی تبدیلی نہیں۔ بیلیس پیرینس-1۔

۲۰ جنوری ۱۹۳۸ء

سوجن میں کافی کمی۔ بیلیس پیرینس بدستور۔

۲۷ جنوری ۱۹۳۸ء

حالت خراب، دونوں ہاتھ دوپہر کے بعد بے حس ہو جاتے ہیں۔ بہت پریشان، اندرونی طور پر ہل گئی معلوم ہوتی۔ اگنیشیا صبح و شام۔

۳ فروری ۱۹۳۸ء

گلٹی کچھ نرم۔ بیلیس پیرینس۔ اصل میں شام کے وقت بیلیس دینا غلط تھا۔ شام کے وقت اعصاب پر برے اثرات ڈالتی ہے۔ رات کو پریشانی کا باعث ہوتی ہے۔ برے خواب آتے ہیں۔ اگر یہ دوا صبح کے وقت دی جاتی تو اس صورت حال سے بچا جا سکتا تھا۔

۱۷ فروری ۱۹۳۸ء

غدود محسوس ہی نہیں ہوتے تھے۔ بیلیس پیرینس دوبارہ۔

۳ مارچ ۱۹۳۸ء

گلٹی اتنی سخت نہیں تھی۔ فائٹولیکا-30

۲۴ مارچ ۱۹۳۸ء

چھاتی میں ایک چھوٹی سی گانٹھ۔ فائٹولیکا-30- ایک خوراک۔

۷- اپریل ۱۹۳۸ء

فائٹولیکا دوبارہ۔

۵ مئی ۱۹۳۸ء

شدید نزلہ زکام، اوپر والے ہونٹ پر داد۔ بیلیس پیری نس، دن میں تین بار۔

۹ جون ۱۹۳۸ء

شکایت کی کہ دوا لینے کے بیس منٹ بعد ماتھے میں درد۔ سر درد کی وجہ سے سو نہ سکی۔ شاید غلطی مجھ سے ہوئی تھی۔ بیلیس کی مدر ٹنکچر کو بار بار نہیں دینا چاہیے تھا۔ ڈاکٹر جابر نے لکھا ہے کہ چھاتی کی گلٹیوں میں بیلیس پیرینس کی مدر ٹنکچر کی ایک خوراک دینے کے بعد انتظار سے بہتر نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ لیکن اس مریضہ میں دوا کے تکرار کا ردعمل دیکھ کر ڈاکٹر جابر کی

بات کو آئندہ کے لیے میں نے چپے باندھ دیا۔

۲ جون ۱۹۳۸ء

پچھلے ہفتے ماہواری، میں توقعات نہیں تھے۔ چہرے کا رنگ کافی بہتر۔

۲۳ جون ۱۹۳۸ء

چھاتی میں درد نہیں، اپنے بچے کے بارے میں مشوش، بہت ہسٹریائی ہے۔

اکنیشیا۔30

۷ جولائی ۱۹۳۸ء

ابھی تک اپنے پاؤں بستر میں رکھتی ہے۔ کچھ دنوں سے بہتر محسوس کر رہی ہے۔

اکنیشیا۔30 صبح وشام

۱۵ ستمبر ۱۹۳۸ء

اب اتنی پریشان نہیں۔ دائیں چھاتی میں چھوٹی سی گانٹھ۔ باقی ماندہ گلٹی کے لیے

سیلیکا۔30

۲۲ ستمبر ۱۹۳۸ء

ماہواری باقاعدہ، اس دوران کوئی تکلیف نہیں، ماہواری سے قبل سر درد، پورے جسم پر خارش، بستر کے کپڑے ہلکے، بستر میں خارش گرمی کی وجہ سے نہیں تھی۔ اپنے آپ کو بہتر محسوس کرتی۔ گانٹھ نمایاں ہے۔

۶۔اکتوبر ۱۹۳۸ء

اپنے آپ کو بہتر سمجھتی ہے۔ سارے جسم پر پھنسیاں، خارش، کندھوں اور پشت پر کیل، گرمی محسوس کر رہی ہے۔

۲۷۔اکتوبر ۱۹۳۸ء

دائیں چھاتی ٹھیک۔ دوبارہ سلفر۔30

۳ نومبر ۱۹۳۸ء

گلا دکھتا ہے ہاتھ اور بازو پر تہ ختم ہونے والی دردیں، مسلسل درد، جسم سن، چھینکیں، اچھی خاصی بلغم، سورائی علامات۔ سلفر کے بعد شدت، تمام علامات دائیں جانب۔

۱۰ نومبر ۱۹۳۸ء

ہر چیز ہموار تھی۔ ایک روز پرہجوم بس میں اسے دھکا لگا اور چھاتی پر شدید چوٹ آئی اس سے دوبارہ سوجن ہو گئی۔ خراش، دائیں بازو کی خون کی نالیوں میں ہوا بھرنے کا احساس

تریکا-30 دن میں تین بار۔

ـ نومبر ۱۹۳۸ء

چھاتی میں سخت سوجن، دوبارہ ہو گئی - فائٹولیکا-30 تین خوراک۔

۲۴ نومبر ۱۹۳۸ء

دائیں چھاتی کی حالت بہت خراب تھی - یہ بات میرے لئے صدمہ کا باعث تھی۔ سوجن ہمیشہ سے زیادہ، گہرے نیلے رنگ کی، سخت، سوزش اور درد کے ساتھ، جلد کے ساتھ جڑی ہوئی، سینے کے گرد گانٹھ دار غدود، بغل کا پسینہ بافراط اور بدبودار - اس نئی صورت میں ہر تکلیف عود کر آئی - شدت پہلے سے بھی دوگنی تھی - غدود میں کئی بار سوزش ہو چکی تھی میں سوچنے لگی کیا کینسر کے خلاف ہماری تمام کاوش رائیگاں گئی؟ کارسینوسینم-30 ایک خوراک۔

سات ہفتے تک مریضہ نظر نہ آئی - میں اس کے بارے میں ذہنی طور پر کافی پریشان تھی کبھی یہ سوچتی کہ شاید اس کی حالت اتنی زیادہ خراب ہو گئی ہو کہ وہ ہسپتال چلی گئی جہاں اس کی چھاتی کاٹ دی گئی ہو - انہوں نے میرے بارے میں کیا کچھ نہ کہا ہوگا - وہ نئے علاج کے بارے میں ان کے تبصرے اور میرے بارے میں ہمسائیگی میں کیا رائے بنی ہوگی - وہ ایک غریب خاتون تھی، وہ ڈسپنسری کی مریض تھی، مجھ سے معتقد تھی - مجھے اس معاملہ میں ہومیوپیتھی پر افسوس ہوا - میرے خیالات الجھ گئے۔

۱۲ جنوری کو وہ مسکراتے ہوئے میرے سامنے تھی - میرے اندیشوں اور وسوسوں کا خاتمہ ہو گیا - وہ بالکل ٹھیک معلوم ہوتی تھی - وہ مصروف ہونے کی وجہ سے نہیں آ سکی - ماہواری باقاعدہ ہر تیسرے ہفتے بعد، کسی شکایت کے بغیر، دائیں جانب چھاتی کی گلٹی عملاً ختم ہو چکی تھی - دائیں جانب بغل کے غدود برائے نام - بغل کا بستہ بہت مضبوط - اب وہ بنیان پہنے گی تاکہ پسینہ سے بچت ہو سکے - کارسینوسینم-30 ایک خوراک۔

۱۹ جنوری ۱۹۳۹

سر کی چوٹی اور پشت پر درد ہیں - جھک نہیں سکتی، غنودگی بھی کافی تھی - یہ دراصل کارسینوسینم کی تکرار بے جا تھی - اس وجہ سے شدت ہو گئی - ڈاکٹر کوچ کینسر کا ایک بڑا معالج تھا اس کا کہنا ہے کہ چکر اور غنودگی کینسر کی ابتدائی علامت ہے - وہ اسے شروعاتی علامت کہتا ہے - سے پیشگی علامت بھی کہا جا سکتا ہے - کیا اس کیس میں یہ علامت کی واپسی تھی جیسا کہ مرض ... ہے۔

۳ فروری ۱۹۳۹

بہت اچھی محسوس ہوتی ہے ماسوائے ٹانگوں میں درد کے- وہ ٹانگوں کو بوجھل محسوس کرتی، جیسے سیسہ بھر دیا ہوا- یہ کیفیت پچھلے ہفتے میں نظر آئی- دائیں پاؤں کے انگوٹھے پر گئے- یہ کیفیت دسمبر جنوری میں ہوئی-

یہ تمام علامات کارسی نوسانم کے بعد مرض کی اندرون سے بیرون کی جانب نشاندہی کرتی تھیں- گلٹی اور غدود بھی غائب ہو گئے- مریضہ بہتر محسوس کرنے لگی- چھاتی کا ناسور علاج کے بعد ختم ہو گیا- اگر اسے نومبر میں دوبارہ چوٹ نہ لگتی تو وہ قریباً صحت یاب ہو چکی تھی- اب وہ چھاتی کے بارے میں بہت محتاط ہو گئی- وہ اسے چوٹ سے محفوظ رکھنے میں کوشاں رہتی-

یہ ایک کیس تھا جو میرے لئے بھی انتہائی راہنما تھا- اس میں مریضہ کی بدلتی حالت پر گہری نظر رکھنا پڑی- اس سے میں نے بہت سی چیزیں سیکھیں- اگر وہ سبزی خور ہوتی تو میں اسے سبزیاتی غذا پر محدود کر دیتی- گوشت اور مچھلی منع کر دیتی- مگر یہ ہدایت غریب گھرانوں میں ناممکن ہیں- اگر سبزیاتی غذا ممکن ہوتی تو یہ مریضہ بہت پہلے درست ہو جاتی-

اسے ابھی کافی نگہداشت کی ضرورت ہے- مجھے یہ اندیشہ نہیں کہ وہ مجھے چھوڑ دے گی- مجھے فکر یہ تھی کہ ہومیو علاج اس کے لیے کیا کچھ کر سکتا ہے- مزمن امراض واضح ہونے میں طویل عرصہ لیتی ہیں- ان کے علاج میں بھی عام طور پر کافی وقت چاہیے- کئی لوگ اس طویل علاج سے تھک کر درمیان میں چھوڑ دیتے ہیں- خاص طور پر جب علاج کے دوران واضح علامات کے بعد شدت پیدا ہو جائے- یقیناً ایسے مریض اپنا نقصان خود کرتے ہیں- مگر ہومیو علاج کے مقاصد بھی مجروح ہوتے ہیں مگر اس کی وجہ صاف ہے- ہومیو ادویہ آہستگی سے کام کرتی ہیں- حیاتیاتی قوت کو بیدار کرتی ہیں اور اس طرح جسمانی طور پر پہنچنے والے نقصان کی مرمت کرتی ہیں- یقیناً اس میں وقت لگتا ہے-

آخر آپریشن کیوں کرایا جائے جب ہومیو علاج سے مرض دور ہو سکتا ہے- یہ بہتر طور پر علاج کر سکتا ہے- آپریشن کے دوران کینسر خون کے ذریعے پورے جسم میں پھیل سکتا ہے- اگرچہ یہ ہر بار نہیں ہوتا مگر میں نے بہت سے کیس دیکھے ہیں جن میں آپریشن کے بعد مریض مر گیا- اگر کوئی مریض مکمل چھاتی اتروا کر پانچ سال زندہ رہ جاتا ہے تو اسے مکمل صحت یاب قرار دیا جاتا ہے- آنجہانی ڈاکٹر برفورڈ نے ہومیو علاج سے بہت سے کینسر کے مریضوں کو صحت یاب کیا اور وہ علاج کے بعد پانچ سال سے کہیں زیادہ زندہ رہے- ایسے کارنامے انجام دینے والے اور بھی بہت سے ہومیو معالج ہیں-

(XII)

دل کے دو کیس

اکتوبر 1935ء میں ایک بوڑھا شخص لڑکھڑاتے ہوئے میرے کمرے میں داخل ہوا۔ اس کی حالت کے پیش نظر مجھے ڈر تھا کہ وہ کھڑے کھڑے مر جائے گا۔

اسے دیکھ کر میں نے اس کی عمر اٹھتر سال تحریر کی، لیکن اس نے اپنی عمر ساٹھ سال بتائی۔ یہ فرق میرے لئے حیران کن تھا۔ وہ نام نہاد ایلوپیتھ اور قدرتی طریقہ علاج کے معالجوں کے نرغے میں رہا۔ وہ اسے کئی سال سے ایسی غذا پر لگائے ہوئے تھے جو صرف خرگوشوں کے لئے ہو سکتی تھی۔ تمام سبز چیزیں، دھوئی ہوئی گوبھی کا پانی، سلادیں، اور اس پر مستزاد یہ کہ ضرورت سے کم۔ وہ ہر طرح کے اناج سے محروم کر دیا گیا تھا، اسے روٹی کی اجازت نہیں تھی۔ سبز رنگ کی چیزیں، سلاد، کبھی کبھار مچھلی، پھل اور دودھ کی معمولی مقدار۔ وہ ایک توانا اور پرجوش شخص تھا۔ اس کا وزن 150 تھا، قد 5 فٹ 10 انچ اب اسکا وزن 115 پونڈ رہ گیا تھا 35 پونڈ کمی، وہ بے حد کمزور، لاغر نظر آتا تھا۔ وہ بمشکل ہی چل سکتا تھا، وہ لرزتے، کانپتے ہوئے اپنی جگہ کھڑا تھا۔ اس کا چہرہ نیلگوں، ہونٹ اور ہاتھ نیلے، جلد خشک اور ٹھنڈی، اسے پسینہ بالکل نہیں آتا تھا۔ عدم توازن کا شکار تھا۔ حدت کا احساس ختم ہو چکا تھا۔ اس کے پاؤں سن محسوس ہوتے تھے۔ چلتے ہوئے اسے راستہ محسوس نہیں ہوتا تھا۔ کمرے میں فرنیچر اور باہر چلتے ہوئے چھڑی کا سہارا لینا پڑتا۔ جسم میں گرمی کو باقاعدہ بنانے والے اعضاء بےکار ہو چکے تھے۔ وہ سخت سردی محسوس کرتا۔ آگ پر بیٹھے ہوئے بھی گرمی محسوس نہیں کرتا تھا۔ ہاتھ، پشت، ٹانگیں اور پاؤں انتہائی ٹھنڈے، اور چھٹے ہوئے۔ وہ خزاں میں رسنا شروع ہوتیں اور تمام سردی یہ رساؤ جاری رہتا۔ یہ کیفیت اس کے ہاتھوں، ایڑی، پاؤں اور ٹانگوں کی بھی تھی۔ یہ خزاں کا چمکتا ہوا دن تھا، مگر اس نے اپنے اوپر لباس کی تہیں چڑھائی ہوئی تھیں۔ گرم اونی پتلون، دو سویٹر، بہت بڑا اوور کوٹ، اس کے باوجود وہ سردی محسوس کرتا۔

وہ ڈوبتا ہوا محسوس کرتا تھا جیسے گر کر فرش میں ڈوب جائے گا۔ گردن میں پھڑنے کا احساس، ٹانگوں کی طرف جانے والی گولی کی طرح کی دردیں، رات کے وقت سانس کی تنگی، سب کچھ منہ میں پانی آنا، اپھرا، کھانے کے بعد پیٹ میں سختی۔

دماغ کی طرف دوران خون کمزور ہے، شدید قبض، بہت سنجیدہ، ہر چیز بھول جاتا ہے۔ اپنے خول میں بند، تنہائی پسند، رفاقت پسند نہیں کرتا اور شور بھی برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

معدہ دن ہونا بند کر دیا ہے۔ بلڈ پریشر، نبض ۹۰۔

پچھلے دو ماہ میں اس کا وزن بحال کرنا ضروری تھا۔ اس مقصد کے لئے میں نے اس کی
غذا پوری طرح بحال بلکہ بہتر کی۔ روزانہ تین انڈے، ایک کلو دودھ، چھان سمیت روٹی، مکھن
کریم، مچھلی ہفتے میں تین بار، پھل، چھان اور چھان والے بسکٹ، قبض کے لئے۔ اسے ایکوپوڈیم
6 دی گئی۔ دن میں تین بار۔

مجھے امید نہیں تھی کہ وہ دوبارہ آئے گا اور میرا اندازہ تھا کہ وہ جلد ہی مر جائے گا۔ میں
نے اسے مکمل آرام کی ہدایت کی۔ چھ ہفتے بعد وہ دوبارہ آیا۔ اس نے پندرہ دن تک بستر میں
گزارے تھے۔ بعد میری تجویز کردہ غذا شروع کی۔

اب وہ بالکل مختلف شخص تھا۔ ایک مہینے میں اس کا نو پونڈ وزن بڑھا۔ اب وہ مضبوط
باہمت شخص تھا۔ بہتر طور پر چل سکتا تھا۔ اگرچہ ٹانگوں میں کمزوری باقی تھی۔ خون کا دوران کمزور تھا۔
میں نے اسے خشک لوبیا، چھال اور گرم دودھ ناشتے میں لینے کی ہدایت کی۔ جس سے اس کا پاخانہ
بہتر اور باقاعدہ ہوا۔ دوپہر کو اچھا کھانا، پنیر، انڈے، سبزیاں، مچھلی، گوشت، چھان والے
بسکٹ، کیک اور روٹی۔ اسی طرح پرتکلف شام کا کھانا تجویز کیا۔ دوا کے طور پر ایکوپوڈیم-6 صبح
شام۔

جنوری 36۔

اس نے کافی بہتری کی رپورٹ دی۔ مشورے سے پہلے مہینے میں پانچ پونڈ وزن کا اضافہ
تین مہینے میں اضافہ، چودہ پونڈ۔ دوا بدستور۔

فروری ۳۶

اب لرزہ کم ہو گیا تھا۔ دوران خون بھی بہتر تھا۔ ایڑی اور بائیں کان پر خراشیں نف
۱۸۴ اور ہموار، بلڈ پریشر نارمل، دل کی دھڑکن باقاعدہ اور مضبوط۔ ایکوپوڈیم 30۔

مارچ ۳۶۔

روبصحت، چھ ماہ میں پندرہ پونڈ وزن کا اضافہ ہوا۔ ٹانگوں میں جوڑوں کی درد پچھلے
ہفتے اعصاب پر حملہ ہوا۔ باقی صحت بہتر۔

اپریل ۳۶۔

نیند خوب، کھانے میں لطف محسوس ہوتا ہے۔ قبض کافی بہتر، اب بھی ختم ہو گئی ہے۔ ٹانگوں
میں لرزہ ختم، دوران خون بہتر، خراشیں بہتر ہو گئیں۔ البتہ کان پر موجود ہیں۔
اس نے بتایا کہ دو سال پہلے اس کے انگوٹھے کے ناخن اکھڑ گئے تھے اور بعد میں دو

انگلیوں کے ناخن گر گئے۔ اس سال ناخن اگ آئے اور وہ نارمل تھے۔ لائیکو پوڈیم 30 بدستور۔

جون ۳۶

کئی روز سے کندھے کے جوڑوں کی درد ختم ہو گئی۔ سختی اور جکڑن ختم ہوئی۔ اعصابی حملہ بھی نہ ہوا۔ نبض ہموار اور باقاعدہ، بلڈ پریشر ۱۳۵ وزن میں اضافہ نو ماہ میں ۲۸ پونڈ۔

۳ ستمبر ۳۶

حالت اتنی اچھی نہیں۔ تین ہفتے پہلے ایک حملہ ہوا، انگلیاں اور انگوٹھا سخت اور بے جان ہو گئے۔ سارا دن غنودگی محسوس کرتا۔ وزن بدستور رہا۔ لائیکو پوڈیم 30۔

نومبر ۳۶

شاندار صحت، انگلیاں صاف اور ٹھیک۔ اب وہ ادھر نہیں۔ اس کی عمر ۶۳ سال تھی۔ اچھی زندگی کے بہت سے سال اس نے ابھی گزارنے ہیں۔

اچھی اور معقول خوراک اور مطلوبہ دوا سے لاغر شخص ڈوبتے ہوئے دل، کمزور دوران خون، لو بلڈ پریشر، غرض تمام عوارض ختم ہو گئے اور مریض صحت و توانائی کی نعمت سے مالا مال ہو گیا۔ اس کیس میں آپ نے مشاہدہ کیا کہ صحت کی جانب سفر میں علامات کی واپسی ایک قاعدہ کے تحت ہوتی ہے۔ اہم اندرونی اعضاء سے عضلات اور عضلات سے اعصاب اور جوڑوں کی جانب۔

ایک اور کیس،

اپریل ۱۹۳۵ میں دیہات کے ایک ڈاکٹر نے مجھے بتایا کہ اس نے ایک خاتون مسز ڈی کو دیکھا ہے۔ اس کے خیال میں اسے دل کا عارضہ تھا۔ اونچا بلڈ پریشر (۲۰۰-۲۱۰)، اور پیشاب میں چربی خارج ہوتی تھی۔ میں نے اس کا کئی سال پہلے علاج کیا تھا۔

مریضہ کی عمر ۷۵ سال تھی، ڈاکٹروں کا کہنا تھا کہ وہ زیادہ عرصہ زندہ نہیں رہ سکتی، اسے بستر میں محدود کر دیا گیا۔ مگر مریضہ نے بستر کی یہ قید قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ چنانچہ وہ اپنی تھوڑی بائش پر واپس آ گئی۔ میں نے اسے ایک ہفتہ قبل دیکھا۔ اس کی کیفیت حسب ذیل تھی۔

اونچا بلڈ پریشر، بے قاعدہ نبض، ہر تیسری دھڑکن چھوٹ جاتی، بعض اوقات نبض بہت تیز اور پھر اچانک انتہائی سست ہو جاتی، کبھی کبھی ایک آدھ دھڑکن تک بالکل خاموشی رہتی۔ دل پھیلا ہوا تھا۔ چہرہ نیلا متشنج، ٹخنے سوجھے ہوئے پیشاب میں چربی، انتہائی تھکاوٹ، کمزوری اور لاغر پن۔ عام طور پر وہ بہت توانا، ذہنی طور پر مضبوط اور افسرانہ مزاج کی مالک تھی۔ کوئی شخص اس پر حکم نہیں چلا سکتا تھا۔ اپنے لیے وہ خود قانون کا درجہ رکھتی تھی۔ ایک ہفتہ تک وہ بستر میں پابند رہی اس کے بعد سے گیارہ بجے دن سے پہلے بیدار ہونے سے منع کر دیا گیا۔ اس دوران وہ ناشتہ بستر میں

یا برآمدہ کے اندر سایہ میں صوفے پر آرام سے کر سکتی تھی - اس نے تین ماہ اس طرح گزارے مگر اس آرام سے وہ اکتا گئی۔ خاص طور پر دل کے لحاظ سے بہت بیزار تھی۔

میں نے غذا کو کنٹرول کیا۔ وہ بہت بھاری غذا کی عادی تھی۔ گوشت اور اس کا سوپ دن میں دو بار، مکھن، انڈے، کافی ناشتہ میں۔ دودھ کی پڈنگ اور کریم۔ اسی طرح دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد کافی، شام کا بھرپور کھانا اور اس کے بعد کافی - وہ گوشت چھوڑنے پر تیار نہیں تھی۔ اسے چائے پسند نہیں تھی، سبزیوں کو بھی وہ پسند نہیں کرتی تھی۔ کیک اسے بہت پسند تھا اور اسی طرح بند اور پیسٹریاں۔

وہ بہت متکبر، خاموش اور تنہائی پسند تھی - اسے اپنے مزاج کے خلاف کسی بات پر آمادہ کرنا بہت مشکل تھا - وہ یہ تسلیم ہی نہیں کرتی تھی کہ وہ بیمار ہے۔

دل کی کمزوری اور تقویت کے لئے اسے کریٹیکس Q دیا گیا۔ بیس قطرے دن میں تین بار، کمزوری کے لئے سلفر 6 صبح و شام اس نے آہستہ آہستہ بہتری اختیار کرنا شروع کی۔ تین ماہ سے وہ کچھ زیادہ ہی خاموش رہنے لگی۔ بستر اور بستر سے صوفہ پر، برآمدہ میں۔ اس طرح اس کا وقت گزرتا - بہر حال دل کچھ تقویت پکڑ رہا تھا۔ نبض بھی پہلے سے باقاعدہ تھی۔ مگر میں سمجھتی تھی کہ سلفر اس کی مکمل دوا نہیں یہ دوا اسے کمزوری، تھکاوٹ اور کام سے گریز کے رجحان کے لئے دی گئی تھی۔

کیس میں پیش رفت کے لحاظ سے میں مطمئن نہیں تھی۔ اتنا افاقہ تو بغیر دوا کے محض آرام کی وجہ سے بھی ہو سکتا تھا۔ میرے اندازے میں کریٹیکس نے بھی خاص کام نہ کیا۔

میں نے مشاہدہ جاری رکھا اور آہستہ آہستہ میرے ذہن میں بیماری کی تصویر مکمل ہوتی رہی۔ اس میں اس کی ملازمہ نے بعض خفیہ معلومات فراہم کر کے میری بڑی مدد کی - یہ ملازمہ اس کے ساتھ شاید نصف عمر گزار چکی تھی۔ میں نے دیکھا کہ مریضہ بہت کم آمیز اور کم گو ہے۔ اپنے دکھوں کے بارے میں کبھی بات نہیں کرتی لیکن اس کے اکلوتے بیٹے کی اچانک موت اور خاوند کی گمشدگی نے اسے ہلا کر رکھ دیا۔ وہ اپنے افراد خانہ سے ناراض رہتی، ہمدردی سے نفرت کرتی۔ بہت زود رنج، خاص طور پر گرم موسم میں۔ وہ اپنے ایک تنہائی قریبی دوست کی جانب سے اپنے خلاف سازش سے بہت نالاں اور صدمہ محسوس کرتی تھی۔ اس سے وہ بے جان سی ہو گئی، لیکن کسی ردعمل کے اظہار کے بجائے اس نے چپ سادھ لی مگر دل پر گہرا صدمہ محسوس ہوا وہ زندگی سے تھک گئی۔

صبح کے وقت بہت کمزوری محسوس کرتی نمکین کھانوں کو پسند، گوشت، دودھ اور میٹھی روٹی کی شوقین تھی - اس کی جلد میلی، زرد اور چمکدار، اس کی آنکھیں بھی زرد تھیں - آخر کار میں

محسوس کیا کہ اس کی مزاجی دوا نیٹرم میور ہے

ستمبر میں اسے نیٹرم میور 6 ایکس دینا شروع کرائی۔ اس دوا سے پیش رفت حیران کن تھی۔ وہ کیونکہ مسئلہ میں دوبارہ مستعد ہو گئی۔ اس کی روزمرہ کی مصروفیات بحال ہو گئیں۔ کئی ہفتوں بعد اس نے اپنے آپ کو کافی بہتر محسوس کیا۔ اس نے بتایا کہ اس کی جلد میں اندرونی طور پر تبدیلی پیدا ہو رہی ہے اس کے لئے اسے کیا کرنا چاہیئے۔ میں نے اس سے بات کی۔ بازوؤں خاص طور پر پشت اور بدن پر بڑے چھوٹے پھنسیاں بنے ہوئے تھے۔ میں خوش تھی اور میں نے اسے بتایا کہ دوا کام کر رہی ہے اور جسم کے اندرونی اعضاء میں پائے جانے والے زہریلے مادے باہر جلد کی سطح پر آ گئے ہیں۔ یہ پھنسیاں اسی بنیاد پر تھے۔ میں نے اسے صحت کی علامت قرار دیا اور نیٹرم میور جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ کچھ عرصہ بعد دوائی کی طاقت بڑھا کر 30 کر دی۔

دل باقاعدہ ہو گیا۔ اس کا پھیلاؤ ختم ہو گیا۔ بلڈ پریشر ۱۰۰-۲۰۰ ہو گیا۔ دوائی پر اس کی حالت بہتر ہو گئی۔ وہ ۷۶ سال کی تھی۔ اس کے دیہات کے ڈاکٹر نے اسے زندہ رہنے کے لئے چند ہفتے دیے تھے۔ وہ کبھی نہیں بتی تھی کہ اسے دل کی تکلیف ہے۔

تین سال بعد بھی وہ زندہ تھی اور اپنے معمولات بخوبی چلا رہی تھی۔ کسی شخص کی موت کی پیشگوئی کرنا پیشہ کے لحاظ سے انتہائی غیر مناسب ہے۔ بوڑھے لوگوں کا بھی زندہ رہنے کا حق ہوتا ہے۔ خاص طور پر اگر وہ ہومیو دوا استعمال کریں تو بڑھاپے میں اور بھی آسانی ہو جاتی ہے۔

صحت کیلئے مرض کا اندرون سے بیرون کی جانب شفا کا اصول بہت قطعی ہے۔ اسے واضح طور پر ثابت کرنے کے لئے ایک اور مثال پیش کروں گی۔ یہ شفا اندرونی اعضاء سے بیرونی اعضاء کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے اس کیس میں مرض نے دل سے شفا شروع کیا اور جلد پر پھوڑے پھنسیوں کی شکل میں زہریلے مادے جلد کی سطح پر آ گئے۔ ایک معالج جو ہومیو پیتھی کا جانتا ہے وہ اس اصول کو بار بار درست پائے گا۔

بلڈ پریشر بعض لوگوں کیلئے اہم ہوتا ہے۔ بیمار دل والوں سے جلد بار سکتے ہیں۔ ان سے ان سے مقویات، وٹامن ٹیبلٹس، منرلز وغیرہ کی ضرورت نہیں۔ بلڈ پریشر بھی کافی حد تک کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح ایک شخص ۷۰ سال کی عمر میں بھی زندگی گزار سکتا ہے بشرطیکہ وہ ہومیو پیتھی کی قابلیت رکھتا ہو اور اس کا ذہانت کے ساتھ اطلاق کر سکتا ہو۔ اس طرح زندگی کی توقعات بڑھائی جا سکتی ہیں۔

(XIII)

سادہ اور گوشت خور پھوڑے

پھوڑے کسی طرح کے ہوں، گوشت خور ہوں یا مہلک، بہر حال وہ ایک حالت سے دوسری صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ ان کے درجے مختلف ہو سکتے ہیں مگر حقیقت میں جدید دور کی مزاند سے پیدا ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات ان کا تعلق گلے کی سوزش، درد، یا ذیابیطس سے ہے۔ یہ بہت پر درد ہوتے ہیں۔ اور اچانک رونما ہو کر مسلسل فصل کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ پھوڑے جراحت اور دوائیہ علاج کی درمیانی کیفیت میں ہوتے ہیں۔ عام طور ویکسی نیشن یا گانیز انجیکشن سے علاج کیے جاتے ہیں۔ عام طور پر یہ علاج طویل ہوتا ہے۔ جس ہمیں افسوس ہوتا ہے۔

پھوڑوں کا جدید علاج پرانٹوسل نامی دوائی ہے۔ ایک بہت مشہور ماہر امراض جلد ناک میں پھوڑا پیدا ہو گیا۔ اس نے اس کو پرانٹوسل کی مسلسل خوراکوں سے درست کر لیا۔ اس اس دوا کو ویکسی نیشن اور دوسری دواؤں سے بہتر قرار دیا مگر ایک کیس پر کوئی فیصلہ کیسے ممکن ہے۔ آخر یہ دوائی بھی تو سلفونامائیڈ سے تیار کردہ ہے۔ جدید ادویات کسی اصول کی بنیاد پر کام نہیں کرتیں۔ میں نے علاج پر مختلف زبانوں میں بہت سی کتابیں دیکھی ہیں، چونکہ وہ کسی اصول اور کی بنیاد سے محروم ہیں، اس لئے ان میں بہت زیادہ اختلاف پایا جاتا ہے۔

میں نے بہت سے پھوڑے پھنسیاں دیکھی ہیں۔ اوپر ذکر کردہ مشہور ماہر امراض جلد کی طرح مجھے خود بھی ان کا کافی تجربہ ہے۔ ۱۸-۱۹۱۴ کی جنگ کے بعد دباؤ اور پریشانی، ناکافی اور ناقص غذا، چکنائی کی قلت اور ناقص چکنائی جسے کوکا بٹر سے نکالا گیا، کے استعمال سے میں خود بھی پھوڑوں کا شکار رہی ہوں۔ ان میں سے کم از کم تین پھوڑے اچھی طرح یاد ہیں۔ میں نے ان ایتھائل کلورائیڈ سے سن کر کے چیرا دیا اور اس کے بعد ہیپر سلف اور سیلیکا کے ذریعے زخموں کو درست کیا۔ اس سے صورت حال کو ٹھیک ہونے میں ایک ہفتہ ہی لگا۔ یہ پھوڑے دوبارہ بھی نہ ہوئے۔ میں اپنے ساتھی ڈاکٹروں کے ریکارڈ کو سامنے رکھ کر کہہ سکتی ہوں کہ میں نے اچھا ہی علاج کیا لیکن میں اپنے ذہن میں پچھتاوا محسوس کرتی ہوں۔ کہ ان دواؤں نے زیادہ اچھا کام نہ کیا۔ اس کے بعد میں نے پھوڑے پھنسیوں کے علاج میں ایک اور طریقہ کار اختیار کیا۔ یہ طریقہ معجزاتی ثابت ہوا۔ یہ طریقہ اتنا موثر رہا کہ کہنا پڑتا ہے ہتھیلی پر سرسوں جمانے والی بات ہے۔

قدرت، اکا دکا نہیں بلکہ بے شمار ہیں۔ ایسے کیسوں میں جہاں علامات مشابہ ہیں تو آرسینک اور تھرابینم کام کر سکتی ہیں۔

اس طرح میرے علاج کی شہرت دور دور تک پھیل گئی۔ مجھے ایک خاتون یاد ہے۔ وہ ہارڈن کی رہنے والی تھی۔ ایلوپیتھ ڈاکٹروں اور دواؤں کے بارے میں بہت کم دلچسپی رکھتی تھی۔ اس طرح وہ قلیل مقدار کی دواؤں سے پھوڑوں پھنسیوں میں افادیت کی قائل تھی۔ جب بھی کوئی موقع ملتا تو وہ ان کو تجویز کرتی۔ اس نے اپنے گھر میں ان دواؤں کا اچھا خاصا سٹاک رکھا ہوا تھا۔

میں اس کے دو کیسوں کا ذکر ضروری خیال کرتی ہوں۔

ایک بار خریداری کے دوران اس نے محسوس کیا کہ کاؤنٹر پر موجود نوجوان بیمار سا لگتا ہے۔ اس کی ٹھوڑی پر پھوڑے کی وجہ سے وہ بہت بدشکل تھا۔ پوچھا تو پتہ چلا کہ یہ پھوڑا ایک ہفتہ سے ہے۔ اس کے پینل ڈاکٹر کچھ نہ کر سکے۔ انہوں نے لگانے کے لئے کچھ لوشن دے رکھے تھے۔ وہ خاندان ہومیوپیتھی دواؤں سے واقف تھا۔ مریض قریب آنے والی رخصت کے پیش نظر سب کچھ کرنے کو تیار تھا تاکہ وہ صحت حاصل کر کے رخصت کا لطف اٹھا سکے۔ بدقسمتی سے یہ ہفتے کی شام تھی اور دوا سوموار سے پہلے مل نہیں سکتی تھی۔ اس دوران پھوڑا تو پھٹ گیا لیکن اس کے قریب دوسرا پھوڑا بن گیا۔ اس طرح اسے ایک ہفتہ مزید درد اور تکلیف کا سامنا نظر آ رہا تھا۔ رخصت سے لطف اٹھانے کی امید بظاہر ختم ہو گئی تھی۔ اسے ہومیو گولیاں دی گئیں، یہ گولیاں دن میں تین مرتبہ لینے کی ہدایت کی گئی۔ تین ہفتے تک اس نے اس بارے میں کوئی رپورٹ نہ دی یہاں تک کہ چھٹی سے واپسی پر اس نے خوشی سے بتایا کہ پہلی ہی خوراک سے پھوڑا خشک ہو گیا تھا اور دوسرے پھوڑے کا رسنا بند ہو گیا۔ اس نے اپنے پروگرام کے مطابق چھٹیاں گزاریں۔ اب ایک سال ہو چکا تھا مزید کوئی پھوڑا پیدا نہ ہوا۔

اس مریض سے بالکل مختلف کہانی ایک نرس کی ہے میں اسے اچھی طرح جانتی تھی ایک سال پہلے اس کے پورے جسم پر پھوڑے پھنسیوں کی فصل اگ آئی۔ وہ علاج کے سلسلہ کی تمام ہدایات کی پوری پابندی کر رہی تھی۔ اس دوران وہ کئی بار اتنی بیمار ہو جاتی کہ کام پر جانے کے قابل نہ رہتی۔ اس طرح اسے زندگی موت کے مقابلے پر مشکل محسوس ہوتی۔ مختلف قسم کے ٹیکے اور ویکسینیشن دیئے گئے۔ ہسپتال اور پرائیوٹ ڈاکٹروں نے پورا زور لگایا۔ مجھے علم نہیں کہ پرانوسیل دی گئی یا نہیں، بہرحال یہ تمام تردد بے فائدہ ثابت ہوا۔ اس کے باوجود وہ امید کرتی ہے کہ وہ بیماری سے کسی وقت نجات پا جائے گی۔ میں اسے ڈاکٹروں کے نرغے سے نہیں نکال سکتی تھی۔ اگرچہ میرا دل چاہتا تھا۔

..خدا کے لئے اس علاج کو چھوڑو اور ایک کوشش کا ہمیں بھی موقع دو...

مگر مجھے پیشہ ورانہ وقار اس کی اجازت نہیں دیتا تھا۔

مارتھا کی مذکورہ بالا خاتون کا دوسرا کیس۔

وہ ایک کیمسٹ کی دوکان پر گئی کاؤنٹر پر کام کرنے والی ایک نرس اپنی گردن کی پشت پر بہت بڑے پھوڑے کی وجہ سے پریشان تھی۔ یہ پھوڑا پلیٹ کے سائز کا تھا۔ اسی طرح کا یہ پھوڑا چھ ماہ پہلے بھی نکلا تھا۔ اس کے اردگرد چھوٹے چھوٹے پھوڑوں کی ایک فصل اگ آئی تھی۔ وہ بیماری کی وجہ سے کام چھوڑنے پر مجبور تھی۔ اس نے اسے ہومیو گولیاں مہیا کیں۔ ہفتے کا دن تھا گیارہ بجے صبح ایک گولی دی گئی کام پر نصف دن کی رخصت تھی۔ اسے اتنی تکلیف تھی کہ کام چھوڑ کر لیٹ گئی تھوڑی دیر بعد دوسری خوراک لی۔

۴ بجے شام سو کر اٹھی تو اتنا اچھا محسوس کر رہی تھی کہ شام ۷ بجے اس نے ٹینس کھیلی۔ پیر تک پھوڑا ختم ہو گیا۔ اس میں سے مواد خارج ہوا اور نہ ہی اسے مزید پریشانی ہوئی۔ وہ اپنی آنکھوں پر یقین نہیں کر سکتی تھی۔ اسے کوئی تکلیف نہ رہی۔

یہ دونوں لڑکیاں اتنی تیز اور مکمل شفا پر بہت خوش تھیں۔

اب سوال ہے اس دوا کے نام کا جس نے ان دونوں مریضوں کو شفا دی اس سے علاج کے اصولوں کی صداقت ثابت ہو جاتی ہے۔

یہ دوائی کیوبا کے مکڑے سے تیار کی جاتی ہے۔ اس کا نام ٹارنتولا کیوبنسس ہے۔ یہ زیر زمین سوراخوں اور اندھیری جگہوں پر پائے جاتے ہیں۔ وہ غیر متوقع طور پر اپنے شکاروں کو ڈس لیتے ہیں۔ اس طرح ایک صحت مند شخص پر یہ گزرتی ہے۔ ہانیمن نے کہا کہ ایک صحت مند شخص کو ڈھونڈ کے لاؤ۔ اس پر دوا کا تجربہ کر کے دوا کے اثرات نوٹ کرو۔ ہانیمن نے حکم دیا کہ آپ دوا کے اثرات اور علامات سے اس تصویر کو مرتب کر لو جو یہ دوا پیدا کر سکتی ہے۔ اور آپ اس طرح کی علامات ایک بیمار شخص میں پائیں گے تو اس کو شفا دے سکتے ہیں۔ اس بنیاد پر دیئے گئے مشورہ کو ہم ہومیوپیتھی کہتے ہیں۔

کیوبا کا یہ مکڑا ایک شخص کو کاٹتا ہے تو ڈنک کے اردگرد چند ہفتوں میں ایک پھوڑا بن جاتا ہے۔ یہ پھوڑا دن بدن خراب تر ہو جاتا ہے۔ اس کا دورانیہ ہفتوں تک بھی ہو سکتا ہے۔ مزید بچوں میں یہ موت کا سبب بھی بن سکتا ہے۔

یہ ایک پھوڑا ہے جو ڈنک کے بعد مواد پیدا کرتا ہے۔ ہانیمن کا مذہب ہے [illegible] مریض کے جسم پر کاربنکل کی شکل کا پھوڑا ہو تو اس مکڑے سے تیار کردہ دوائی دے [illegible]

بیماری سے درست کر دے گی۔ اگر علاج بالمثل کا یہ اصول درست ہے تو یہ پھوڑے کی دوائی سے ٹھیک ہو جائے گا۔

یہ دوائی پھوڑے کو واقعی دور کرتی ہے اور وہ بھی تیزی کے ساتھ اور تکلیف کے بغیر۔ یہ دوائی حفاظتی علامت کے طور پر پھوڑا جہاں نہیں بھی ہوگا۔ تعلق سے نہیں بلکہ جسم میں یہ جاتی ہیں۔ میں نے اس دوا سے بہت سے کیسوں میں شفا حاصل کی ہے۔ میری طرح بہت سے ڈاکٹروں نے جنہوں نے اس دوا کو آزمایا کامیابی حاصل کی ہے۔

یہ ایک بات ہے جس کو پورے طور پر واضح نہیں کیا جا سکتا مگر یہ حقیقت ہے جو دو صدی کے تجربات کے ذریعے ثابت ہوئی۔

ہومیوپیتھی کوئی عقیدہ نہیں جس پر یقین کی ضرورت ہو۔ بچوں اور جانوروں کو یہ بھی علم نہیں کہ ان کو کیا دیا گیا، وہ اس پر اعتقاد بھی نہیں رکھتے قلیل مقدار میں دوا دینا یہ بس ہومیوپیتھی کی صداقت کا واضح ثبوت ہے۔

مکڑے کے کاٹنے سے پھوڑا بنتا ہے اور کسی شخص میں اس طرح کا پھوڑا ہو تو یہ دوا اسے ٹھیک کر دے گی یہی علاج بالمثل کا اصول ہے۔

اس دوا کی طاقت 6-12-30 چند دن میں پھوڑا ختم کر دینے کے لئے کافی ہوں۔

انتھراسینم

کاربنکل بہت بڑھ چکی ہو تو بعض اوقات انتھراسینم درمیانی طاقت میں ضروری ہوتی ہے۔ پھوڑے کا سخت حصوں کے باہر پھیلاؤ اور غدود کی سوجن جس کے ساتھ ناقابل برداشت درد، اس کی رنگت سیاہی مائل نیلی۔ میں نے ایسے دو تین کیسوں میں دیکھا کہ ٹارنٹولا کام نہیں کرتی تو انتھراسینم نے کیس صاف کر دیا۔ اگر آپ کسی کو اس بات پر قائل کرنا چاہتے ہیں کہ ہومیو اصولوں کے مطابق ہومیو دوائیں موثر ہیں تو ٹارنٹولا کیوبنس پھوڑے کے لئے دیں۔ اس سے کوئی مضر اثر نہیں پڑتا۔ پھوڑا دوبارہ پیدا نہیں ہوتا اور مریض اچھا محسوس کرتا ہے۔ آپ امکانی طور پر مزید یہ چاہتے ہوں۔ یہ بہت سادہ ہے مگر دیکھنا یقین کے برابر ہے لیکن افسوس یہ ہے کہ بہت سے لوگ مرتے ہیں۔

خوف اور دباؤ کی دوائیں

عالمی جنگ میں تیاریات ہی میں سب کچھ بدل گیا - پرانی اقدار رخصت ہوئیں نئی نے ذریعہ بنایا - بالکل ایک نئی دنیا کا سامنا تھا - ہمیں خاموشی اور تحمل کا حکم دیا گیا - یہ مشکل مرحلہ تھا - ہمارے اردگرد ہر چیز تباہی کے قریب تھی، کاروبار، تجارت غرض ہر چیز غضب ہو کر رہ گئی - بہت سے لوگ جن پر کافی ذمہ داریاں تھیں وہ غربت کا شکار ہو گئے - میں نے محسوس کیا کہ ان کا خاندانی ڈھانچہ بکھر گیا ہے، والدین بیوی بچوں سے الگ کر دیے گئے - یہ اس سے نہیں کیا گیا تھا کہ انہیں دشمن کا مقابلہ کرنا ہے، کم و بیش سارا انگلستان ہی میدان جنگ بن چکا تھا، مگر پھر بھی بچوں اور خواتین اور ضعیف لوگوں کو محفوظ تر علاقوں میں منتقل کیا گیا - اس سے بہت سے نئے مسائل نے جنم لیا - نئی صورتحال میں مطابقت پیدا کرنا، ہوائی حملوں اور ان سے بچاؤ، چھتوں کی تباہی، دھماکوں، خندقوں اور ریت کی بوریوں کے اہتمام سے بڑھ کر ہمارا دشمن خوف اور بزدلی تھی جو ہمارے دلوں میں چھاؤنی ڈالے ہوئے تھی - اس صورت حال میں اپنے آپ کو ذہنی طور پر دباؤ سے محفوظ رکھ کر ہمت و حوصلہ کو برقرار رکھنا سب سے اہم مسئلہ تھا -

ہومیو علاج خوف کے اثرات کے لئے بہت اچھا علاج ہے، خوف اور ذہنی دباؤ سے پیدا ہونے والی جلن، گھٹن کا احساس، زبان کا تالو کے ساتھ چمٹ جانا، ہاتھوں اور بازوؤں کا لرزنا، یہ سب کچھ گردے کے بالائی غدود کے ابتر ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے -

ہمارے میٹریا میڈیکا میں بہت سی ادویات اضافی طور پر قوت فراہم کرتی ہیں -

میں زیادہ مشہور دواؤں کا تذکرہ کروں گی -

ارجنٹم نائٹریکم

چلبلا پن (بے چینی) اعصابی طور پر کمزور، بلکہ وہ شخص جس کے اعصاب بکھر گئے ہوں، وہ ہمیشہ جلدی میں رہتا ہے، بے چین، جلد باز، خائف، وہ محسوس کرتا ہے کہ اسے دوڑنا یا جلدی سے چلنا چاہیے، وہ کافی تیز نہیں چل سکتا - وہ سوچتا ہے کہ اسے لڑنا چاہیے، وہ سمجھتا ہے کہ تمام دنیا اس کا پیچھا کر رہی ہے، وہ دوڑتا ہے اور دوڑتا ہی چلا جاتا ہے حتیٰ کہ وہ تھک کر گر جاتا ہے - وہ ہمیشہ مایوسی کا پہلو دیکھتا ہے، وہ صدمہ کا سوچ کر ہی بکھر جاتا ہے - یہ خوف اور اندیشہ، ن



[illegible] اندرونی تکالیف کا باعث ہوتے ہیں۔ معدہ میں [illegible] معدہ [illegible] میں [illegible] معدہ کا سرطان ہوتے ہی [illegible] ہیضہ شروع ہو سکتا ہے۔ معدہ [illegible] سے [illegible] ہوتا ہے، [illegible] اوپر کی طرف ہوتا ہے، جس سے [illegible] محسوس ہوتا ہے [illegible] بے چینی، خائف اور جلد باز شخص کو درپیش [illegible] صورت حال [illegible] قابل بنا دے گی۔

جلسی میم

ارجنٹم نائٹریکم سے ملتی جلتی دوا جلسی میم ہے۔

جلسی میم کا مریض خوف و ہراس، ضد اور پر خوف حیرانی کی تصویر ہوتا ہے۔ [illegible] نے اس کی کیفیت بیان کرتے ہوئے لکھا:

"جیسے ایک سپاہی جنگ پر جاتے ہوئے ہیضہ میں مبتلا ہو جاتا ہے، وہ کمزور اور نڈھال بے ہوش، اور تھکا ہوا ہوتا ہے۔ اس کی یہ کیفیت اچانک خوف سے پیدا ہوتی ہے۔ جیسے رات کو ہوائی حملہ کے سائرن کا خوف و صدمہ۔ دل کی دھڑکن بھی صدمہ کے ساتھ تیز ہو جاتی ہے۔ اس میں ذرا بھی ہمت نہیں ہوتی۔ اس کے بازو لرزتے ہیں۔ وہ خاموش [illegible] قریباً مفلوج ہوتا ہے۔ بے چینی اور جلد بازی اور دوڑنے کی کیفیت جو کہ ارجنٹم نائٹریکم کی خصوصیت ہے یہاں نہیں پائی جاتی۔ اس طرح آپ کو دواؤں میں امتیاز کرنا پڑے گا۔

آرسینکم البم

بے چینی اور اضطراب کی ایک اور دوا آرسینکم ہے۔ اس دوا میں بے چینی، اضطراب، خوف، اور نقاہت میں شدت پائی جاتی ہے۔ بعض لوگ اتنے زیادہ مایوس ذہن کے مالک ہوتے ہیں کہ انہیں قنوطی کہنا پڑے گا۔ ان کی زبان پر اکثر اس قسم کے جملے ہوتے ہیں۔

"کچھ کرنے کا کیا فائدہ؟

میں کہاں جا سکتا ہوں؟

میں تو کہیں بھی محفوظ نہیں، اگر میں یہاں رہتا ہوں تو بم یہاں گرے گا اور اگر میں دیہات میں رہتا تو بم میرا پیچھا کرے گا۔"

حد سے زیادہ مضطرب لوگ تنہائی میں ان کی حالت زیادہ خراب ہوتی ہے۔ ایسے لوگوں کو [illegible] ذہنی بے چینی اور خوف کے طوفان [illegible] آرسینکم [illegible] کی ضرورت ہوگی۔

تکلیف میں شدت جسم میں سے زہریلے مادوں کی صفائی کا عمل شروع ہو چکا ہے۔ جیسا [illegible]
دردوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اعصابی علامت اور مختلف نوعیت کے خوف کی علامت [illegible]
کی دھڑکن کی تیزی اب اتنا پریشان نہیں کرتی۔ وہ اتنی بہتر ہوگئی ہے کہ کام پر جا [illegible]
رحم کا سائز نارمل ہے۔ رسولی بھی دوبارہ ظاہر نہیں ہوئی۔ فریسی نس امریکانہ [illegible]
قطرے وراٹرم ایلبم-6 چار چار گھنٹے بعد۔ ستمبر ۳۸ء (پانچ ماہ) تک مریضہ کا کوئی [illegible]
وہ اتنا بہتر محسوس کر رہی تھی کہ اس کے نفسیاتی معالج نے اسے [illegible]
دے کر پینل ڈاکٹرز کے پاس فٹنس سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے بھیج دیا۔
وہ پینل ڈاکٹر کے پاس گئی تو وہ نفسیاتی معالج کے پاس جانے [illegible]
نے کہا کہ خاتون معالج الجھاؤ پیدا کر دیتی ہیں۔ اس نے رحم کا معائنہ کیا تو [illegible]
ماضی میں رسولی کی موجودگی پر یقین کرنے سے انکار کر دیا۔ وہ مقامی ہسپتال میں [illegible]
مانتا ہی نہیں تھا کہ ریشہ دار رسولی بغیر جراحت کے محض دواؤں سے درست ہو سکتی ہے [illegible]
اسے یقین دلایا کہ ایک خاتون سرجن نے ریشہ دار رسولی کی تشخیص کی تھی اور ایک [illegible]
باقاعدہ اس کی تصدیق کی اور اس کے دوائیہ علاج سے اسے درست کرنے کا دعویٰ [illegible]
رسولی موجود نہیں تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ دواؤں سے یہ ختم ہوگئی ہے۔ سرجن نے مذاق [illegible]
اور خاتون مریضہ کو پریشان کیا مگر مریضہ اپنے یقین پر قائم رہی۔ مریضہ پر یہ تمام کیفیات [illegible]
وہ کیسے یقین نہ کرتی۔ ہومیوپیتھی نے شفا کا وعدہ کیا تھا تو اسے پورا کر دکھایا۔
ستمبر ۳۸ء میں مریضہ کو پھر دیکھا۔ رحم نارمل اور رسولی کا کوئی نشان نہیں تھا۔
مگر وہ ابھی مختلف قسم کے خوف میں مبتلا تھی۔ تیز روشنی کا خوف، غلطی کا خوف [illegible]
جھپٹنے کا خوف۔ ان علامات کے لئے اسے سٹرامونیم-200 دی گئی۔ اور اس کے بعد [illegible]
اتنا ہی پتہ چلا کہ وہ پہلے سے زیادہ پر اعتماد ہوگئی، وہ اعصابی تکالیف کا کم ہی شکار ہوتی تھی۔
ہومیو نقطہ نظر سے یہ ایک انتہائی شاندار کیس ہے۔ ایک معروف گائنی سرجن نے تشخیص
کی اور شفا کے بعد ایک سرجن نے رسولی ختم ہونے کی تصدیق کی۔
ہومیو علاج آپریشن سے بچا سکتا ہے۔ یہاں تک کہ رسولی بھی ختم کر سکتا ہے [illegible]
صرف یہ ہے کہ دوا صحیح دی جائے۔ اس بارے میں مجھے مزید قائل کرنے کی ضرورت نہیں۔ عام
لوگ اور عام ڈاکٹر حقائق نہ مانیں میرا کام علاج کرنا ہے قائل کرنا نہیں۔
اس لڑکی کا تین سال نفسیاتی علاج ہوا اور اسے کوئی فرق نہیں تھا۔ اس کی اعصابی
کیفیت، دل کی تیز دھڑکن بے خوابی، کام کرنے سے معذوری، ہومیوپیتھی علاج تک برقرار رہی

ایکونائٹ

ایکونائٹ میں بھی خوف کی بہت سی علامات ہیں۔ مریض ہجوم میں بہت خوف زدہ، کے ساتھ میل جول سے گریز کرے گا۔ بس سٹاپ، ریلوے سٹیشن کی طرح کے پبلک مقامات سے خوف، بے چینی اور اضطراب سے بھرا ہوا اندھیرے سے، اور تاریک کمروں سے خوف، بلیک آؤٹ، تاریک کمروں اور تاریک گلیوں سے ڈرتا ہے۔ اچانک دل پر اٹیک ہوتا ہے، سے دھڑکن شدید ہو گی، دل ڈرے گا۔ جب کہ ارجنٹم نائٹریکم اور ... پیٹ پر ملتی ہیں، پیش گوئی کرے گا کہ اگلا بم اس پر گرے گا۔ وہ موت کے وقت کی پیش گوئی کرتا ہے۔ یہ خوف اس کے دل و دماغ پر حاوی ہو جاتا ہے۔ اس سے اس کی نیند اور چین ختم ہو جاتا ہے اور بے چینی اس کے مزاج کا حصہ بن جاتی ہے۔

اگنیشیا

خوف کے لئے ایک اور شاندار دوا اگنیشیا ہے۔ اس کا مریض ہسٹریائی مزاج کا ہوتا ہے۔ یہ مریض معمولی اشتعال سے بے ہوش ہو جاتا ہے۔ عزیز ترین مرد رشتہ دار کے بازوؤں میں تحفظ کے لئے گر جاتا ہے۔ وہ پھڑکنوں اور جھٹکوں سے بھرپور غم سے بھرا ہوا اس کا خاوند باہر ہے، وہ ہمیشہ ٹھنڈی آہیں بھرتی رہتی ہے، پیٹ اور معدے میں خالی پن کا احساس کانپنے اور لرزنے کے ساتھ وہ مسلسل آہیں بھرتی ہے اپنے بیٹے کو الوداع کہہ کر یا خاوند کی حقارت سے مغموم ہے۔ وہ ہر وقت چھوٹی چھوٹی باتوں سے ڈرتی ہے۔ اگنیشیا، غم کے جذبات دبانے کے نتیجہ میں ہونے والے اثرات کا بہترین علاج ہے۔ وہ محسوس کرتا ہے کہ اس کا عزیز اسے چھوڑ گیا ہے اور وہ دنیا میں جھوٹ گند اور فریب کے مقابلے کے لئے اکیلا رہ گیا ہے۔ وہ خشک، اور جلتی ہوئی آنکھوں کے ساتھ وقت کا سامنا کرنے کے لئے رہ جاتا ہے اور اسے یقین نہیں ہوتا کہ اس کا پیارا اسے چھوڑ گیا ہے۔

(XV)

چوٹ اور زخم کی دوائیں

آرنیکا

آرنیکا کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ یہ دوا چوٹ اور زخم میں بہترین کام کرتی ہے۔ یہ چوٹ یا زخم گرنے، دھماکے، صدمے یا کسی بھی چیز سے ہو آرنیکا بہترین کام کرتی ہے۔ ہڈیوں کی ٹوٹ پھوٹ، یا جوڑ کا ہل جانا، آرنیکا زبردست معاون ہے۔

ہوائی حملوں کے دوران ایک حفاظتی کارکن اپنی کہنی کے علاج کے لیے آیا۔۔۔ پٹرول بم کے شدید دھماکے سے اس کا بایاں بازو اور کہنی تقریباً مفلوج ہو چکی تھی۔ آرنیکا لوشن بیرونی طور پر لگائی گئی اور آرنیکا 30 چار چار گھنٹے بعد کھانے کے لیے دی گئی۔ اس کی معذوری اور درد چند گھنٹوں میں ختم ہو گئی۔ دو دن بعد وہ بازو آسانی سے بلند کر سکتا تھا۔ وہ اس علاج سے بہت خوش ہوا اور اس نے اپنے بہت سے ساتھیوں کو علاج کے لیے بھیجا۔

آج کل ہوائی حملے تو قصہ ماضی بن گئے ہیں مگر ہمارے اردگرد خوف سے پیدا ہونے والے عوارض میں مبتلا لوگ بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ دراصل یہ کمزور اور نازک مزاج ہوتے ہیں۔ ان کی اعصابی علامات کی تفصیل اوپر درج کی گئی ہے۔ ان علامات کے مطابق دوا دی جائے تو وہ بہر حال ٹھیک ہو جائیں گیں۔

رسٹاکس

ویٹ لفٹنگ کے نتیجے میں عضلات کے کھنچاؤ میں رسٹاکس کو یاد رکھیں: پانی میں ۔۔۔ چار چار گھنٹے بعد۔ تمام سختی اور درد ختم ہو جائے گا۔ یہ دوا آپکو مایوس نہیں کرے گی۔

کیلنڈولا

بارودی دھماکوں کے نتیجے میں آنے والے زخم کافی خطرناک ہوتے تھے۔ یہ زخم پھٹے ہوئے ہوتے اور مٹی سے آلودہ بھی۔ ان کے خراب ہونے کے امکانات بہت قوی ہوتے ۔۔۔ کیلنڈولا کی مدر ٹنکچر سے ۔۔۔ اس کی پٹیاں لگائیں۔ کیلنڈولا کو ہمیشہ یاد رکھیں۔

قطرے پانی میں ملا لیں۔ اور پٹی کو اس سے تر رکھیں۔ اس سے زخم کی سطح صاف ہو جائے گی،
خراب ہونے سے بچ جائے گی۔ کیلنڈولا 6 دن میں چار بار دیتے رہیں۔

اگر زخم پہلے سے خراب ہو چکا ہے تو ہائپیریکم کا مدر ٹنکچر لگائیں۔ اور اس کی 6 طاقت
دیتے رہیں۔ کٹے ہوئے عضلات تیزی سے درست ہو جائیں گے۔ اپنا وقت آیوڈین کے
استعمال میں ضائع نہ کریں۔ کیلنڈولا ہائپیریکم سے زخم کو دھونا بورک سے کہیں بہتر ہے۔
پھٹی ہوئی آنکھوں کی صورت یا آنکھوں میں کنکر ہو تو کیلنڈولا بہتر کام کرتا ہے۔

جلے ہوئے زخم خواہ کتنے ہی شدید ہوں ان کے لئے آرٹیکا یورنز مدر ٹنکچر بیرونی
استعمال کے لئے بہت موثر ہے ابتدائی صدمہ اور درد کے لئے کاسٹیکم کی 6 طاقت پندرہ سے
تیس منٹ کے وقفہ سے استعمال کریں۔ جلنے سے گہرے زخم ہوں تو کیلنڈولا لوشن ورنہ
لوشن سے زخم اور درد حیران کن طور پر تیزی سے درست ہو جائے گا۔

اس مرکز صحت پر کام کرنے والی نرسیں اس طریقہ علاج کے اچھے نتائج پر بہت خوش
اور پرجوش تھیں اور میں بھی اتنا ہی مطمئن و مسرور تھی۔ میں اپنی ابتدائی پریکٹس میں سڑاند روکنے
کے لئے اینٹی سیپٹک دواؤں سے پٹیاں کرتی تھی مگر کبھی ایسے نتائج حاصل نہیں کر سکی۔ اس کے
لئے ہمت اور عزم کی ضرورت ہے کیونکہ آپ کو مسلمہ طریقوں کے خلاف کام کرنا پڑتا ہے
آخرکار نتائج آپ کو خود ہی اس طریقے کے عادی بنا دیں گے۔

(XVI)

آشوب چشم کا ایک کیس

طب الہامی فن ہے۔ یہ لوگوں کو صحت دینے کے لیے ہے۔ حضرت مسیح سے [illegible] سال پہلے عظیم یونانی مفکر اور معالج ہپوکریٹس نے ڈاکٹروں کے لیے جو حلف مرتب کیا تھا۔ اس میں عہد تھا کہ وہ اپنی صلاحیت اور بصیرت کے مطابق بیمار کی بہتری کے لیے کام کرے گا۔ یہاں بہتری سے مراد ڈرگ ہاؤسوں، ویکسین، اور انجیکشن تیار کرنے والی کمپنیوں کے مفادات کی تکمیل نہیں۔ یہ لوگ تو پیشہ طب کو اپنے مفادات میں جکڑے ہوئے ہیں، البتہ ان میں چند مستثنیات ہو سکتی ہیں۔ جو سچ کے متلاشی رہتے ہیں۔ سچ کا سرچشمہ ہانیمن اور ان کے اولین شاگردوں کو نظر آیا۔

اگر گرد سے اٹی ہوئی ان پرانی کتابوں میں عقل و صداقت کے انمول موتی مل جائیں تو بڑی خوشی کی بات ہوگی۔ ان کی مدد سے انسان کے مقدس جسم و روح کو حقیقی معنوں میں شفا دی جا سکے، ایسا جسم جس پر اپنا ہی نہیں اپنے آباؤ اجداد کے گناہوں کا بھی بوجھ ہے۔

ایسی مزمن امراض کا علاج مشکل ہے۔ امراض کو دبا دینا آسان ہے۔ ڈھانپ اور چھپا دینا سہولت سے ہو سکتا ہے۔ اس غرض کے لئے جدید طریقہ علاج بہت موثر ہے۔ مگر اصل مرض جڑ در تہ میں موجود رہتی ہے۔ اور یہ جسم کے کسی بھی حصے سے بار بار پھوٹ نکلے گی۔ مریض اور معالج دونوں ان کے باہم تعلق کو محسوس نہیں کریں گے۔ میں نے ایک بچی دیکھی جو گہری مزمن مرض میں مبتلا تھی اور چھ سال سے اپنی پیش رفت کو روکے ہوئے تھی۔ پہلی بار وہ میرے پاس چھ سال کی عمر میں مئی ۱۹۳۲ء میں آئی۔ وہ جلدی سوزش میں مبتلا ہوئی۔ اسے یہ تکلیف چیچک کے بعد شروع ہوئی تھی۔ ابتداء میں خارش کا علاج مروجہ طریقہ سے ہوا۔

یہ ایک قابل رحم، زرد رو، جھکے ہوئے کندھے، بہت نازک، خائف، معمولی بات پر چیخنے چلانے والی، اپنی ماں کے سکرٹ کے ساتھ چمٹی رہتی، منہ سے سانس لیتی ہے، اس کے ناسور نما [illegible] آشوب چشم میں مبتلا ہے۔

خارش اور چیچک کے بعد کے اثرات کے لئے [صفحہ 30] دی گئی۔ وہ حالت میں باقاعدہ [illegible] مختلف [illegible] میں دی گئیں پلساٹیلا اس کے نازک اور رونے والے مزاج اور بعد میں [illegible] 30 [illegible] دی گئی۔ [illegible] اس کے اچھیوں سے خائف ہونے کی وجہ سے دی گئی۔

اس دوران اس کی بھوک بہتر ہوئی۔ اس کی نازک مزاجی اور بہت سے پن میں فرق ہوا وہ ... تھی۔ اس طرح اس کے گھر والوں پر ٹانسلز کے آپریشن کے لیے دباؤ کم ہوا۔

میں نے نوٹ کیا کہ آنکھوں کی حالت دن بدن خراب ہو رہی ہے۔ روشنی سے حساس ہے۔ آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے۔ مزید تحقیق کے لیے میں نے اسے آنکھوں کے مقامی ہسپتال میں بھیج دیا۔ انہوں نے بتایا کہ پتلیاں مناسب طور پر پھیل نہیں سکتیں ... کے پیچھے گہرائی میں ایک جڑاؤ بن چکا ہے جو رنگ دار جھلی کو آنکھ کی اندرونی دیوار کے ساتھ جوڑے رکھتا ہے۔

آنکھ کی اس تشخیص سے میرے لیے دوا واضح ہوئی۔ یہ دوا لیوئینم 30 تھی۔ ... والے مریض کے ٹانسلز کے بارے میں بہت سنجیدہ تھے۔ لیوئینم کی ایک خوراک ہفتہ اور بعض اوقات پندرہ روز کے بعد دی گئی۔ آنکھوں سے پانی کے بہاؤ اور تناؤ میں کمی واقع ہوئی۔

میں ٹانسلز میں آپریشن کے مشورہ کی تائید نہیں کر سکتی تھی مگر مشکل یہ تھی کہ جب ... والے آپریشن کے لیے جنگی بنیادوں پر مہم چلائیں تو آپریشن سے بچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس طرح بچی کو دو بار ہسپتال کے چلڈرن وارڈ میں بھیجا گیا۔ پہلی بار وہ پانچ دن داخل رہی۔ اس دوران مسلسل بیمار رہی۔ اسے مسلسل قے کی وجہ اس کا ہسپتال اور آپریشن سے خوف تھا۔ اس صورت حال میں اسے بغیر آپریشن کے فارغ کر دیا گیا۔ دوسری بار اسے داخل کیا گیا۔ تو اسے ... نالیوں کی سوزش نے آ لیا۔ اس طرح وہ آپریشن سے بچ گئی۔

اس کی عام صحت بہتر ہوئی اگرچہ وہ دیکھ نہیں سکتی تھی کیوں کہ اس کی آنکھ کے قرنیہ ... السر تھا۔ اس کے علاوہ وہ روشنی سے بہت حساس تھی۔ پانی مسلسل بہتا رہتا۔ میں نے آنکھوں کے ہسپتال سے اس کے لیے رنگین شیشے طلب کیے۔ مگر انہوں نے تعاون نہ کیا۔ دراصل وہ ٹانسلز کے آپریشن کے لیے پریشان تھے۔

مریض اس قدر نازک اور پریشان تھی کہ آپریشن ممکن نہ تھا۔ ستمبر ۱۹۳۵ء میں اسے کھانسی کی شکایت ہوئی۔ کئی ہفتے تک وہ مقامی ڈاکٹر کے زیر علاج رہی۔ ۳۔اکتوبر کو بیماری ... آئی۔ وہ مشکل سے رینگ کر ڈسپنسری میں پہنچی۔ ۲ ہفتے سے گھر پر علاج ہو رہا تھا۔ بخار ۱۰۰ ... تھا۔ اسے ڈروسیرا 30 دی گئی۔ ڈروسیرا سے وہ کافی ٹھیک ہوئی۔ ڈروسیرا کی خوراک کا ۲۰ ... ۱۲ دسمبر اور ۹ جنوری کو اعادہ کیا گیا۔

۳۰ جنوری ۱۹۳۶ء کو اسے ہسپتال میں رکھ کر اس کے ٹانسلز کا آپریشن کیا گیا۔ ... کے حلق میں شدید سوزش پیدا ہوئی۔ آنکھوں سے پانی بہنے میں شدت پیدا ہوئی اور ...

[illegible] بھی خراب ہوئی۔ ظاہر ہے کہ [illegible] میں پہنچے ہوئے جرثومے [illegible] پیشن [illegible]
[illegible] ڈاکٹر نے اسے ماہر امراض چشم کے پاس بھیجا [illegible] خون [illegible]
[illegible] کا مشورہ دیا گیا۔ بچی کی خوش قسمتی تھی کہ والدین نے یہ مشورہ [illegible]
مریض کا سکول کے حکام کی طرف سے مسلسل [illegible]
[illegible] مجھ پر تھی۔ میں نے اسے آنکھوں کے ہومیو ہسپتال بھیج دیا۔ جہاں انہوں نے [illegible]
[illegible] تجویز کیے۔ اس طرح وہ آنسوؤں سے نجات پا گئی اور گلٹیوں میں چھپے [illegible]

۳۱ مئی ۱۹۳۶ء

اسے [illegible] پس منظر کی وجہ سے [illegible] سلف 30 دی گئی۔ اسے [illegible]
[illegible] شمال مشرقی طوفان سے [illegible]
[illegible] نے دیکھا کہ دو سال کے علاج نے اس کے [illegible] مزاج [illegible]

[illegible] ستمبر ۱۹۳۶ء اسے گاہے بگاہے ہیپر سلف 30 دی [illegible]
[illegible] بہت حساس [illegible] سختی [illegible] تکلیف دہ تھیں [illegible]
[illegible] 30 دی گئی۔ [illegible] گھٹنے کے جوڑ کی سوزش [illegible]

۱۸ اکتوبر ۳۶ء

[illegible] ہفتہ بائیں [illegible] ایک تہائی بڑا محسوس ہوتا تھا [illegible]
[illegible] کا وزن ۱۱ پونڈ بڑھ چکا تھا۔

۴ جنوری ۱۹۳۷ء

دایاں گھٹنا ابھی تک سخت اور سوجا ہوا تھا۔ [illegible] 30۔ [illegible]
[illegible] ڈاکٹر نے دیکھا وہ اس کا جسمانی معذوری [illegible]
[illegible] علاج کے لیے ہسپتال میں داخل کرنے کا فیصلہ کیا [illegible]
[illegible] بھیج دیا۔ [illegible] ہڈی کا [illegible]

[illegible] 30 دی گئی جس سے گھٹنے [illegible] ہوئی۔
[illegible] میں ہومیو ہسپتال کے آنکھوں کے [illegible]
[illegible] تجویز کیں۔

[illegible] ۱۹۳۷ء

[illegible] میں درد نہیں تھا مگر وہ ابھی تک سوجا ہوا تھا۔ [illegible]

زیادہ تھا۔ وہ سب سردی کا بہتر طور پر مقابلہ کر سکتی تھی۔ میڈورینم 30

۱۷ جون ۱۹۳۰ء

تمام جسم پر پھوڑے۔ رنگ کے مسے پیدا ہو گئے۔ جلدی خارش سطح پر آ گئی۔ ...

اسے باہر کی طرف پھینک دیا۔ تھوجا 30 دی گئی جس کے بعد ... یہ تکلیف ... میں

۱۲ جولائی

ابھی تک بہت زرد، چہرے کے بل سو جاتی ہے، یہ خارش مزاج کی ... بد

مزمت ہے۔ میڈورینم 30

۲ ستمبر ۳۰

آنکھوں میں روشنی سے حساسیت اور دائیں ٹخنے میں سوزش ختم ہو گئی۔ ...

سوجن اور درد، جوتا باندھ نہیں سکتی تھی۔ دایاں بازو کمزور ... تھا۔

۱۶ ستمبر

دائیں ٹخنے اور پاؤں میں سختی، چلنے پر تکلیف میں شدت۔ رسٹاکس 30 ...

ہے۔

۳۰ ستمبر

ٹخنے کی سوزش میں کمی اور درد ختم، رسٹاکس بدستور۔

۱۷ اکتوبر

آنکھیں، تیز روشنی کا سامنا کر سکتی تھیں۔ آنکھوں میں پانی بہنا بند ہو گیا۔ خوف،

پریشانی اور بے دلی طبیعت میں سکون تھا۔ تکلیف دائیں سے بائیں منتقل ہوئی۔ اس وجہ سے

لائیکوپوڈیم 30 دی گئی۔)

۴ نومبر ۱۹۳۷ء

ٹانگ میں درد نہیں مگر چلنے میں سختی محسوس ہوتی، وہ اجنبیوں کو پسند نہیں کرتی۔

کسی کی چیزوں میں دلچسپی بڑھ گئی ہے۔ لائیکوپوڈیم بدستور۔

۲۵ نومبر ۱۹۳۰ء

سول کے ایک اور نام نہاد سپیشلسٹ نے دیکھا اس نے جوڑوں کا مرض تشخیص ...

نے قرار دیا۔ دل کا زخم ٹھیک ہو چکا ہے۔ (اس نے یہ فنڈنگ سابقہ پوزیشن اور ٹیسٹ ...

دیکھے بغیر دی) ایک بار پھر میں نے اسے جوڑوں کے ایک دوسرے ہسپتال میں جانے

دیا۔

۲ دسمبر ۱۹۳۷ء

ابھی تک بہت زرد، اڑھائی سال میں وزن ۱۸ پونڈ اضافہ۔ بیسل سائیکونٹ 30

۱۰ فروری

بہتر محسوس کرتی، کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہوتا تھا۔ 30 اس سے بعد [illegible]

چھینکیں ناک سے بہاؤ۔

۱۰ مارچ ۱۹۳۸ء

اس کی ماں نے بتایا کہ آنکھوں کی خرابی ۱۹۳۴ء میں چیچک سے بعد [illegible]

بیماری سے درست ثابت ہوا۔ چونکہ اسے چنائی اور پیز سے [illegible]

پلساٹیلا-30 دی گئی۔

۱۳ مارچ ۱۹۳۸ء

بہت اچھی پیش رفت، ہیضہ ختم ہو گیا۔ اب پیز اور چنائی ختم ہو نے لگی۔ [illegible]

سخت نہیں رہا۔ اس کی سوزش ختم ہو گئی۔ اب سکول میں وہ بہتر پوزیشن میں تھی۔

۱۲ جولائی ۱۹۳۸ء

گھٹنے اور ٹخنے کی سختی کئی ہفتے سے ختم تھی۔

اپریل ۱۹۳۸ء کے بعد وزن میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔ بیسل سائیکونٹ 30، [illegible]

بہت زرد تھی۔

یکم ستمبر ۱۹۳۸ء

۳ سال کے عرصہ میں پہلا اگست اچھا گزرا۔ آنکھیں بہتر ہو رہی تھیں۔ [illegible]

پاؤں میں اب کوئی تکلیف نہیں تھی۔ ایک سال میں وزن میں ۹ پونڈ کا اضافہ۔ بیسل سائیکونٹ

30۔ سکول حکام نے لندن سے ڈاکٹر چرچ بھیج دیا۔ یہ اقدام [illegible] سے پیش نظر [illegible]

۱۲ اکتوبر کو واپس آئی، ایک مہینہ وہاں رہ کر آئی ۲ پونڈ وزن [illegible] طبیعت ابھی بہت

[illegible] تھی۔ گھر والوں سے اور دوائی سے نفرت۔ بیسل سائیکونٹ-30

۱۱۳ اکتوبر ۱۹۳۸ء

واپس گھر آنے کے بعد ایک ہفتہ میں اڑھائی پونڈ وزن کا اضافہ ہوا۔ [illegible]

[illegible] وہ پیش سے کتنی حساس اور گھر سے کتنی وابستہ تھی۔ بیسل سائیکونٹ-30 [illegible]

حالت بہتر ہوئی۔

۱۶ فروری ۱۹۳۹ء

سال میں ۱۱ پونڈ وزن کا اضافہ آنکھوں میں کوئی خاص تکلیف نہیں تھی۔ وہ بینائی سے بالکل محروم تھی مگر اب آسانی کے ساتھ پڑھ سکتی ہے۔

۲۲ جون ۱۹۳۹ء

دائیں گھٹنے اور پاؤں میں کوئی تکلیف نہیں، نظر بہتر ہو رہی ہے۔ جیسل ما یونٹ 30۔

اس کے بعد جنگ شروع ہوئی اور وہ دیکھنے میں نہ آئی۔ البتہ ۱۱ جنوری ۱۹۴۰ء دو دیں: اس کے گھٹنے یا پاؤں میں کوئی سوجن نہیں تھی۔ نظر آہستہ آہستہ مسلسل بہتر ہو رہی تھی۔ وزن ۹۰ پونڈ تھا جو کہ بالکل نارمل ہو گیا تھا۔ اب ساڑھے گیارہ سال عمر، اب وہ ایک عام سکول میں جا رہی تھی۔ اس کے سکول کے حالات خوب تھے۔

۲ مئی ۱۹۴۰ء کو آنکھوں کے سرجن نے دیکھا تو عام صحت بہت بہتر تھی۔ نظر ٹھیک بہ قرنیہ پر کچھ جالا سا تھا۔

۵ سال سے یہ مریضہ میرے زیر علاج تھی۔ دوران گفتگو خاندانی ہسٹری کا یہ دلچسپ پہلو سامنے آیا۔ اس کے دادا کی موت گرنے سے واقع ہوئی۔ اس کی ماں سے سنا تھا کہ وہ جوڑوں کے پٹھوں کے عدم توازن کا شکار تھا۔ یہ وہ تعلق تھا جس کی مجھے تلاش تھی۔ اس وجہ سے بچی پیدائش سے ہی تقریباً اندھے اور سوکھے پن میں مبتلا تھی۔ اس صورت میں تیز اور گہری ایلوپیتھی دواؤں کی ضرورت نہ تھی۔ قلیل خوراکیں دی گئیں اندھا پن ختم ہو گیا۔ اگرچہ اس کی نظر مکمل طور بحال نہ ہوئی۔ سالوں پرانی مرض کس طرح ٹھیک ہوتی۔ ہومیو علاج سے گہری سوزشی شکایات اوپر سے نیچے اور اندر سے باہر کی طرف جاتی ہیں۔

شدید قسم کی گہری سوزش آنکھ جیسے اندرونی عضو میں شروع ہوئی جو کہ بعد میں سوجن میں بدل گئی۔ پھر کم اہم اعضاء میں دائیں گھٹنے کے جوڑ میں پہنچی۔ بعد ازاں یہ درد ٹخنے میں آ گئی۔ اس دوران عام صحت بہتر ہوتی گئی۔ نفسیاتی کیفیات میں بھی بہتری آئی۔ غیر مستحکم اور نازک مزاج میں فرق پڑا اور سیکھنے کی صلاحیت بہتر ہوئی۔ ہومیوپیتھی کا یہ کمال ہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ نقلی امراض میں اکثر ہومیو معالج بھی علاج سے گریز کرتے ہیں۔ ان کا یہ خیال ہے کہ ایسے امراض میں ایلوپیتھی علاج کرنا چاہیے۔ اس کے لیے آرسینک اور بسمتھ سالٹس استعمال کرائے جاتے ہیں۔ اس کیس سے ثابت ہوتا ہے کہ سفلس یا کوئی ایسا مرض جو بہت گہرا اور شدید ہو، وہ بھی ٹھیک ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے کسی ٹیکے کی ضرورت ہے اور نہ ہی بے آرامی کا کوئی موقع آتا ہے۔

ایک مزید پیش رفت ہوئی۔ جون ۴۰ کے شروع میں سکول کے ڈاکٹر نے پھر سے اس

چہرے پر پھنسیاں نوٹ کیں۔ یہ بہت تیزی سے پھیلیں۔ جب میں نے دیکھا تو اس کی بائیں جانب پوری طرح پھنسیوں کی زد میں تھی۔ یہ پھنسیاں ناک اور ٹھوڑی تک پھیل گئیں۔ ان کی شکل داد جیسی تھی۔ معلوم ہوا کہ اس کی وجہ گھر میں بلی کے بال تھے۔ داد کا دو ہفتے تک علاج ہوا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ پھر مجھے بیسی لینم دینا پڑی لیکن یہ دوائی میرے پاس موجود نہ تھی۔ چنانچہ میں نے ٹیوبرکولینم 30 دی۔ اس کی ایک خوراک داد کو ختم کرنے کے لیے کافی ہوئی۔ پھر میں نے یہ دوائی ایک ہفتہ تک مسلسل کروائی۔ اس کے بعد چہرہ صاف ہو گیا، داد کا کوئی نشان نہیں تھا۔ بچی آسانی سے پڑھ سکتی تھی کہ باریک تحریریں پڑھ لینا بھی اس کے لیے مشکل نہ تھا۔

یقیناً ایسا دن آئے گا کہ جب ہومیوپیتھی کی تعلیم کا سرکاری سطح پر اہتمام کیا جائے گا اور دماغی امراض اور خرابی صحت پر قابو پالیا جائے گا۔

ہومیو علاج اور جلدی امراض

۱۸ جون ۱۹۳۵ کو مزدور طبقہ کی ایک خاتون اپنی سات سالہ بچی کو لے کر آئی۔ اس کے چہرے پر پھنسیاں تھیں۔ وہ عمر سے بڑی لگتی تھی۔ اس کے چہرے پر سیاہ رنگ کی مرہم کی تہ چڑھی ہوئی تھی۔ میں نے پوچھا کہ کیا علاج کے لئے لائی گئی ہے۔ اس کی ماں نے جواب دیا کہ وہ ایک مشہور جلدی ہسپتال سے علاج کروا رہی ہے۔ اس کے بعد تمام بند ٹوٹ گئے اور لڑکی اور اس کی ماں رونے لگے۔

وہ رو کر اپنا دل ہلکا کر چکے تو اس نے بتایا کہ جلدی مرض پانچ ماہ کی عمر میں شروع ہوا تھا کہ مسلسل ہے۔ اس عرصہ میں اس نے قرب و جوار کے تمام ہسپتال آزما لئے ہیں۔ ان میں تین بڑے ہسپتال بھی شامل ہیں جن کے ساتھ میڈیکل سکول بھی ہیں۔ جلدی امراض کے خصوصی ہسپتال بھی اس نے نہیں چھوڑے۔ شمسی شعاعی علاج کے علاوہ وہ علاج کی غرض سے مہینوں تک ساحل سمندر پر گزار چکی ہے۔ پچھلے ہفتے ماہر امراض جلد نے کہا کہ یہ مرض عمر بھر رہے گی۔ اس کا کوئی علاج نہیں ہمیشہ علاج کرنا پڑے گا۔ کوئی نہ کوئی مرہم مستقلاً لگانا ہو گی۔ سوال یہ ہے کہ کس مقصد کے لئے؟ کول تار کی طرح کی بدرنگ اور بدبودار مرہم لگانے کا کوئی فائدہ۔ ہونٹ اور کان کی پشت پر اس کی موٹی تہ چڑھائی جائے تو آخر کس لئے؟ عمر بھر دوا کرنے کو علاج کہنا عجب سی بات ہے۔ یہ بیماری کو دائمی کرنے کے علاوہ کیا ہے۔

حیران کن بات یہ ہے کہ آخر کیوں۔

میں تو ایسی پھنسیوں کی پرواہ بھی نہیں کرتی۔ اس سے اس کی شکل و شباہت میں بھی کوئی خاص فرق نہیں ہوتا تھا۔ البتہ کول تار کی سیاہ مرہم نے اسے بدصورت بنانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی۔

مریضہ کو اب اس عمر میں اپنی شباہت کا شعور ہو چکا ہے۔ اسے سکول میں بدشکلی کی وجہ سے زچ کیے جانے کا احساس ہوا۔ اس طرح اب وہ اپنی بیماری سے بے حد پریشان تھی۔ اس کی پریشانی کا لحاظ کرتے ہوئے میں نے علاج کی پیشکش کر دی۔ بشرطیکہ کافی عرصہ یہ علاج کیا جائے۔ میری یہ پیشکش شاید عملی لحاظ سے جلد بازی میں تھی۔

اس کی ماں کو یقین نہیں آ رہا تھا کہ آیا وہ صحت یاب ہو سکتی ہے مگر اس کے باوجود

بدن کا موقع دینے پر آمادہ تھی۔

لڑکی موٹی اور مضبوط تھی۔ زرد رنگت، لیس دار جلد، منہ کے گرد ایک گول چھلے دار پھنسی اسی طرح کی ایک پھنسی کہنیوں اور گھٹنوں کی پشت پر تھی۔ یہ سب خراش دار تھیں اور ان سے خون رستا تھا۔ یہ گریفائٹس کی مخصوص خارش تھی۔ ۲۰ جون کو گریفائٹس-30 دی گئی اور ہر قسم کی مرہموں کا استعمال منع کر دیا۔

۲۷ جون کو خون رسنا بند ہو گیا، البتہ رات کو سوزش زیادہ ہو جاتی۔

۴ جولائی۔

